اس لئے انہوں نے بلوچی متھ کے رومانوی کردار شئے مرید کو مخاطب کرتے ہوئے کہا۔

بیا او مرید بیا او مرید
بیا بیا کہ دیوانے کنوں
تو پہ گلیں حال زرے
من پہ وطن جانانگیں

بلوچ تحریک کے ابتدائی دنوں کا ذکر کرتے ہوئے میر گل خان نے بتایا کہ وہ میر غوث بخش بزنجو اور عبدالکریم شورش مشن روڈ کے اسٹینڈرڈ ہوٹل میں مقیم تھے تینوں کو بخار ہوگیا ہمارے پاس پیسے بھی نہیں تھے اور اسپرو کی گولی بھی ایک تھی اس لئے ہم نے فیصلہ کیا کہ گولی عبدالکریم شورش کھائے۔

میر صاحب نے اپنی زندگی ''لیلائے بلوچستان'' پروار دی تھی اس لئے مکران کی نظامت کے سوا وہ ہمیشہ تنگ دست رہے جیل سے رہائی کے بعد وہ ریلوے سوسائٹی کے ایک چھوٹے سے مکان میں مقیم رہے ان کے داماد نامدار سلطان خان کے فرزند آغا عبدالظاہر نے میر صاحب کی آخری عمر میں اتنی خدمت کی کہ میر صاحب کے بقول شکریہ کیلئے الفاظ ناپید ہیں ان کی اولاد نرینہ نہیں تھی یہ کمی آغا صاحب نے پوری کر دی تھی۔

سماجی مرتبے کے لحاظ سے میر صاحب کی شخصیت بلند تھی لیکن سیاسی حوالے سے وہ دوسرے کیڈر میں رہے کیونکہ وہ شاعر تھے اور دوسرے ہم عمر رہنماؤں کی طرح زیادہ سفر اور پبلک ریلیشنز پر یقین نہیں رکھتے تھے انہوں نے مارشل لاء حکومت کی حمایت کیوں کی؟ یہ ایک راز ہے چونکہ ان کی دوستی میر مہر اللہ خان مینگل اور میر گوہر خان زرکزئی سے تھی اور یہ لوگ گورنر رحیم الدین خان سے ملتے رہتے تھے غالباً انہی کے کہنے پر میر صاحب نے مارشل لاء کی حمایت کی پی این پی سے نکل جانے کے بعد انہوں نے سیاست کو خیر باد کہہ دیا اور صاحب فراش ہوگئے انہوں نے راقم کو بتایا کہ جوانی میں ان کے پھیپھڑوں میں کبھی کبھار پانی بھر جاتا تھا آخر کار اسی مرض نے کینسر کی شکل اختیار کر لی اور وہ کراچی کے مڈایسٹ ہسپتال میں اس دار فانی سے کوچ کر گئے۔

میر گل خان کی موت سے بلوچستان کی سیاسی تاریخ کا ایک اہم باب بند ہوگیا۔ جبکہ خود اس کی سیاست نے ایسا رخ تبدیل کیا جیسے دریا اپنا رخ بدلتے ہیں۔ میر گل خان کی ۶۰ سالہ جدوجہد کا کوئی ثمر نہیں ملا۔

☆☆☆

یہ سامراجی گماشتے ہیں
یہی ہیں دلال سامراجی
یہی ہیں قوم و وطن کے غدار
یہی ہیں حاکم ہمارے اب تک

گل خان نصیر

میر گل خان نصیر

1914-1983

اثیر عبدالقادر شاہوانی

بلوچستان کی دھرتی نے اپنی گود میں ایسے امرا انسانوں کو جنم دیا ہے جن کی روشنی نے ملک کی سرحدوں سے باہر بھی دوسرے ممالک میں اپنے وطن کا نام روشن کیا ہے۔ مادر وطن کی اس مالا مال نوشکی نے ہر دور میں بہترین، شاعر، موسیقار، ادیب اور سیاستدان جنم دیئے ہیں۔ان میں جہاں ریکی جیسا انقلابی شاعر پیدا ہوا تو وہاں علم وادب کے میدان میں میر عبدالواحد جمالدینی کے بھائی میر عبداللہ جان جمالدینی اور میر عاقل خان مینگل جیسے محقق اور مدبر عالم پیدا ہوئے اس سے بڑھ کر یہ کہ نوشکی کی مٹی سے میر گل خان نصیر جیسی ایک عظیم شخصیت نے جنم لیا جو بیک وقت مؤرخ اور سیاستدان تھے جنہیں نہ صرف بلوچستان بلکہ پاکستان سمیت ہمسایہ ممالک میں بھی خوب پذیرائی حاصل ہوئی ہے۔ میر گل خان نصیر نوشکی کے خوش قسمت ڈیہہ مینگل پائندزئی خاندان میں ۱۴ مئی ۱۹۱۴ء کو پیدا ہوئے جنہوں نے پوری قوم کو خواب غفلت سے جھنجھوڑ جھنجوڑ کر جگانے کی کوشش کی ۔ میر گل خان نصیر نے ابتدائی چار جماعتیں نوشکی اسکول میں پڑھنے کے بعد سنڈیمن ہائی سکول کوئٹہ سے میٹرک کیا اور مزید تعلیم کیلئے لاہور چلے گئے لیکن چند ناگزیر وجوہات کی بناء پر وہ اپنی تعلیم ادھوری چھوڑ کر وطن واپس آگئے اور ریاست عالیہ قلات میں بحیثیت نائب تحصیلدار ملازمت اختیار کی اور پھر اپنی فہم وفراست اور بے پناہ صلاحیتوں کی بدولت ترقی کرتے کرتے وزارت کے عہدے پر پہنچے اور یوں اسے اپنے عوام کے دکھ درد کا قریب سے مشاہدہ کرنے کا موقع ملا اور حساس طبیعت نے اس کے قوم پرستانہ جذبات کو اشعار کے قالب میں ڈھالنا شروع کر دیا۔

شاعری

میر گل خان نصیر نے اپنی شاعری کی ابتداء چھٹی جماعت میں پڑھنے کے وقت براہوئی زبان سے شروع کی، کالج میں پہنچ کر انہوں نے اُردو اور فارسی میں بھی طبع آزمائی کی لیکن عجیب بات ہے کہ اس کی شاعری گل و

بلبل کی بجائے قومی اور وطن دوستی کے نغموں پر مشتمل ہے۔ جن میں سرداری نظام، جرگہ اور نوآبادیاتی تسلط کے خلاف نہایت ہی پرجوش اظہار کیا گیا ہے۔ اپنی بلوچی شاعری سے متعلق راقم الحروف کو ایک ملاقات میں گل خان نصیر نے بتایا کہ ''کابل دریا کے سیر کے دوران چند دوستوں نے طعنہ دیا کہ میں بلوچیت کا دعویدار ہونے کے باوجود دوسری زبانوں کو اظہار خیال کا ذریعہ کیوں بناتا ہوں؟ چنانچہ اس دن کے بعد سے میں نے بلوچی زبان کو ہی کلی طور پر اپنایا۔''

انہیں بلوچی، براہوئی، اُردو، فارسی اور انگریزی زبانوں پر عبور حاصل تھا اور انہی زبانوں میں شاعری کرتے تھے ان کی شاعری عوامی اور انقلابی ہے۔ میر گل خان نصیر نہ صرف آج کے بلکہ ہر دور کے شاعر ہیں۔ ان کی شاعری ہر وطن پرست، قوم دوست، انسان دوست اور ہر بہادر کو خراج تحسین ہے۔ میر گل خان نصیر نے اپنی شاعری کے ذریعے نہ صرف قدیم تاریخ کو محفوظ اور شجاعانہ کارناموں کو اپنے فن کے ذریعے دوام بخشا، بلکہ اس نے عقل وشعور، نیکی، حب الوطنی ملت پرستی اور احترام آدمیت کے اقدار کو بھی اجاگر کیا اس لیے تاریخ نے اس کو اتنا عظیم اور ارفع مقام عطا کیا کہ آج بھی اس کی گلبانگ دنیا کی عظیم منظومات میں شمار کیا جاتا ہے۔ یہ وہی انقلابی کتاب ہے۔ جس نے بلوچ قوم کے نوجوانوں کی فکر کو جلا بخشی یہ کتاب پاکستان کے علاوہ افغانستان اور ایران میں بھی مقبول ہے۔ میر صاحب نے جہاں بلوچی زبان وادب کو وسعت بخشی ہے وہاں پوری دنیا کے لیے بھی رزم نگاری کی ایسی مثال قائم کردی ہے جو ہمیشہ ہمیشہ اہل ادب کے لیے مشعل راہ بنے گی۔ میر گل خان نصیر کو اپنے غریب عوام کی زبوں حالی کا شدت سے احساس تھا چنانچہ وہ اپنے طبقاتی رجحان کا اظہار اس طرح کرتے تھے۔

بچے رو رو نین گنوائیں
بوڑھے در در ٹھوکریں کھائیں
چھپ چھپ مائیں نیر بہائیں
بھیک ملے نہ ادھار
رے بھیا، راج کرے سردار
بلک بلک کر بچے روئیں
بھوکے پیٹ سجنوا سوئیں
سجن گھر کی لاج ڈبوئیں۔
تو نہ بھر زردار۔۔۔رے بھیا
راج کرے سردار
بھوکی ننگی قوم بیچاری
گھر گھر ماتم گریہ وزاری

لینے کو سردار بیگاری
مالی اور بجار۔۔رے بھیا
راج کرے سردار
گلا کاٹے جیب مروڑے
جونک کی صورت خون نچوڑے
ہڈی پسلی بیجا پھوڑے
جرگے کا ہتھیار۔۔۔رے بھیا
راج کرے سردار
جھگڑا ڈالے پریت مٹائے
بھائی کو بھائی سے کٹائے
دولت دونوں ہاتھ لٹائے
رشوت کے انبار۔۔۔رے بھیا
راج کرے سردار
پاک وطن کی ریت نیاری
بھوکی ننگی جنتا ساری
سن کر جھو میں دھن کے پجاری
روپوں کی جھنکار۔۔۔رے بھیا
راج کرے سردار
داتا اپنے راج دلارے
بے غم لیٹے پاؤں پسارے
کس کی سنیں اور کون پکارے
دھرتی کے اوتار۔۔۔رے بھیا
راج کرے سردار

میر گل خان نصیر جنہیں اپنی سرزمین اور لوگوں سے جنون کی حد تک محبت تھی، اس لیے انہوں نے اپنی تمام تر صلاحیتیں ان کی خوشحالی و ترقی کے علاوہ بلوچی زبان کی ترقی و ترویج اور بلوچستان کی فلاح و بہبود کیلئے وقف کر دی تھیں وہ اس کار خیر کے لیے سیاست کے پرخار میدان میں اُترے، صحافت کو اپنایا، تاریخ نویسی کی اور پرسوز شاعری کے ذریعے عوام میں بیداری پیدا کی اور اپنی تاریخی نگارشات کے ذریعے قوم کو دنیا میں متعارف کیا۔

صحافت:

میر گل خان نصیر کی زندگی بہت ہمہ پہلو تھی وہ بیک وقت شاعر بھی تھے اور ادیب و نقاد بھی، مؤرخ و محقق بھی، سیاستدان بھی اور بیباک صحافی بھی تھے، میر صاحب نے اپنی صحافت کا باقاعدہ آغاز میر بنی بخش زہری کے اخبار ''نوائے بلوچستان'' کی ادارت سے کی اور اس اخبار کو اسم بامسمی کر دکھایا۔ سرداری نظام اور جرگہ سسٹم کے خلاف اداریے اور شذرات لکھتے رہے۔ لہذا سرداروں اور سرکار کو میر گل خان نصیر کی پالیسی ایک آنکھ نہیں بھائی چنانچہ سرکار کے خوف سے میر بنی بخش نے

نوائے بلوچستان کو بند کر دیا۔ جس کے سبب میر صاحب نہایت ہی مغموم ہوئے۔ لیکن میر غلام محمد شاہوانی جو روز نامہ اتحاد کے نیوز ایڈیٹر تھے۔ نے ''نوائے وطن'' کی اجازت حاصل کرنے پر میر گل خان نصیر کو شامل ادارت کر دیا اس طرح اُسے ایک مرتبہ پھر صحافیانہ خدمات انجام دینے کا موقع ملا ان کی تحریروں کے ذریعے عوام کا شعور بیدار ہوا اور انہوں نے استحصالی نظام کے خلاف خوب لکھا تب استحصالی طبقہ نے میر صاحب کے خلاف کمیونسٹ ہونے کا الزام لگا کر ان کے خلاف مقدمہ دائر کر دیا لیکن عوام کے ساتھ مخلص ہونے کی وجہ سے میر صاحب اس سازشی مقدمہ سے باعزت بری ہوئے۔۔۔

تصانیف:

ان ہی قومی خدمات کے تحت آپ نے اپنی قوم کی تاریخ بھی مرتب کی، انہوں نے بلوچستان سے متعلق جامع اور حقائق پر مبنی بلوچستان کے مختلف عہد کے واقعات کو تاریخ بلوچستان کے نام سے دو جلدوں میں شائع کیا، اسی طرح انہوں نے کوچ و بلوچ کے نام سے ایک اور کتاب تالیف کی جس میں بلوچ قوم کی تاریخ بیان کی گئی ہے۔ یہ کتاب مسٹر ڈیمز کی طرف سے پیدا کردہ غلط فہمیوں کو دور کرنے کے سلسلے میں لکھی گئی ہے۔ جہاں مسٹر ڈیمز نے اپنی کتاب ''دی بلوچ ریس'' میں بلوچ تاریخ کو غلط انداز میں پیش کیا ہے۔ میر صاحب کی چوتھی کتاب ''بلوچستان قدیم و جدید تاریخ کی روشنی میں'' ہے جسے مرحوم نے اپنی وفات سے کوئی تین سال قبل مکمل کیا تھا۔ ''دستان دوستین وشیرین'' آپ کی منظوم بلوچی کتاب ہے جو انتہائی دلکش اور خوبصورت انداز میں منظوم ہے۔ میر صاحب نے آج سے کوئی پانچ سو سال قبل بلوچستان کے ساحلی علاقہ کلمت میں مقیم ہوت قبیلہ کے سردار میر جیئند کے بیٹے میر حمل کی جوانمردی، وطن دوستی اور شجاعت کی داستان کو منظوم تاریخ میں بیان کیا ہے۔ اس کتاب کو ''حمل جیئند'' کا نام دیا گیا ہے۔

میر گل خان نصیر کے بلوچی کلام سے بہت سے مجموعے چھپے ہیں جن میں ''گرند''، ''گلبانگ''، ''شپ گروک'' زیادہ مشہور ہیں۔ آپ کی ایک کتاب ''بلوچستان کی کہانی شاعروں کی زبانی'' بلوچوں کی ہجرت، سماجی و ثقافتی روایات اور تاریخ سے متعلق قدیم نظموں پر مشتمل ہے۔ بریگیڈیر جنرل آر ای ایچ ڈائر سی بی کو حکومت ہند کی جانب سے ۱۹۱۶ء کی جنگ عظیم کے دوران بلوچستان کی شمالی مغربی سرحد پر وہاں کے بلوچ قبائل کے خلاف ایک مہم سر کرنے کو بھیجا گیا۔ چنانچہ اس نے ۱۹۲۱ء میں ''ریڈرز آف دی سرحد'' کے نام سے

اس مہم کی روداد کو لندن سے شائع کیا میر گل خان نصیر نے اس انگریزی کتاب کو ''بلوچستان کے سرحدی چھاپہ مار'' کے نام سے اردو کا خوبصورت جامہ پہنایا ہے۔ ''بلوچی رزمیہ شاعری'' آپ کی ایک اور کتاب ہے۔ جس میں صرف قدیم رزمیہ اشعار کو سمویا گیا ہے۔ میر گل خان نصیر نے شاہنامہ فردوسی کے طرز پر نوری نصیر خان، خان قلات کی مشہد کی لڑائی کی داستان کو ''مشہد ناجنگ نامہ'' کے نام سے براہوئی میں منظوم جامہ پہنایا ہے اور پورے جوش و جذبے کے ساتھ اپنے خیالات اور تاریخی واقعات کو پیش کر کے بلوچ حریت پسندوں کو زبردست خراج عقیدت پیش کرنے کی سعی کی۔

آپ کی ایک اور کتاب ''تاریخ خوانین قلات'' کے نام سے موسوم ہے جو آخوند محمد صدیق اور مرزا احمد علی کے فارسی روزناچوں کے اُردو ترجمہ پر مشتمل ہے۔ میر صاحب نے فیض احمد فیض کی کتاب ''سروادی سینا'' کا ''سینائی کیچگ'' کے نام سے بلوچی منظوم ترجمہ کیا ہے آپ نے سندھی زبان کے عظیم شاعر عبدالطیف بھٹائی کے رسالے سے منتخب ابیات کا بلوچی میں منظوم ترجمہ کیا ہے۔ جو ''شاہ بھٹائی گشیت'' کے نام سے شائع ہوئی ہے۔ آپ نے کلاسیکی شاعری پر محیط قدیم شعراء کے عشق و محبت کے نغموں پر مشتمل ''بلوچی عشقیہ شاعری'' کے نام سے ایک کتاب ترتیب دی ہے۔ میر صاحب نے اردو براہوئی بلوچی کے علاوہ فارسی ہندی سندھی اور انگریزی میں بھی بہت کچھ لکھا ہے۔ جبکہ میر صاحب کے کلام کا ترجمہ فرانسیسی روسی اور دوسری عالمی زبانوں میں ہو چکا ہے۔ میر صاحب کی تصنیفات بلاشبہ ہمارے ذخیرہ تاریخ میں پیش بہا اضافہ ہیں۔

ان مطبوعات کے علاوہ میر صاحب کے متعدد بلوچی، براہوئی اردو اور فارسی کے غیر مطبوعہ مسودے بھی ہیں جو بے مائیگی کے سبب کتابی صورت میں منظر عام پر نہیں لائے جا سکے۔ ہمیں اُمید ہے کہ میر صاحب کے اہل علم اور باذوق شخصیتوں پر مشتمل پسماندگان ان مسودوں اور میر صاحب کی یادداشتوں پر مشتمل ڈائریوں کے مندرجات کو ترتیب دے کر ایک اور تاریخی کتاب شائع کر سکتے ہیں۔ لیکن اتنے کام کے لیے میرے خیال میں ''میر گل خان نصیر اکیڈمی'' کا قیام ناگریز ہے۔

سیاسی زندگی:

میر گل خان نصیر نے اپنی عملی سیاسی زندگی کا آغاز میر یوسف علی مگسی کی وفات کے بعد لکھے پڑھے اور قومی آزادی کا جذبہ رکھنے والے نوجوانوں پر مشتمل ''انجمن اسلامیہ'' کے قیام سے کیا، لیکن سازشیوں نے اس تنظیم کو پنپنے نہیں دیا اور حکومت نے انجمن اسلامیہ

کو دہشت گرد قرار دے کر اس پر پابندی عائد کر دی۔

۵ فروری ۱۹۳۷ء کو جب سبی میں قلات سٹیٹ نیشنل پارٹی کی بنیاد رکھی گئی۔ تو آپ کو اس کا نائب صدر منتخب کیا گیا آپ نے پارٹی کو اپنی صلاحیتوں سے فعال اور مستحکم بنایا اور انہوں نے وزیر اعظم سر شمس شاہ جیسے ظالم و جابر حکمران کے دور میں سینہ سپر ہو کر عوامی حقوق کی پاسداری کے لیے انتہائی جرات مندی سے کام کیا۔ میر صاحب سیاسی اداروں کے ذریعے ذاتی طور پر عوام کے حقوق کے لیے ہمہ وقت احتجاج کرتے ۱۹۵۸ء میں جب ملک میں پہلا مارشل لاء لگا اور ملک بھر میں تمام جمہوری اور ترقی پسند تنظیموں پر پابندی لگا کر تمام سیاسی رہنماؤں کو پس زندان ڈال دیا گیا تو اسی دوران میر گل خان نصیر کو گرفتار کر کے قلی کیمپ پہنچا دیا گیا جہاں میر غوث بخش بزنجو محمد حسین عنقا پہلے سے بند تھے۔ ۱۹۶۵ء میں جب دوبارہ انہیں گرفتار کیا گیا تو اُنہیں پاگلوں کے وارڈ میں قید کر دیا گیا تا کہ وہ خوفزدہ ہو کر معافی مانگیں، لیکن وہ اپنے نظریاتی عمل سے منحرف نہیں ہوئے ایوبی آمریت کے دور میں میر گل خان نصیر کو ٹارچر سیل میں مقید کیا گیا اور ان سے کہا گیا کہ وہ اقرار کرے کہ وہ پاکستان کا دشمن اور غدار ہے۔ اس پر میر گل خان نصیر نے انتہائی جرات مندانہ جواب دیا کہ ''میں لاوارث نہیں ہوں تم سمجھتے ہو کہ مجھے ٹارچر سیل مین ماردو گے اور بات یہیں پر ختم ہو جائے گی؟ یاد رکھنا ٹارچر سیل کے سارے افسران میں سے ایک بھی زندہ نہیں بچ سکے گا نہ تم رہو گے اور نہ تمہارے آقا رہیں گے۔''

وزارت:

طویل سیاسی جدوجہد اور بے انتہا قربانیوں کے بعد آزاد ہوئے تو پہلے عام انتخابات میں بلوچستان کے کروڑ پتی کنگ آف ماربل میر نبی بخش زہری کو شکست دے کر نیشنل عوامی پارٹی کے ٹکٹ پر ضلع چاغی سے بلوچستان کے لیے رکن منتخب ہوئے اور ۱۹۷۲ء میں نیشنل پارٹی اور جمعیت علماء اسلام کی مخلوط حکومت میں سنئیر وزیر بنائے گئے۔ تعلیم، سماجی، بہبود، بلدیات، محنت، صحت اور اطلاعات وسیاحت کی وزارت کا قلمدان بھی سنبھالا۔ آپ نے اپنی وزارت کے ساتوں محکمہ جات کو انتہائی خوش اسلوبی سے چلایا اور اس دوران آپ نے جہاں اہل بلوچستان کیلئے دوررس نتائج کے حامل کام کئے وہاں آپ نے بلوچی رسم الخط کے سلسلے میں ایک باوقار اور تاریخی کنونشن منعقد کر کے بلوچی زبان کیلئے ایک اہم خدمت انجام دی اور اس کنونشن کی تجاویز کو بلوچستان اسمبلی میں پیش کر کے آئین میں شامل کرنے کا عزم رکھتے تھے لیکن انہیں مہلت نہیں دی گئی اس کے علاوہ

آپ ہی کے مشورے سے بلوچستان کی دفتری زبان اردو کو قرار دیا گیا انہوں نے اپنی وزارت کے دوران سینکڑوں بے روزگار نوجوانوں کو ملازمت فراہم کی طلبا کو اعلیٰ تعلیم کے حصول کے لیے بھرپور انداز میں وظائف اور دیگر سہولتیں فراہم کیں۔

مرکزی حکومت کو بلوچستان حکومت کے فلاحی کام ایک آنکھ نہ بھائی۔ چنانچہ ۱۹۷۳ء میں اس وقت کی مرکزی حکومت نے بلوچستان کی منتخب حکومت کو توڑ دیا جس پر اہل بلوچستان نے احتجاج کیا جیالے سرمچاروں نے پہاڑوں کا رخ کیا اور سیاسی قائدین نے جلسہ جلوسوں کے ذریعے وفاقی حکومت کے اس غیر آئینی اور غیر جمہوری اقدام کے خلاف آواز بلند کی تب حکومت نے نامور قائدین کو گرفتار کر کے پابند سلاسل کر دیا یوں ۹ جون ۱۹۷۳ء کو میر گل خان نصیر کو بعض الزامات کے تحت گرفتار کر کے ۲۶ جون تک کوئٹہ چھاؤنی کی حوالات میں رکھا گیا۔ اس کے بعد مچھ اور پھر حیدر آباد جیل منتقل کر دیا گیا۔ ادھر مرکزی حکومت نے بلوچ عوام پر عرصہ حیات تنگ کر دیا میر علی محمد مینگل میر سفر زہری سردار عطاء اللہ مینگل کے نوجوان بیٹے اسد اللہ مینگل اور میر گل خان نصیر کے بھائی میر لونگ خان کے علاوہ سینکڑوں لوگ شہید کر دیئے گئے اور ہزاروں لوگ جیلوں میں بند رہے۔ ۱۹۷۸ء میں ضیاء حکومت نے حیدر آباد سازش کیس کو واپس لے کر اسیروں کو رہا کر دیا رہائی کے بعد آپ پی، این، پی کے صدر منتخب کئے گئے لیکن سردار عطاء اللہ مینگل کے لندن اور سردار خیر بخش مری کے افغانستان چلے جانے اور محمود عزیز کرد کی وفات اور دیگر ساتھیوں کے منتشر ہونے کے سبب میر گل خان نصیر ذہنی طور پر انتہائی غمگین اور پریشان تھے چنانچہ انہوں نے پی، این، پی کی صدارت سے استعفیٰ دے دیا۔

میر گل خان نصیر نے ظالم کو ظلم کرنے سے باز رہنے عوام کی آواز اور جمہوریت کے علم بلند رکھنے کے لیے اپنی عمر کا خوبصورت ترین حصہ نوشکی مستونگ قلات مچھ کوئٹہ قلی کیمپ ساہیوال کراچی اور حیدر آباد کے عقوبت خانوں میں قید کی نذر کر دیا اور اپنے جسم کو اپنے وقت کے قیصر روم کے ظالم جلادوں کے آگے پیش کر دیا جس پر کوڑے تو سہے لیکن ظلم کے آگے سر نہ جھکایا اور نہ ہی مصلحت کوشی سے کام لیا۔

آخر عمر میں آپ کو پھیپڑوں کے کینسر کا عارضہ لاحق ہوا جو دماغ کو بھی متاثر کر کے جان لیوا ثابت ہوا اور ۶ اور ۷ دسمبر ۱۹۸۳ء کی درمیانی رات ہم سے ہمیشہ ہمیشہ کے لیے جدا ہوئے ان کی جدائی بلوچ، اور بلوچستان کیلئے نا قابل تلافی نقصان ہے۔

میر گل خان نصیر کی شخصیت کے مختلف جہات

ڈاکٹر واحد بخش بزدار

میر گل خان نصیر شائستہ، پُر وقار اور محبت کرنے والے انسان تھے۔ اگر چہ اِس میں کوئی شک وشبہ نہیں کہ مفلوک الحال عوام سے بے لوث محبت اور طبقاتی واستحصالی نظام کو مسترد کرنے اور سماج میں تبدیلی لانے کی آرزو نے اُن کی شاعرانہ لب ولہجہ کو کہیں کہیں بلند آہنگ اور پُر جوش ضرور بنا دیا تھا، تاہم مجموعی طور پر اُن کی شاعری فنی بصیرت اور جمالیاتی قدروں کی امین نظر آتی ہے۔

میر گل خان اپنی عام زندگی میں انتہائی خوبصورت اور نفیس رویوں کے حامل انسان تھے۔ تحمل وبردباری اُن کی مزاج کا بنیادی خاصہ تھا۔ انہوں نے اپنی پوری زندگی میں ہمیشہ شائستگی، رواداری اور وضع داری کو اپنا وطیرہ بنائے رکھا۔ مفلوک الحال لوگوں میں محبت کا مینی فسٹو (Manifesto) تھا۔ اُن کا یقین وایمان تھا، اور اُن کی سیاست، صحافت، شاعری اور اُن کا فن اِسی مینی فسٹو کو (Materialize) کرنے کے وہ وسیلے تھے، جنہیں میر نصیر نے اپنے اپنے انداز میں بروئے کار لانا چاہا، عوام کی محبت اور تبدیلی لانے کے اِس سفر میں وہ کس حد تک کامیاب رہے یا ناکام رہے، شاید اِس استفسار کا جواب تاریخ کے اِس مرحلے پر دینا ممکن نہ ہو۔ لیکن اِس سفر کے ہر پڑاؤ پر میر نصیر کے قدموں کے نشانات اور اُن کے پاؤں کے آبلے بخوبی دیکھے جا سکتے ہیں۔

میر نصیر کا بڑا پن

میر نصیر اپنے قبیلے ''ذگر مینگل'' کے سردار خیل سے تعلق رکھتے تھے۔ لیکن اِس سے بڑھ کر اُن کی عظمت اور کیا ہو سکتی ہے؟ کہ انہوں نے اپنی اشرافیہ کلاس کی نفی کی۔ اپنے آپ کو deself کیا اور سرداریت کا ''پاپاخ'' اُتار کر عوام کی صفوں میں شامل ہو گیا اور آخری سانس تک عوام میں موجود رہا اور اُن کی بات کرتا رہا۔

میر نصیر کی صرف دو بیٹیاں تھیں جبکہ اُن کی کوئی نرینہ اولاد نہیں تھی۔ اِس لیے اُن کی بیوی نے انہیں مشورہ دیا کہ وہ دوسری شادی کرے۔ لیکن میر نصیر نے اِس مشورہ کو مسترد کرتے ہوئے اُن سے کہا تمام بلوچ میرے فرزند ہیں۔

''وہ دوسری شادی کر کے کیا کرے گا۔ کیونکہ بلوچستان کے تمام بلوچ فرزند میرے اور آپ کے بیٹے ہیں۔''(۱)

میر نصیر کو غریبوں اور عام انسانوں سے محبت تھی۔ ایک نابینا اور غریب شاعر جس کا نام عظیم تھا، میر نصیر انہیں بہت عزت و احترام دیتے اور انہیں اپنا اُستاد کہتے۔ چونکہ وہ اُن کے قبیلے کا گویار ہا تھا۔ میر نصیر نے اُن سے کئی قدیم بلوچی نظمیں تحریر کی تھیں، اس لیے وہ اُسے اپنا اُستاد گردانتے تھے۔(۲)

اسی طرح پیر داد نامی ایک شخص میر گل خان نصیر کی خدمت گار اور سیاسی دوست تھا۔ میر صاحب اُن کا بڑا خیال رکھتے تھے۔ ۱۹۷۲ء میں جب وہ وزیر بنے تو پیر داد اُن کے ساتھ اُن کے گھر میں رہا۔ حتیٰ کہ یہیں اُن کا انتقال ہوا۔(۳)

نرم دلی اور حساسیت:

میر نصیر انتہائی حساس، نرم دل اور شفیق و مہربان انسان تھے۔ خاندان میں کوئی بیمار ہوتا تو بہت پریشان ہو جاتے تھے۔ کہا کرتے تھے کہ میں بُزدل آدمی نہیں ہوں، شاعر ہوں، شاعر کا دل بہت حساس اور نرم و نازک ہوتا ہے۔(۴)

وہ اپنے ہمسایوں کا بھی بہت خیال کرتے تھے۔ ان کی کوشش ہوتی کہ اُن کی وجہ سے انہیں کوئی تکلیف نہ پہنچے، بلکہ میر صاحب اپنے ہمسایوں کو اپنے گھر کا فرد سمجھتے تھے، اُن کی بیٹی گو ہر ملک لکھتی ہیں۔

''امی ایک دن میر صاحب کو بتا رہی تھی کہ کل اسدی آئی تھی۔ کہنے لگی'' واجہ (میر نصیر) پر قربان ہو جاؤں۔ اِس سال جب وہ یہاں ہیں ہمیں دوپہر کی نیند بھی نصیب نہیں ہوتی، کیونکہ میر صاحب اتنے بلند آواز سے پڑھتے ہیں کہ اُن کی آواز ہمارے گھر تک پہنچ جاتی ہے۔'' بابا یہ سن کر بہت پریشان ہوئے۔ کہنے لگے اسدی کو کہنا مجھے معاف کر دے۔ اگر مجھے یہ اندازہ ہوتا تو میں زور سے نہ پڑھتا۔(۵)

میر گل خان نصیر نہ صرف غریب، محنت کش اور مفلوک الحال لوگوں سے محبت کرتے تھے بلکہ وہ اِس حد تک درد مند، شفیق اور مہربان انسان تھے کہ ایک وقت

میں انہوں نے پرندوں کا شکار محض اِس وجہ سے ترک کیا کہ وہ اُن کو زندگی کی نعمت سے محروم کرنا نہیں چاہتے تھے۔اس بارے میں محترمہ گوہر ملک رقم طراز ہیں کہ ایک دفعہ میں نے بابا سے پوچھا کہ آپ کبھی کبھار شکار کیلئے جاتے تھے لیکن آج کل کیوں نہیں جاتے؟ تو میر گل خان نے جواب دیا کہ ''ماں! تمہیں سچ بتاؤں، مجھے اُن پرندوں پر ترس آتا ہے میں نہیں چاہتا کہ میری وجہ سے یہ زندگی کی نعمت سے محروم رہیں''(۶)

میر گل خان نصیر جب اپنی عمر کے آخری دنوں میں بیمار تھے تو انہوں نے اپنے خاندان والوں کو سختی سے یہ تاکید کی تھی کہ میری بیماری کی خبر اخباروں میں نہ دی جائے کیونکہ وہ اپنی پریشانی کو اپنے خاندان تک ہی محدود رکھنا چاہتے تھے۔انہیں یہ بات پسند نہ تھی کہ اُن کی بیماری کی خبر سے اُن کے دوست واحباب کسی بھی طرح پریشانی میں مبتلا ہو جائیں۔(۷)

جھوٹ اور ناانصافی سے نفرت:

میر گل خان نصیر کسی سے نفرت نہیں کرتے تھے اور نہ ہی کسی کی دل آزاری پسند کرتے تھے۔میر گل خاں نصیر کو اگر کسی چیز سے نفرت تھی تو وہ جھوٹ، بے ایمانی، ناانصافی اور سماج کی بدصورتیوں سے نفرت تھی۔میر لال بخش رند لکھتے ہیں۔

''اُن کو کسی بھی علاقے کے عوام سے نفرت نہیں تھی۔ انہیں استحصال کرنے والوں سے ہمیشہ نفرت رہی۔ چاہے وہ بلوچ ہوں یا غیر بلوچ، اس کا اظہار وہ نجی محفلوں میں بھی کرتے تھے اور اپنی شاعری میں بھی اس کا اظہار کیا ہے۔(۸)

میر نصیر جھوٹ بولنے اور جھوٹی تسلی دینے کے بھی سخت خلاف تھے انہوں نے اپنے بچوں کو یہ نصیحت کر رکھا تھا کہ چاہے کچھ بھی ہو مگر جھوٹ کبھی نہ بولیں۔کیونکہ وہ یہ بات اچھی طرح جانتے تھے کہ جھوٹ انسان کو انسانیت کی سطح سے گرا دیتا ہے۔اور انہیں اس بات کا بھی بخوبی احساس تھا کہ ایک جھوٹ کو چھپانے کے لیے سو جھوٹ بولنے پڑتے ہیں۔اس طرح وہ جھوٹی تسلی دینے کے بھی خلاف تھے۔ (۹)

گوہر ملک لکھتی ہیں:

''میر گل خان نصیر جب سردار مینگل کی کابینہ میں صوبائی وزیر تعلیم تھے تو اُن کے خلاف بلوچ طلباء تنظیم کے نمائندے جلوس نکالتے، نعرہ بازی کرتے اور گالیاں دیتے تھے۔نہ جانے اُن کے مطالبات کیا تھے؟ لیکن میں اُن کو کہتی بابا! آپ انہیں منع کیوں نہیں کرتے تو میر نصیر

فرماتے کہ یہ اُن کا حق ہے۔ اپنا حق مانگنا کوئی جرم نہیں ہے۔ تو میں نے کہا بابا! وہ جو مانگتے ہیں انہیں دے دیں۔ فرمایا وہ جو مانگتے ہیں۔ میں انہیں دے نہیں سکتا اور میں جھوٹی تسلیاں دینے کے خلاف ہوں'' (۱۰)

میر گل خان نصیر کسی کی برائی بیان کرنے اور غیبت کرنے کو بھی انتہائی ناپسند کرتے تھے۔ نہ تو وہ خود کسی کی برائی اور عیب جوئی کرتے اور نہ ہی کسی اور کی برائی سننا برداشت کرتے تھے۔ (۱۱)

اُن کی بڑی بیٹی محترمہ گوہر ملک لکھتی ہیں:

''ایک دن میں اپنے چچا کی بیٹی کے ساتھ بیٹھی ہوئی تھی کہ گاؤں کی ایک عورت آ گئی۔ باتوں باتوں میں چرواہے کی بیوی کے بارے میں گفتگو ہوئی۔ ہمیں معلوم نہیں تھا کہ ''بابا'' گھر میں ہیں اور دروازے کی کُنڈی بھی کھلی ہوئی ہے۔ کہتے ہیں کہ شیطان انسان کے ساتھ رہتاِ ہے۔ ہم بے خبری میں کوئی بات کہہ گئے۔ بابا نے آواز دی۔ ملک جان، تمہارے منہ میں درد ہو۔ میں حیران رہ گئی۔ کہنے لگے میری اولاد اور ایسی بات۔ کیا گاؤں کی عورتوں کی عزتیں ہماری عزت سے الگ ہیں۔ ایسی باتیں کہنے سے تم دونوں کی منہ ٹیڑھی نہیں ہوئی؟'' (۱۲)

صبر و تحمل و بُردباری:

میر گل خان نصیر انتہائی بردبار، وضع دار اور پُر حوصلہ انسان تھے۔ وہ تنقید سے کبھی خوف زدہ نہیں ہوتے تھے۔ وہ نہ صرف تنقید اور اظہار رائے کو انتہائی صبر و تحمل سے سُنتے اور اُسے برداشت کرتے تھے۔ بلکہ اِسے اصلاح احوال کا ذریعہ بھی سمجھتے تھے۔ عبداللہ جان جمالدینی لکھتے ہیں۔

''میر گل خان نصیر جب ہفت روزہ اخبار ''نوائے بلوچستان'' کے ایڈیٹر تھے۔ سٹینڈرڈ ہوٹل کوئٹہ میں میر گل خان نصیر کا کمرہ جو اخبار کا دفتر بھی تھا۔ جہاں بلوچستان کے دانشوروں اور سیاسی کارکنوں کا جمگھٹا رہتا تھا۔ حمیم سارنگ زئی اور امیر جان محمد شہی، میر گل خان نصیر کے بلا تکلف دوست تھے۔ میر صاحب کو اکثر تنقید کا نشانہ بننا پڑتا۔ لوگ زور زور سے اور چلا چلا کر میر صاحب پر تنقید کرتے مگر وہ نہایت ہی خندہ پیشانی سے اُن کو مطمئن کرنے کی کوشش کرتے۔ ایسا لگتا تھا کہ میر گل خان کا اخبار انہی کا تھا اور اُن کے منشاء کو اخبار میں بڑا دخل حاصل تھا'' (۱۳)

ایک اور سیاسی معاملے میں دوستوں کی طرف سے میر نصیر خان پر بے جا تنقید کرنے کے حوالے سے

عبداللہ جمالدینی تاسف کا اظہار کرتے ہوئے لکھتے ہیں۔

''اب میں جوانی اور نیم پختگی کے اُس عالم اور دور پر پیچھے مڑ کر نگاہ ڈالتا ہوں تو مجھے بے حد افسوس ہوتا ہے اور گل خان نصیر کی عظمت مجھے شرمسار کرتی ہے۔ ہماری نکتہ چینی (کیونکہ اُسے تنقید کہنا میرے خیال میں ناجائز ہے۔) گل خان نصیر پر کبھی تو ذاتی حملہ تک نوبت پہنچ جاتی ہے''(۱۴)

گوہر ملک اپنے والد میر گل خان نصیر کے بارے میں اپنی یادداشتوں کو قلمبند کرتے ہوئے لکھتی ہیں

''جو لوگ کسی بڑے آدرش کے لیے لڑتے ہیں اور جن لوگوں کی زندگی مصائب ومشکلات سے عبارت ہوتی ہے۔ اُن لوگوں میں قوت برداشت اور حوصلہ و ہمت کا عنصر بھی اتنا ہی زیادہ ہوتا ہے۔ میر گل خان نصیر میں برداشت کی قوت بدرجہ اتم موجود تھی، وہ دوستوں اور دشمنوں کی باتیں بڑے صبر وتحمل سے سُنتے تھے''(۱۵)

قناعت پسندی:

میر نصیر کی پوری زندگی لوگوں سے محبت کی خاطر سیاست کی نذر رہی، لیکن وہ سیاست کی آلائشوں، گندگیوں اور مال ودولت بنانے کے چکروں سے آزاد رہے۔ میر نصیر اپنی زندگی کے آخری ایام میں مالی مشکلات سے دوچار رہے اور آخری عمر میں جب وہ کینسر جیسے موذی مرض کے شکار ہوئے تو اُن کے پاس اتنے پیسے بھی نہیں تھے کہ وہ اپنا مناسب علاج کراتے۔ میر صاحب اِس صورتحال کے باوجود بھی اپنا درویشانہ قناعت کے حوالے سے کہا کرتے تھے۔

''وہ خدائے بزرگ و برتر کے شکر گزار ہیں کہ وہ کسی کے مقروض ہیں اور نہ ہی کوئی اسکا مقروض ہے''(۱۶)

میر صاحب قرض کے بہت خلاف تھے۔ اُنہوں نے اپنے بچوں سے کہہ رکھا تھا کہ ''کوئی چیز پسند آئے اور پاس پیسے ہوں تو بے شک خرید لینا۔ نہیں تو قرض لینے کی کبھی غلطی نہ کرنا۔''(۱۷)

میر نصیر اگرچہ خوش خوراک تھے۔ لیکن اُن کا خیال تھا کہ انسان جب بھوکا ہو تو اُس کے لیے تمام کھانے لذیذ اور مزیدار ہوں گے۔(۱۸)

اُن کی بیٹی گوہر ملک ایک واقعہ کا ذکر کرتے ہوئے لکھتی ہیں۔

''میر نصیر دوپہر کا کھانا بہت کم کھاتے۔ البتہ اُن کے پسند کی کوئی چیز پکتی تو ضرور کھاتے۔ ایک دن دوپہر کو کہنے لگے آج جو بھی پکا ہے کھاؤں گا۔ بہت بھوک

لگی ہے۔ امی جان نے کہا کہ آج گھر میں سرے سے روٹی ہی نہیں پکی ہے، کیونکہ گھر میں آٹا نہیں تھا۔ تو جا کے کمرے میں لیٹ گئے۔ شام کو جب اُٹھے تو اُنہوں نے اپنی نظم گژن ءِ جناس (بھوک کا درندہ) لکھی ہوئی تھی''(۱۹)

تخلیقی قوت:

میر نصیر کے بارے میں کہا جاتا ہے کہ وہ پیدائشی شاعر تھے اُن کی والدہ کے مطابق گل خان جب پانچ سال کے تھے میں نے ''بلوچی دری'' بنوانے کے لیے ایک عورت بلائی تھی۔ جس کا نام تاجی تھا۔ میں نے گل خان کو کچھ کھجوریں دیں کہ تاجی کو دے دیں۔ تو لے جا کر براہوئی میں کہنے لگے(۲۰)

۔۔بلہ تاجی، ہرف دانا متائی

ترجمہ: تاجی مائی ، لو مٹھائی۔

میر گل خان نصیر کے گھر میں ''ماہو'' نامی ایک نوکرانی کام کرتی تھی۔ ایک دن جب میر نصیر کی امی نے چار چپاتیوں کے اندر ایک اور آدھی چپاتی رکھ کر ماہو کو دی، تو میر نصیر جو ساتھ کھڑے تھے، کہنے لگے۔

۔۔چار چپیٹی، کپ تل ٹی

اینۃ ماہونا بغل ٹی۔

ترجمہ: چار چپاتی اور آدھی چپاتی اُن کے اندر، دے دو ماہو کے بغل میں۔(۲۱)

میر نصیر کا پیدائشی شاعر ہونے اور اُن کی تخلیقی قوت کا اندازہ تو اِس بات سے لگایا جاسکتا ہے کہ اُنہوں نے براہوئی میں لکھی ہوئی تاریخی داستان ''مشہد نا جنگ نامہ'' کو اُس وقت شعری جامہ پہنایا جب وہ آٹھویں جماعت میں زیرِ تعلیم تھے۔(۲۲)

بے پناہ تخلیقی قوت رکھنے کے باوجود عام طور پر میر نصیر کو اپنا کلام یاد نہیں ہوتا تھا۔ لال بخش رند لکھتے ہیں۔

''ایک دفعہ جبیں ہوٹل کراچی میں ازبک شاعر رسول حمزہ کے اعزاز میں دعوت تھی۔ فیض احمد فیض نے میر صاحب کو شرکت کی دعوت دی تھی۔ وہ میرے گھر آئے اور ہم دونوں اکٹھے چلے گئے۔ انہیں معلوم نہیں تھا کہ اِس موقع پر اُن سے شعر پڑھنے کی درخواست کی جائے گی۔ جس میز پر ہم دونوں بیٹھے تھے، اُسی میز پر تھوڑی دیر بعد فیض احمد فیض نے سید سبط حسن کو بھی بٹھا دیا۔ ہم تینوں باتوں میں مشغول تھے کہ کاروائی شروع ہوگئی، کچھ دیر بعد اچانک فیض صاحب نے میر صاحب کا تعارف کراتے ہوئے کہا:

بلوچستان کا ہمارا دوست آج ہمارے درمیان موجود ہے۔ میں میر گل خان نصیر سے گزارش کرتا ہوں

کہ وہ سٹیج پر آ کر اپنا کلام سنائیں'' میر صاحب اپنا نام سن کر گھبرا گئے اور کہنے لگے ''یار فیض صاحب نے میرے لیے مصیبت پیدا کر دی۔ نہ میرے پاس نوٹ بک ہے اور نہ کوئی شعر یاد ہے۔'' اب بڑی خراب صورتحال تھی۔ مجھے ہنسی آ گئی۔ غصے میں آ کر کہنے لگے کہ ''یار ہنسنا بند کرو اور اگر تمہیں میرے کوئی شعر یاد ہوں تو جلدی سے لکھ دو'' میں نے اُن کے دو بہت مشہور انقلابی قطعے لکھ کر دیئے۔ پھر وہ سٹیج پر گئے اور ترجمے کے ساتھ سنائے''(۲۳)

شاعرانہ عجز وانکساری:

اگر چہ میر نصیر بلوچی کے بہت بڑے شاعر تھے اور سبھی ناقدین اُن کی شعری قد وقامت اور عظمت کے معترف ہیں لیکن میر صاحب کی اپنی حالت یہ تھی کہ انہوں نے کبھی یہ دعویٰ نہیں کیا کہ وہ کوئی بڑے شاعر ہیں۔ بلکہ وہ اپنی شاعری کے بارے میں ہمیشہ عجز وانکسار سے کام لیتے رہے۔ اسی حوالے سے میر گل خان نصیر ایک جگہ لکھتے ہیں۔

''میں کوئی نامی گرامی شاعر یا ادیب نہیں ہوں۔ بس اتنا ہے کہ تذکیر وتانیث سے مُبّرا اُردو کے چند جملے لکھ سکتا ہوں اور بلوچی میں شعر کہنے کی مشق رکھتا ہوں۔ یہ بھی میں نہیں کہہ سکتا کہ میرے بلوچی اشعار کوئی بلند پایہ تخلیقی اہمیت رکھتے ہیں''(۲۴)

اِس حوالے سے لال بخش رند ایک واقعہ کا ذکر کرتے ہوئے لکھتے ہیں:

''میر نصیر کی فیض احمد فیض سے بہت گہری دوستی تھی۔۔۔ ذوالفقار علی بھٹو حکومت کے دور میں فیض احمد فیض ''نیشنل کونسل آف دی آرٹس'' کے سربراہ تھے وہ کونسل کی ایک میٹنگ میں شرکت کیلئے کوئٹہ آئے تھے۔۔۔ میٹنگ کی کاروائی کے بعد فیض صاحب نے میر گل خان نصیر سے مخاطب ہو کر کہا ''میں نے آپ کی نظم ڈیوا (دِیا) کا اُردو میں ترجمہ کیا ہے۔ مجھے اپنی کچھ اور نظمیں دیجئے تاکہ میں ان کو اُردو میں منتقل کر سکوں۔ مجھے آپ کی نظم کا ترجمہ کر کے بہت خوشی ہوئی ہے کہ بلوچی میں ایسی بلند پایہ نظمیں موجود ہیں۔ میں چاہتا ہوں کہ آپ کی اچھی نظموں سے غیر بلوچ قارئین بھی بلوچی ادب سے روشناس ہوں''

فیض صاحب کی اِسی بات پر انہوں نے انکساری سے جواب دیا۔

''فیض صاحب میری نظموں میں سادہ سے خیالات ہیں ان کو ترجمہ کرنے سے کیا ملے گا؟''

فیض صاحب نے نصیر کے اِس خیال سے اختلاف کیا اور جب ہم باہر آئے تب بھی فیض صاحب نے

میر گل خان نصیر سے یہی گزارش کی۔

''میں نے اسلام آباد میں اپنی منتخب نظمیں ترجمے کیلئے فیض صاحب کو نہیں بھجوائیں ۔ یہ دراصل ان کی انکساری تھی'' (۲۵)

فیضؔ پھولوں جیسا آدمی ہے۔

فیض احمد فیض اور حبیب جالب میر گل خان نصیر کے گہرے اور قریبی دوست تھے۔ میر گل خان نصیر، فیض صاحب کے بارے میں کہا کرتے تھے۔

''فیضؔ! پھولوں جیسا آدمی ہے۔ وہ ہماری طرح لٹھ باز اور کرخت نہیں ہے۔ وہ بہت سلجھا ہوا اور شیریں دہن آدمی ہے۔'' (۲۶)

وسیع المطالعہ شخص:

میر نصیر وسیع المطالعہ شخص تھے۔ وہ اپنے گھر نوشکی میں ہوتے تو صبح ناشتہ کرنے کے بعد گھنٹہ دو گھنٹہ کے لئے باہر بیٹھک میں چلے جاتے۔ دوستوں اور عزیزوں کے ساتھ گپ شپ لگاتے اور پھر بیٹھک کے ساتھ والے کمرے میں جو اِن کے لکھنے کا کمرہ تھا۔ لکھنے میں لگ جاتے ۔ دو بجے سے چار بجے تک آرام کرتے ۔(۲۷)

میر لال بخش رند کے مطابق ''کراچی جیل میں، میں نے جو عرصہ میر گل خان نصیر کے ساتھ گزارا، اس میں میں نے دیکھا کہ وہ بہت مطالعہ کرتے تھے اور مختلف زبانوں کے ادیبوں اور شاعروں کی تخلیقات اور مختلف فلسفیوں کے افکار کا مطالعہ جاری رکھتے تھے۔ ان کے مطالعہ میں شاعری سرفہرست تھی'' (۲۸)

ایک اور جگہ لال بخش لکھتے ہیں۔ '' لکھنے پڑھنے اور خاص کر شاعری کرنے کے دوران میر نصیر سگریٹ اور چائے بہت زیادہ پیتے تھے ان کے پاس چائے کی پوری بھری ہوئی کیتلی ، نوٹ بکس، لائیٹر اور سگریٹ رکھے رہتے ۔ سگریٹ کے کش لیتے جاتے تھے، چائے پیتے جاتے تھے۔ اور قلم رواں رہتا تھا'' (۲۹)

میر گل خان نصیر ایک وقت میں پرندوں کے شکار کے بڑے شوقین تھے۔ لیکن بعد میں انہوں نے اِس احساس کی وجہ سے شکار کھیلنا ترک کر دیا تھا کہ اُن کی وجہ سے یہ زندگی کی حسین نعمت سے محروم نہ رہیں۔ اُن کی بیٹی لکھتی ہیں کہ ''میر صاحب صبح سویرے اُٹھ کہ مرغابی کے شکار کو جاتے ۔ شکار لاتے یا نہ لاتے ایک تازہ نظم یا غزل ضرور لکھ کر لے آتے ۔ ایک بار شکار سے آئے تو دیکھا کہ شکار والا تھیلا بھرا ہوا ہے۔ پوچھنے پر پتہ چلا کہ سب پتھر ہیں ۔ کیونکہ بابا جان نوٹ بک گھر بھول گئے تھے اِس لیے پتھروں پر اشعار لکھ لائے تھے۔'' (۳۰)

تعلیم کی اہمیت:

میر گل خان نصیر بلوچستان کی ترقی اور سماج کی تبدیلی کے لیے تعلیم کی اہمیت وافادیت سے بخوبی آگاہ تھے اور وہ یہ سمجھتے تھے کہ علم وٹیکنالوجی کے بغیر کوئی بھی معاشرہ ترقی کے منازل طے نہیں کرسکتا اُن کے نزدیک بلوچستان کی پس ماندگی کی بڑی اور اہم وجہ ناخواندگی اور جہالت ہے۔ اس لیے وہ بلوچستان کی ترقی کے لیے مردوں کے ساتھ ساتھ خواتین کی تعلیم کو ناگزیر خیال کرتے تھے۔ انہوں نے اپنی شاعری میں جابجا تعلیم کے فوائد اور اس کی اہمیت پر زور دیا ہے انھوں نے اپنی مشہور نظم ''بےعلمیں جنکے'' (ایک ان پڑھ لڑکی) میں عورتوں کی تعلیم کے بارے میں بطور خاص اظہار خیال کیا ہے۔

میر گل خان نصیر کے عہد میں بلوچستان میں خواتین کو تعلیم دینا انتہائی معیوب اور ناپسندیدہ عمل تصور کیا جاتا تھا۔ باہر کے کسی سکول میں بچیوں کو تعلیم کے لیے بھیجنا تو دور کی بات تھی گھروں میں بھی بچیوں کو تعلیم دینا نامناسب خیال کیا جاتا تھا۔ جب میر نصیر کے گاؤں میں بچیوں کے لیے سکول قائم کیا گیا تو یہ علاقے میں واحد سکول تھا جہاں بچوں کے ساتھ بچیاں بھی پڑھتی تھیں۔(۳۱)

میر نصیر کی بیٹی لکھتی ہیں۔

''ایک دن بابا ہمیں گھر میں پڑھا رہے تھے تو ماموں جان کہنے لگے۔ گل جان اگر آج ہمارے ابو زندہ ہوتے اور وہ یہ دیکھتے کہ آپ بچیوں کو انگریزی پڑھا رہے ہیں تو کیا کہتے۔۔۔ اس پر بابا نے جواب دیا۔ والدین اور ہمارے دور گزر گئے۔ اب جدوجہد اور ترقی کا دور ہے۔ علم حاصل کیے بغیر ترقی کا تصور ممکن نہیں ہے۔ انسان کو چاہیے کہ وہ وقت کے تقاضوں کو ساتھ لے کر چلے۔ اگر ہم اِس میں ناکام رہے تو بہت پیچھے رہ جائیں گے۔''(۳۲)

سکول کا مطالبہ:

جب میر گل خان نصیر اپنے گاؤں نوشکی میں نظر بند تھے اور اُن کی سرگرمیوں اور نقل وحمل پر پابندی عائد تھی اور اِس کے ساتھ ساتھ انہیں حکومت کی طرف سے یہ ہدایت بھی تھی کہ انہیں علاقے میں اپنی موجودگی ثابت کرنے کیلئے ہر ہفتہ باقاعدگی کے ساتھ پی۔ اے کی خدمت میں حاضری دینی ہوگی۔ میر صاحب جب بھی وہاں جاتے تو اُن کے سامنے اپنے مطالبات بھی رکھتے تھے۔ اس ضمن میں اُن کی بیٹی لکھتی ہیں کہ بابا کہتے تھے۔

''میرے لیے یہ اچھا ہے۔ جب جاتا ہوں تو وہاں سے اخبارات بھی پڑھنے کے لیے لاتا ہوں اور

پی۔اے سے علاقہ میں لڑکیوں کے لیے سکول اور پانی کے نل کا بھی مطالبہ کرتا ہوں۔ پانی کے نل کے لیے تو انہوں نے وعدہ کر رکھا ہے۔مگر سکول کے متعلق وہ کہتے ہیں: ''سردار نہیں مانتا، لیکن میں نے اُن سے کہا ہے کہ میں تو مانتا ہوں۔ پہلے آپ میرے گاؤں میں تو سکول قائم کریں۔(۳۳)

موت کا فہم:

اگست ۱۹۸۳ء میں میر صاحب کی طبیعت ناساز ہوگئی۔ گھر پہ ہی علاج کرنے کے بعد وہ قدرے سنبھل گئے۔لیکن نومبر میں انہیں پھر بخار ہوا اور اُن کی کھانسی میں بھی شدت پیدا ہوگئی۔اُن کے عزیز و اقارب انہیں علاج کی غرض سے کراچی لے جانا چاہتے تھے۔مگر وہ مان نہیں رہے تھے۔لیکن انہیں بڑی مشکل سے کوئٹہ کے سی۔ایم۔ایچ جانے پر آمادہ کرلیا گیا جہاں ڈاکٹروں نے کینسر کی تشخیص کی۔

میر گل خان نصیر کا کراچی نہ جانے کی بنیادی وجہ یہ تھی کہ اُن کے پاس اتنے پیسے نہیں تھے۔کہ وہ اپنا علاج کراسکتے جبکہ دوسری طرف وہ اپنی خودداری کے باعث رشتہ داروں پر بوجھ بھی نہیں ڈالنا چاہتے تھے۔

کراچی میں ڈاکٹر اے۔ ایچ سعید نے انہیں مڈایسٹ میڈیکل سینٹر داخل کیا۔لیکن افاقہ ہونے کی بجائے اُن کی طبیعت روز بروز بگڑنے لگی۔

لال بخش رند لکھتے ہیں:

''جب ہم اُن کی عیادت کے لیے ہسپتال گئے تو گفتگو کے دوران میر صاحب کو کھانسی کا دورہ پڑا۔ پھر جب کھانسی کا دورہ کچھ کم ہوا تو کہنے لگے لالہ! میں نے یہ باب ختم کردیا ہے۔ اب میں جا رہا ہوں۔ اب یہ نوجوانوں کا کام ہے کہ وہ تحریک کو آگے بڑھائیں۔''

یہ سب وہ اتنے اعتماد سے کہہ رہے تھے کہ میں سمجھا کہ وہ شاید مجھ سے مذاق کر رہے ہیں۔ اِس پر میں نے اُن سے کہا کہ میر صاحب! ایسی بات نہ کریں۔تو پھر کہنے لگے:

''نہیں، واقعی میں جارہا ہوں۔ میں نے اپنا کام ختم کردیا ہے۔''

اِس جملے کے بعد اُن پر کھانسی کا شدید حملہ ہوا اور اُن کا سانس رکنے لگا۔(۳۴)

بالآخر میر گل خان نصیر منگل کے روز ۶ دسمبر ۱۹۸۳ء کی شب سوا گیارہ بجے اپنے خالقِ حقیقی سے جاملے۔۔۔۔

حوالہ جات

۱۔ گوہر ملک، بابا، ماہنامہ بلوچی دنیا ملتان، دسمبر

۱۹۸۴ء ص ۱۸

۲۔ عبداللہ جان جمالدینی، لٹ خانہ، پروگریسو رائٹرز ایسوسی ایشن کوئٹہ ص ۱۵۲

۳۔ میر عاقل خان مینگل، چوزم مئے کہ کس بجاھی، تپستان کوئٹہ، مئی، جون ۱۹۹۰ء ص ۷۰

۴۔ گوہر ملک، بابا، ماہنامہ بلوچی دنیا ملتان، دسمبر ۱۹۸۴ء ص ۱۵

۵۔ گوہر ملک، یا تانی پاھار، تپستان کوئٹہ، مئی، جون، ۱۹۹۰ء ص ۶۵

نیز دیکھیئے۔ عبدالصبور، ورشہ، بلوچی اکیڈمی کوئٹہ ۲۰۰۵ء ص ۳۲

۶۔ گوہر ملک، گلبلک نمدی، ماہتاک بلوچی کوئٹہ، دسمبر ۱۹۸۶ء ص ۳۵

۷۔ گوہر ملک، بابا، ماہنامہ بلوچی دنیا ملتان دسمبر ۱۹۹۶ء ص ۱۸

۸۔ لال بخش رند، میر گل خان نصیر، شاعرِ انقلاب مشمولہ میر گل خان نصیر: شخصیت اور سیاست، نور محمد شیخ (مرتب) عوامی ادبی انجمن کراچی ۱۹۹۳ء ص ۷۷۔۸۷

۹۔ گوہر ملک، بابا، ماہنامہ بلوچی دنیا ملتان، دسمبر ۱۹۸۴ء ص ۱۸

۱۰۔ ۔۔۔۔۔ایضاً۔۔۔۔۔ص ۱۸

۱۱۔ ۔۔۔۔۔ایضاً۔۔۔۔۔ص ۱۶

۱۲۔ گوہر ملک، یا تانی پاھار، تپستان کوئٹہ مئی، جون ۱۹۹۰ء ص ۶۶

۱۳۔ عبداللہ جمالدینی، میر گل خان نصیر، صحافی، ماہنامہ بلوچی دنیا ملتان، دسمبر ۱۹۸۴ء ص ۲۹

۱۴۔ عبداللہ جمالدینی، لٹ خانہ، پروگریسو رائٹر ایسوسی ایشن کوئٹہ ص ۱۴۸

۱۵۔ گوہر ملک، یا تانی پاھار، ماہتاک تپستان کوئٹہ، مئی، جون، ۱۹۹۰ء ص ۶۷

۱۶۔ گوہر ملک، بابا، بلوچی دنیا ملتان، دسمبر ۱۹۸۴ء ص ۱۶

۱۷۔ ۔۔۔۔۔ایضاً۔۔۔۔۔ص ۱۷

۱۸۔ عبدالصبور، ورشہ، بلوچی اکیڈمی کوئٹہ ۲۰۰۵ء ص ۲۸

۱۹۔ گوہر ملک، بابا، بلوچی دنیا ملتان دسمبر ۱۹۸۴ء ص ۱۶

۲۰۔ ۔۔۔۔۔ایضاً۔۔۔۔۔ ص ۱۵

۲۱۔ ۔۔۔۔۔ایضاً۔۔۔۔۔ ص ۱۵

۲۲۔ عبدالقادر اشیر شاھوانی، میر گل خان نصیر، ماہنامہ بلوچی دنیا ملتان دسمبر ۱۹۸۴ء ص ۶۴

۲۳۔ لال بخش رند، میر صاحب کی چند یادیں (مشمولہ) میر گل خان نصیر: شخصیت، شاعری اور سیاست ، مرتبہ نور محمد شیخ، عوامی ادبی انجمن کراچی ۱۹۹۳ء ص ۷۸

۲۴۔ میر گل خان نصیر، (پیش لفظ) بلوچی عشقیہ شاعری، بلوچی اکیڈمی کوئٹہ ۱۹۷۹ء

۲۵۔ لال بخش رند، میر گل خان نصیر، شاعر انقلاب (مشمولہ) میر گل خان نصیر: شخصیت، شاعری اور سیاست ۱۹۹۳ ء ص ۷۰۔۶۹

۲۶۔ لال بخش رند، میر صاحب کی چند یادیں (مشمولہ) میر گل خان نصیر: شخصیت، شاعری اور سیاست ۱۹۹۳ء ص ۸۱

۲۷۔ گوہر ملک، بابا، ماہنامہ بلوچی دنیا مُلتان، دسمبر ۱۹۸۴ء ص ۱۶

۲۸۔ لال بخش رند، میر گل خان نصیر، شاعرِ انقلاب (مشمولہ) میر گل خان نصیر: شخصیت، شاعری اور سیاست ۱۹۹۳ء ص ۷۰

۲۹۔ لال بخش رند ، میر صاحب کی چند یادیں (مشمولہ) میر گل خان نصیر: شخصیت، شاعری اور سیاست ۱۹۹۳ء ص ۸۵

۳۰۔ گوہر ملک، بابا، ماہنامہ بلوچی دنیا ملتان، دسمبر ۱۹۸۴ء ص ۱۶

۳۱۔ عبدالصبور، ورثہ، بلوچی اکیڈمی کوئٹہ ۲۰۰۵ء ص ۵۴

۳۲۔ گوہر ملک یا تانی پاھار، ماہتاک تپستان کوئٹہ، مئی، جون ۱۹۹۰ء ص ۶۶

۳۳۔ ۔۔۔۔۔۔۔ایضاً۔۔۔۔۔ ص ۶۵

۳۴۔ نور محمد شیخ (مرتب) میر گل خان نصیر: شخصیت، شاعری اور سیاست، عوامی ادبی انجمن کراچی ۱۹۹۳ء ص ۹۵

☆☆☆☆

بلوچوں کا ہمدردِ اعظم تھا گل خاں
شناسائے تقدیرِ عالم تھا گل خاں
وہ اپنے وسائل کے لٹنے پہ یارو
ہمہ وقت مصروفِ ماتم تھا گل خاں

منظور بلوچ

میر گل خان نصیر ایک تجریدی تصویر

بیرم غوری

منیر نیازی نے لاحاصلی کو باغبانی صحرا سے تعبیر کیا ہے۔ غالب کے شعر سے مستعار باغبانی صحرا ہماری ادبی، علمی، صحافتی اور سیاسی تنہائی میں اونگھتے کتنے ہی نابغۂ روزگار کرداروں کو تاریخ دیمک کی طرح چاٹ گئی۔ پھر بھی اخلاص کی کم پڑتی چادر سے کتنے ہی چہرے باہر جھلک پڑتے ہیں۔ جنہیں تاریخ اور تحاریک متعین نہیں کر پاتیں۔ انسانی حقوق، سیاسی آزادیوں، تخلیقی جرات مندیوں اور آزادی اظہار کی کمیابی اس پرآشوب دور کے زمانی ادراک کا ایسا چوکھٹا ہے، جس کے گرد بدانتظامی کی باڑ لگی رہی۔ دہری جدوجہد اور آئینی ارتقاء کے درمیان تحلیل ہوتی انیسویں اور بیسویں صدی عوام کے قانونی اختیارات اور سائنسی ایجادات سے سماجی تبدیلیوں، علمی بصیرتوں اور تخلیقی بالادستی سے عبارت ہوتی رہی۔

میر گل خان نصیر کا دور بظاہر انقلاب روس سے تین برس قبل شروع ہوا۔ لیکن ان کی ''موئے آتش دیدہ'' روح وقت کے حلقہ زنجیر میں کبھی مقید نہیں رہ پائی کیونکہ آزادی اور عزت و شرف جیسی اقدار زماں ناآشنا رہتی ہیں۔ گل خان نصیر بھی وقت کی لہر سے باہر جھلک پڑے ہیں۔ انہوں نے اپنے دور کو ایک مؤرخ کے طور پر ایک سیاسی مدبر کے طور پر اور ایک عظیم شاعر اور دانشور کے طور پر، سمجھا اور بیان کیا۔ ان کی علمی، ادبی اور تحقیقی شخصیت آج بھی عوامی تصدیق سے ہی مستند ہے۔ ۱۹۳۴ء میں انجمن اسلامیہ ریاست قلات کے منتخب صدر بعدازاں کتنی ہی کالعدم قرار پانے والی سیاسی جماعتوں کے رہنما رہنے والے میر گل خان نصیر بلوچستان میں سیاسی بیداری اور سیاسی تنظیم کاری، آئینی ارتقاء صحافتی اثر آئینی اور سماجی تبدیلی میں ادب بلکہ ترقی پسند ادب کے کردار کو قبائلی جمہوری تجربے میں تحلیل کرنے کے کارشیشہ گری کے سزاوار تھے۔ ہندوستان میں ۱۹۰۹ء مارلے منٹو اصلاحات، ۱۹۱۹ء جمسفورڈ اصلاحات اور ۱۹۳۵ء کے انڈیا ایکٹ سے دستوری آزادی، جمہوری اعتباریت، صحافتی رسائی و تفہیم اور تخلیقی وفور سے دیرپا ترقی

کا خواب دیکھنے والے وسیع المطالعہ اور، مصلحت نا اندیش انسان تھے۔ یہ عہد اپنے ساتھ عالمی تبدیلیاں، جنگیں اور نئے سیاسی خیالات لایا تھا۔ ۱۹۰۹ء، ۱۹۱۹ء اور ۱۹۳۵ء انڈیا ایکٹ کی دستور سازی کی اطلاق کم مائیگی نے نئے تہذیبی، تاریخی، جغرافیائی، لسانی اور مذہبی امتیازات کی دھار تیز کر دی تھی جو تاریخ کی سیاسی منطق کا معروضی نتیجہ تھی۔ بنگال، کلکتہ اور مدراس کی پریزیڈنسیاں علاقائی خودمختاری یا صوبائی خودمختاری کی ابتدائی علامتیں تھیں اور عدم مرکزیت کی ابتداء اور جمہوری تجربیت یعنی لوکل گورنمنٹ کا عملی تجربہ جو خود انحصار فن ریاست کاری کا افتتاحیہ ثابت ہوا۔ ۱۸۵۷ء کے بعد اصلاح پسند یعنی سرسید احمد خان اور راجہ رام موہن رائے کمپنی کی حکومت کے خاتمے اور برطانوی میگنا کارٹا کے نتیجے میں جمہوریت، آئین، پارلیمنٹ اور رائے عامہ کی تشکیل کا مطالبہ کر رہے تھے جس کی تکمیل ۱۹۳۵ء ایکٹ تھا۔ جو سماجی تبدیلی اور سیاسی اختیارات کے حصول کا ابتدائی مگر نامکمل آئینی اتفاقِ رائے تھا۔ جس نے ہندوستان میں متنوع سیاسی سرگرمیوں، نقطہ ہائے نظر اور ثقافتی، مذہبی، لسانی سوالات کو ابھارا۔ ۱۹۱۷ء کے انقلاب روس کی دھمک بھی اس عہد کے اہم موڑ پر سنائی دیتی ہے۔ جو میر گل خان نصیر کی سیاسی تربیت کے دور کے اہم خدوخال مرتب کرتا ہے۔ برصغیر میں آزادی کی ابتدا صوبائی خودمختاری سے مربوط و مشروط رہی۔ میر گل خان نصیر بھی ان ساری سیاسی تحریکوں کا حصہ رہے جو بلوچستان کی ابتدا ءخودمختاری کے مطالبے سے جڑی رہیں۔

۱۹۳۵ء کا سال انڈیا ایکٹ، ترقی پسند تحریک کے آغاز اور بلوچستان میں کوئٹہ زلزلے کے حوالے سے ہمیشہ ممتاز رہے گا۔ گل خان نصیر ترقی پسند تحریک سے متاثر ہی نہیں بلکہ اس سے متفق تھے۔ وہ لا طبقہ سماج کے قیام کا خواب دیکھتے، پسِ زندان اذیتیں سہتے اور شعر تخلیق کرتے رہے۔ فیض احمد فیض نے ان کے بلوچی ترانے کو ترجمے کی آب دی اور ان کی للکار کو مطلع تاریخ میں تبدیل کر دیا۔

جب تک وہ بہادر سرِ میداں نہیں آتے
جو اپنے لہو سے ہیں فضاؤں کو سجاتے
اے ہمدمِ شب گریہ خوں آپ سلامت
اے سرخ دیے تیری تب و تاب سلامت

انسانی شرف مندیوں پر غیر متزلزل یقین رکھنے والے گل خان نصیر اس تحریک سے زندگی بھر لاتعلق نہ ہو سکے۔ میں کتاب شماری نہیں کروں گا۔ بلکہ اُس روحِ عصر اور شعورِ زمانے کو بنیاد بنانا چاہتا ہوں جو بلوچستان

میں ''گلبانگ'' سے آغاز پاتا ہے اور بلوچستان کی بوطیقہ بن جاتا ہے ۔ اس تخلیقی وجدان اور مزاحمتی شعور نے بلوچستان کی تخلیقات کو عالمی ادب سے جوڑ دیا اور اسے توقیر دی۔ یہاں میر گل خان نصیر شخصیت نہیں شعور بن جاتے ہیں۔ تاریکی کی نسوں سے دمکتی روشنی، اَن بجھ روشنی ....لینن پرائز سے محروم رکھی گئی روشنی..........لیکن جو آفاقی صداقت سے جڑ کر لافانی ہو جاتی ہے۔

۳۳۔ ۱۹۳۲ء بلوچستان میں سیاسی تنظیم کاروں کا افتتاحیہ ہے۔ ۱۹۳۸ء میں پریس ایکٹ کا اطلاق ہوتا ہے۔ ۱۹۳۷ء کا سال قلات سٹیٹ نیشنل پارٹی کے قیام کا سال قرار پاتا ہے۔ قومی شناخت کے تمام معتبر حوالوں میں گل خان نصیر، تاریخ کے ہمسفر ہیں۔ ۱۹۴۹ء میں میر گل خان نصیر نے ''نوائے بلوچستان'' سے صحافت کا آغاز کیا۔ ۱۹۴۹ء کو بڑے امتیازات حاصل ہیں۔ یعنی قرارداد مقاصد، دستور میں صوبائی خودمختاری کا تعین، جو بعد ازاں قراردادِ مقاصد کی گونج میں دب کر رہ گئی۔ ۱۹۴۹ء میں پنجاب، سندھ، سرحد، بلوچستان اور مشرقی پاکستان میں الگ الگ سیفٹی آرڈیننس کا مقامی حالات کے پیش نظر نفاذ کیا گیا۔ دفاع امورِ خارجہ اور تحفظ پاکستان کے لیے ہر صوبے میں دو آرڈننس نافذ کیے گئے۔ ایک مرکزی اور دوسرا صوبائی۔ بقول ضمیر نیازی کے '' ۵ اکتوبر ۱۹۴۷ء جو پبلک سیفٹی آرڈننس نافذ ہوا، یہ وہی آرڈننس تھا، جس پر قائداعظم نے دستخط کرنے سے انکار کر دیا تھا''۔ ۱۹۵۲ء میں پانچوں صوبائی آرڈننس واپس لے لیے گئے اور ان کی جگہ آئین ساز اسمبلی نے سیکیورٹی ایکٹ آف پاکستان کے نام سے قانون منظور کر لیا۔ پاکستان فیڈرل یونین آف جرنلسٹس نے اسے مضحکہ خیز قرار دیا، ۱۹۴۷ء سے ۱۹۵۳ء تک سولہ سو اخبارات کی بندش عمل میں آئی۔ نیشنل پریس ٹرسٹ کو قائم کر کے عوامی ترجمان کے فرائض سرانجام دینے والے اخبارات فروخت کر دیے گئے۔ کمیونسٹ پارٹی پر پابندی عائد کی جا چکی تھی اور اہل قلم پس زندان دھکیل دیے گئے۔ ۱۹۶۳ء میں پریس پبلیکیشن آرڈننس نافذ کر کے لوح و حرف کی بخیہ گری کا اہتمام کیا گیا۔

۱۹۴۹ء ''نوائے بلوچستان'' میر گل خان نصیر کی صحافت کا آغاز اور ۱۹۵۳ء ''نوائے وطن'' کی تہذیب تراشی۔ صحافت کتنی مجروح، مگر کتنی بلند آہنگ تھی جس کی آنچ بھی مدہم نہیں ہوتی۔

وقت کی تقویم میں یہ برس میر گل خان نصیر سے منسوب ہے۔ پتہ نہیں اس مورّخ کو تاریخ کب متعین کرے گی۔

☆☆☆

مزاحمتی شاعری کے سرخیل
میر گل خان نصیر

ڈاکٹر علی دوست بلوچ

معروف ادیب، دانشور، سیاست دان، مؤرخ، محقق اور ملک الشعراء میر گل خان نصیر کا عہد جہاں ایک طرف گھٹن، شکست و ریخت، مایوسی، نا اُمیدی، بے حسی، انفرادیت، بیگانگی اور ذاتی و گروہی مفادات کو قومی مفادات پر ترجیح دینے کا زمانہ تھا تو دوسری طرف انگریزوں کی غلامی، ظلم، جبر، نا انصافی اور سرداری نظام کے خلاف، اور آزادی اور سرزمین کی بقاء کے حوالے سے شعور اور آگاہی کی تحریک بھی شروع ہوگئی تھی۔ایسے میں دیگر ادبا، شعراء اور سیاسی اکابرین کے ساتھ ساتھ میر گل خان نصیر ایک سیاسی علمی و ادبی شعور اور ایک نئی آواز لیے ایک تخلیق کار اور سیاست دان کے طور پر سامنے آتے ہیں۔

حقیقی ادیب اور تخلیق کار جو اپنے عہد اور زمانے میں عوام کی رہنمائی کا فریضہ سرانجام دینے کے ساتھ وہ ادب تخلیق کرتے ہیں جو فکری تحریک کا سبب بھی بنتے ہیں۔ چنانچہ میر گل خان نصیر نے بھی فکر اور شعور کی شمعیں جلاتے ہوئے اپنے عوام کی راہنمائی کا فریضہ سرانجام دیتے ہوئے وہ ادب تخلیق کیا جس نے جدید بلوچی شاعری میں نئی راہوں کے تعین میں اہم کردار ادا کرتے ہوئے اس میں مزاحمت اور احتجاج کے ساتھ ساتھ فکری تحریک کے حوالے سے ٹھوس بنیادیں فراہم کیں۔ چنانچہ ہم دیکھتے ہیں کہ اس مزاحمتی اور فکری تحریک نے علمی، ادبی، سیاسی و سماجی میدان میں وہ مثبت تبدیلیاں پیدا کیں، جن کی مثالیں دی جاتی ہیں۔

انگریزی حکومت اور تقسیم ہند سے پہلے بلوچستان کے قومی زبانوں کے متعلق بیشتر شعراء اُردو ہی میں شاعری کرتے تھے۔ ان میں معروف سیاسی و سماجی رہنما میر یوسف عزیز مگسی، میر محمد حُسین عنقا اور میر گل خان نصیؔر بھی شامل تھے۔ جنہوں نے وطن کی محبت اور بلوچوں میں اتحاد و اتفاق پیدا کرنے کی خاطر اُردو ہی میں شاعری کی۔ لیکن بقول میر گل خان نصیر پشاور کے

ایک علمی وادبی تقریب میں پشاور کے شعراء کی اپنی قومی زبان پشتو میں اشعار سننے کے بعد انہوں نے بلوچی میں شعر کہنے کی ابتداء کی اس کے علاوہ چونکہ وہ مولانا ظفر علی خان اور علامہ اقبال کی قومی اور سیاسی شاعری سے زیادہ متاثر تھے۔ وہ انہی کے رنگ میں شاعری کرتے تھے۔ لیکن اپنی قومی زبان کی محبت اور قدیم شاعری کے مطالعے کے بعد انہوں نے بلوچی شاعری پر توجہ دینا شروع کر دی۔

اس حوالے سے اُن کا اپنا کہنا ہے۔

''میری شاعری میں اس میں کوئی شک نہیں کہ وطن سے اس فطری محبت کے علاوہ کسی حد تک قبائلی عصبیت کا بھی عمل دخل رہا ہے مگر بلوچی قوم پرور شعراء کے کلام نے میرے دل میں بچپن سے ہی حب الوطنی کے جذبے کو سب سے زیادہ ابھارا ہے جن کے کلام کو سننے اور ازبر کرنے میں ہمیشہ سے مشتاق رہا ہوں۔ شاعر ریکی میرے قبیلہ کے ''ریزوار'' (قومی) شاعر ہیں۔ بالاچ گورگیج جن کو میں بلوچوں کا عظیم قوم پرور شاعر مانتا ہوں، ابتدائے عمر سے ہی میرے پسندیدہ شاعر ہیں۔ ان شعراء کے کلام نے میرے دل پر جو نقش مرتب کیئے، بلاشبہ عمر کے ساتھ ساتھ ان میں زیادہ گہرائی اور وسعت پیدا ہوتی رہی'' اور ان کا کینوس بڑھتا اور پھلتا رہا ہے'' (فکروفن)۔

میر گل خان نصیر کی شاعری کے بارے میں اکثر یہ کہا جاتا ہے کہ وہاں فکر تو بدرجہ اتم موجود ہے لیکن فن کی طرف زیادہ توجہ نہیں دی گئی ہے۔ یا یوں کہہ لیجئے کہ انہوں نے مزاحمتی شاعری کرتے ہوئے نعرہ بازی کی ہے یا یہ وہ لطیف جذبات اور احساسات کی بجائے شاعری کی فیکٹری میں توپ، بم اور بارود ہی بناتے ہیں اور ایسی شاعری دیرپا اور ہمیشہ رہنے والی نہیں ہوتی ہے۔ لیکن ہم سمجھتے ہیں کہ اُن کی ساری شاعری کا اگر جائزہ لیا جائے تو وہاں ہمیں فکر اور فن کی ایک خوبصورت آمیزش بھی نظر آتی ہے۔ گو کہ انہوں نے اپنے تجربات مشاہدات، اور اپنے عہد اور زمانے کے حالات اور واقعات سے متاثر ہوتے ہوئے سچائی اور دیانت کے ساتھ شاعری کو اظہار کا ذریعہ بنایا ہے۔

واحد بزدار اپنی کتاب ''فکروفن'' میں میر نصیر کے حوالے سے یوں رقم طراز ہیں۔

''میر نصیؔر کی شاعری کا تخاطب عوام ہے اور وہ بلا شبہ اپنے عہد کے وہ دیومالائی شخصیت ہیں۔ جنہوں نے اپنی سرزمین کی بقا اور عوام کی خوشحال کیلئے نہ صرف بحثیت ایک قومی شاعران کی اُمنگوں، آرزوؤں، خوابوں اور ان کے آدرشوں کی بھرپور نمائندگی کی بلکہ انہوں نے اس جدوجہد میں براہ راست شرکت کر کے ان کے ساتھ اپنی والہانہ محبت اور عملی وابستگی کا بھرپور

مظاہرہ کیا اور وہ اس مقصد کیلئے کبھی جیل کی تنگ وتاریک کوٹھڑیوں میں رہے۔ لیکن یہ شخص اپنے اصولوں اور نظریات سے کبھی بھی دستبردار نہیں ہوئے''

''بُرزیں دیوال'' (حِصارِ زندان) میں وہ اپنی اس یقین واعتماد کا اظہار کرتے ہوئے کہتے ہیں۔

یہ سر بفلک قلعے
یہ سنگ وآہن کی دیواریں
تنگ وتاریک دراور یہ کھنکتی زنجیریں
فکر انسان کو پابہ جولاں نہیں کر سکتے
ہر عہد میں آمر وفرعونوں نے
قدم قدم پر قتل گاہیں اور زنداں بنائے تھے
مگر سچ کی گواہی دینے والوں نے
حرمت لفظ کے پاسداروں نے
فصیل جسم پر زنجیریں سجا کر
قتل گاہوں کو روند ڈالا تھا
شعور تو روشنی ہے۔
جسے پس زندان نہیں کیا جاسکتا
یہ اُمید کی وہ کرن ہے
جو شکستہ اور خستہ جانوں کے حوصلے بڑھاتا ہے
یہ سچ ہے کہ موت کے سوداگروں اور لہو فروشوں نے
جابر وآمر اور اپنے عہد کے خداؤں نے
اپنی جھوٹی جاہ وحشم کے بل بوتے پر
سروں کے مینار سجائے تھے
مگر حریت فکر کو قتل نہیں کیا جاسکتا
شعور کو سرنگوں نہیں کیا جاسکتا۔ (فکر وفن)

ایک جگہ میر گل خان نصیر کہتے ہیں۔

''میری شاعری میں براہ راست شمشیر وسناں کا ذکر میرے بعض احباب کو پسند نہیں آتا۔ لیکن میں اپنے جذبات کی یورش سے اس قدر محو ہو جاتا ہوں کہ ان احباب کی ہدایات پر عمل نہیں کر سکتا۔ طبیعت میں جب روانی آتی ہے اور اشعار کا سیلاب امڈ آتا ہے تو اس میں تیر وتفنگ کی صدا گونجنے لگتی ہے تب میں اسے روک نہیں سکتا''

وہ اپنی ایک نظم ''مہر زاناں'' میں اپنی تلخ نوائی کا حوالہ دیتے ہوئے کہتے ہیں۔ کہ ایسی کوئی بات نہیں کہ میں محبت کی زبان نہیں سمجھتا۔ مگر جبر کی سختیوں اور تلخیوں کی اس فضا اور گھٹن ونامساعد حالات میں سوائے اس کے اور کیا کہا جاسکتا ہے۔ ویسے میر گل خان نصیر نے خوبصورت رومانوی شاعری بھی کی ہے۔ وہ کہتے ہیں۔

کون کہتا ہے کہ بیگانہ مہر و وفا ہوں میں
مگر اس دل بے اماں کو کیسے سمجھائے کوئی
پیٹ کی آگ کو کیونکر بجھائے کوئی
اشک آنکھوں کے کیسے چھپائے کوئی

کون کہتا ہے کہ بیگانہ مہر و وفا ہوں میں
جمال رنگ و روشنی سے نا آشنا ہوں میں
برھنہ تن، گرسنہ ماؤں اور بہنوں کا غم
جابجا خون میں لتھڑی ہوئی لاشوں کا غم
راکھ کے ڈھیر میں بدلتے گھروں کا غم
کوئی ایک دکھ ہو تو بھلائے کوئی
کون کہتا ہے کہ بیگانہ مہر و وفا ہوں میں
جمال رنگ و روشنی سے نا آشنا ہوں میں
(فکروفن از واحد بزدار)

میر گل خان نصیر صرف بلوچ اور بلوچستان کے شاعر نہیں تھے بلکہ وہ ساری دنیا میں انسان کی آزادی چاہتے تھے ساری دنیا میں مظلوم ومحکوم عوام کی لڑائی کو اپنی لڑائی سمجھتے تھے۔

یہی وجہ ہے کہ ان کی شاعری میں قومی سوچ نے بدلتے وقت اور حالات میں سفر کرتے ہوئے عالمگیریت کا روپ دھارلیا۔ چونکہ وہ فیض احمد فیض کی شاعری سے متاثر تھے اور یہ بھی جانتے تھے کہ عملی جدوجہد سے ہی انسان اپنی منزل پالینے میں کامیاب ہوجاتا ہے۔ یہی وجہ ہے کہ ساری زندگی قلم سے جہاد کرنے کے ساتھ ساتھ ظلم و جبر کے خلاف عملی جدوجہد کرنے والوں کے کارواں میں بھی شامل رہے، ہم سمجھتے ہیں کہ ان کی شاعری نمیران یعنی ہمیشہ زندہ رہنے والی شاعری ہے۔

آج بھی اُن کی شاعری دلوں کو گرماتی ہے کل بھی گرماتی رہے گی۔ کیونکہ آج بھی حالات نہیں بدلے جو اُن کے دوراور زمانے میں تھے۔ انہوں نے کہا تھا اب وہ گاؤں کدھراور قبیلے کہاں ہیں؟ وہ کہسار کہاں اور پہاڑیاں کس طرف ہیں نسیم صبح سے بھی خون کی بوآتی ہے عطراور چنبیلی کی مہک اب کہاں سے آئے ....

اُس وقت گل خان نصیر نے کہا تھا۔

ستم کو ستم ، ظلم کو ظلم کہونگا چپ نہ رہونگا
یہ جان جائے تو جائے سچ کہونگا چپ نہ رہونگا

چنانچہ جس مزاحمتی اور فکری تحریک اور شعور کی راہوں میں وہ محوسفر رہے انہی راہوں پر آج جدید بلوچی شاعری کا کاروان بھی محوسفر ہے جہاں کم وبیش سارے شعراء کی شاعری کا مرکزی موضوع ظلم، جبر اور ناانصافی کے خلاف احتجاج مذاحمت اور انکار ہے۔

میر صاحب کی مطبوعہ کتب میں تاریخ بلوچستان (حصہ اول حصہ دوئم) کوچ و بلوچ، گلبانگ، شپ گروک، ھپت ھیکل، گلگال، بلوچستان کی کہانی شاعروں کی زبانی، بلوچی عشقیہ شاعری، بلوچی رزمیہ شاعری، پُرنگ، گرند اور کئی دیگر کتابیں شامل ہیں۔ واقعی وہ ایک ہمہ جہت شخصیت تھے ایسی شخصیات صدیوں میں جنم لیتی ہیں۔

☆☆☆

گل خان نصیر اور طبقاتی جدوجہد

ڈاکٹر شاہ محمد مری

میر گل خان سماج کا صرف تجزیہ ہی نہیں کرتا' بلکہ وہ تو اس طبقاتی نظام کے بارے میں عوامی شعور بیدار کرنے میں جت جاتا ہے۔ کبھی ماسٹر بنتا ہے، کبھی کلاس فیلو بنتا ہے اور کبھی مبلغ۔ وہ بالا دست طبقات کے بنگلوں، محلات، دبدبے اور سونا چاندی کو خدا کی عنایت نہیں مانتا، بلکہ بتاتا ہے کہ یہ سب کچھ آپ کے میرے خون، ہڈی اور سروں سے بنائے گئے ہیں ۔ وہ بلوچ عوام اور سرداروں کے باہمی تعلق کو معکوس تعلق بتاتا ہے۔ بد بختی کا سارا ذمہ دار یہی بالائی طبقہ ہے۔

وہ فیوڈل نظام کے پاسبانوں کو شکار پوری ٹھگ سے بھی گیا گزرا سمجھتا ہے جن کے چکنے چپڑے فقروں نے اس نظام کو دوام دے رکھا ہے۔ وہ اِن کٹھ پتلے دانشوروں کی ساری لمبی بے کار باتوں کا ایک ہی شعر میں جواب دے کر اُن کی دانشوری کا محل گرا دیتا ہے۔

میر گل خان نصیر مدہم اور دھندلائے ہوئے اتحاد کو اتحاد نہیں سمجھتا۔ وہ بلوچستان کے ارتقاء میں معاون قوتوں کے اتحاد پر اپنی پوری زندگی صرف کرتا ہے۔ وہ مستقبل کی قوت کو ماضی پرستی کی قوت سے ٹکرانا چاہتا ہے اور بلوچ عوام الناس کی ترقی کی راہ روکنے والوں کو پہچان کر انہیں عوامی قوت کی مدد سے ختم کرنا چاہتا ہے:

میر گل خان ایک اچھے انقلابی کی طرح بلوچ عوام کو صحیح راستہ بتاتا ہے۔ وہ فلسفے کی طرح عملی سیاست میں بھی ان کی راہنمائی کرتا ہے۔ بات مصالحت، مذاکرات کی نہیں۔ اس لیے کہ بنیادی اور متصادم تضاد بات چیت سے حل نہیں ہو سکتے۔ انقلاب کے علاوہ

کوئی حتمی حل موجود نہیں ہے۔

میر گل خان، میرے بزرگ! تم نے خود کو چھپا کر ہمارے ساتھ کتنا برا کیا اور ہم نے تمہیں دریافت نہ کر کے کتنی سستی دکھائی۔ یہ دعویٰ، تصدیق کا محتاج نہیں کہ گل خان جیسے بڑے اور منفرد شاعر ہمارے خطے میں چند ہی ہوں گے۔ مکمل طور پر سوشلزم کے نظریے میں گندھے ہوئے شاعر۔

میر صاحب مونچھوں کے نیچے کوئی بات نہیں چھپاتا۔ سرداروں کو وہ کھلے عام 'ٹگ گریں فقیر، خانقاہی پیر اور شیطان کے وزیر' کہتا ہے۔ ایک ایک کر کے ان کی لوٹ کے طریقے بتاتا ہے۔ مالی، بجار، پرسی، جرگہ سب کی اصلیت بتاتا جاتا ہے۔ الغرض گل خان نصیر سرداری نظام کے استحصال و بربریت کو بہت واضح اور بڑی تکرار کے ساتھ بے نقاب کرتا چلا جاتا ہے۔ اس کا تجزیہ ہے کہ سرداروں کو لوٹ کھسوٹ میں بڑی مہارت حاصل ہے اور وہ بڑی ہنرمندی اور بقول گل خان ''مندر' (منتر) سے غریب کا مال کھاتے ہیں۔ ایسی جونک جو قوم کے گلے میں پیوست ہے:

بہ مثلِ جونک سرداروں نے ہم کو چوس رکھا ہے

الٰہی رنگ لائے گی یہ خونِ بے زبان کب تک

بلاشبہ فکری لحاظ سے میر گل خان نصیر سرداری نظام کے خلاف ایک ہول ٹائمر مجاہد ہو گزرا ہے۔ اس سرداری نظام کے رکھوالوں کے منہ میں رام رام ہوتا ہے مگر بغل میں چھری۔ گل خان ان کے بارے میں عوام الناس کو خبردار کرتا ہے:

کسی بھی انقلاب کے لیے اپنے سماج میں نچلے طبقات کی شناخت ضروری ہوتی ہے۔ اُس کے بغیر صف بندی ہو نہیں سکتی۔ میر گل خان بہت باشعور انداز میں انقلابی قوتوں کی نشاندہی کرتا ہے، اُن کے مخالف کا تعین کرتا ہے اور منزل کی نشاندہی کرتا ہے۔

اس بات پر مغز کھپانے کی گنجائش اب نہیں رہی کہ بلوچ کی منزل کیا ہے؟۔ اس لیے کہ ہمارے سارے اکابرین سوشلزم کے بارے میں پریقین رہے ہیں۔ ہمارے کاروان کے اولین لوگوں کے دلوں میں سماجی انصاف اور برابری کا ایک مدہم تصور موجود تھا جسے بعد کے آنے والوں نے مزید سینچا، نکھارا، اور واضح کیا۔ ہمارے سارے قومی عوامی رہنماؤں نے واضح انداز میں اپنا نکتہِ نگاہ پبلک میں رکھا۔ مثلاً میر گل خان اسباب وعلل بیان کرتے

ہوئے دلیل کے ساتھ ہماری منزل متعین کرتا ہے۔

میر گل خان نصیر نہ صرف زبردست سامراج دشمن ہے، بلکہ وہ سرمایہ داری نظام کو بدل دینا چاہتا ہے اوراس کی جگہ پر مزدوروں کسانوں اورعوام الناس کی حکمرانی کا قیام چاہتا ہے:

میر گل خان نچلے طبقات کوزبردست انداز میں امید بھرا سبق پڑھاتا ہے۔ اُن کی ہمت بڑھاتا ہے۔انہیں آگے بڑھنے کے لیے شاباش کہتا ہے۔اُن کے فارورڈ مارچ کے لیےترانے لکھتا ہے۔میر گل خان راہبر ہے۔ وہ انقلاب کے قافلے کوراستہ بتاتا ہے۔ گڑھوں،رکاوٹوں سے خبردار کرتا ہے۔رفتارکم یازیادہ کرنے کی سیٹی بجاتا ہے:

میر گل خان انقلاب کا سپیشلسٹ ہے۔ وہ ہمارا پیشین گو ہے۔ وہ اپنے عہد کے لوگوں میں سے،عوامی مارچ کی آہٹ سننے والی پہلاشعوری ذی روح ہے:

اگر چارسو برس قبل کے لانگو بلوچ (حضرت شاہ عنایت شہید) سے لےکرآج تک دیکھا جائے تو سوشلزم کسی نہ کسی صورت میں ہمارے سیاسی اجداد کے پروگرام کااہم حصہ رہاہے۔مصری خان کھیتران، عبدالعزیز کرد، یوسف مگسی، میر غوث بخش بزنجو ......ہمارا پورا قافلہ سوشلزم کا قافلہ رہا ہے۔لیکن شاید سارے بلوچ دانشوروں،اورراہبروں میں سب سے زیادہ وضاحت کے ساتھ اورسب سے زیادہ بلند آواز کے ساتھ اورسب سے زیادہ تکرار کے ساتھ میر گل خان نے بلوچ تحریک کوسوشلزم سے جوڑ دیا تھا۔کوئی ابہام نہیں،کوئی مصلحت نہیں اورکوئی پس وپیش نہیں۔

میر گل خان مارکسزم کو بلوچ کا حتمی منزل گردانتا تھا۔اُس کی فکر عالمی مزدورتحریک اورسوشلزم کی سائنس سے سرشارتھی۔ اس نے بہت واضح اور برملا کہا تھا:

مارکسا پہ نوکیں عالما
پیغمبری کارے کتہ
پہ علم و ہوش و زانغا
بنداں غلامی ئے پروشت
بنداں مزور و بزّگئے
بگجت و بزگر شوانغئے
شوں دات انسانا پدا
براتی و امنئے راہسرا
گوانکے جتگ پہ عالما

مزدور و وہار و بزگاں
دنیا ئے مزدوراں یلیں
یکجا و یک مُشتا ببت
پہ بیڑیانی پروشگا
سرمایہ داراں گوں بڑا
مزدور ہچی با نہ دنت
بید اچ وثی دستئے کڑی

ترجمہ:

مارکس نے دورِنو کے لیے
کام پیغمبرانہ کر ڈالا
علم وہوش وشعور سے
توڑ دیں بیڑیاں غلامی کی
بیڑیاں مزدور کی لاچار کی
ساربان، کسان اور چرواہے کی
اور انسان کو راہ بتلا دی
بھائی چارے کی، امن وہستی کی
اور اعلان کر کے اس نے کہا
''محنت کشو، غریبو، کمزورو
ساری دنیا کے مزدورو!
ایک ہو جاؤ
اپنی بیڑیاں توڑنے کے لیے
بورژوازی کے ساتھ لڑنے میں
مزدور کچھ نہیں کھوتا
سوائے اپنے ہاتھوں کی ہتھکڑیوں کے''

اسی طرح وہ مارکس کے بعد آنے والے بڑے مارکسسٹ کی مثال دیتا ہے۔ اب اُس کے سامنے مارکس کے پیروکار اور انسانیت کے اہل فرزند' لینن کی مثال ہے۔ لینن جس نے دنیا میں سب سے پہلے سائنسی اور سوشلسٹ نظریے کی بنیاد پر تحریک بنائی منظّم کی، چلائی اور کامیاب کر ڈالی۔ اس نے اپنے ملک میں ایک سوشلسٹ معاشرے کی تعمیر کی۔ پوری دنیا کی آزادی کی تحریکوں کو کامیاب کرایا اور سرمایہ و سامراج کو دندان شکن شکست دے دی۔ یہ سارا عمل نہ صرف میر گل خان اور اُس کے ساتھیوں کے ذائقے کی چیز تھی بلکہ اسی نظریئے پر چل کر ہی اُن کے اپنے بلوچ عوام کی نجات ممکن تھی:

ملکاں اُرسئے مملکت
مس لیٹنے سرداری آ
شوں داتکین را ہئے سرا

سر گپتہ پہ سس د مڑا
تاھینت بہشتے مس جہاں
پاک چہ پُل و لٹئے عذاب
میرو امیرانی عتاب
شاہ و وزیرانی غضب
مُزدواریں ظلمئے نوکراں
نام آوریں ٹگ و لُپوس
دلاّل و ڈنگاں اچ درے
کاتکنت چو بیلاں ہمدلیں
استاد و تجار و حکیم
ملاّو زنڈیں پادری
سرمایہ دارانی دلال
اللہ و عیسیٰ مس دفا
لُچی و ٹھگی مس دلا
درستاں چہ ملکا درکتگ
بُن روتگا نِش بُرَ تگ
پاکیں اُرسےَ سرزمین
وہارو غریبانی پناہ
دنیا ئے امنئے پاسبان
دھکان و مزدوراں یلیں

مس لیمئے راھہ سرا
دیما تچان اِنت پہ ہُنر
پہ علم و کارو زانگا
ماہے کہ شاںنش برکشکھ دیان
مس آسمانئے پراھیاں
آر تش پہ چرو گردشا
گوڑینگی کلّیں جہاں

ترجمہ:

تمام ممالک میں روس کی مملکت
اپنے لینن کی راہنمائی میں
اس کی بتائی راہ پر
اعتماد کے ساتھ چل پڑی
دنیا میں ایک بہشت بنا ڈالی
جو پاک ہے لوٹ مار کے عذاب سے
میر وامیروں کے عتاب سے
شاہ و وزیروں کے غضب سے
ظلم کے نوکروں سے
نام آور ٹھگ و چاپلوس
دلال و خارجی ڈاکو

جو دلی دوست بن کے آتے تھے
بڑے تاجر، حکیم وکاریگر
ملا اور فربہ پادری
سرمایہ داروں کے دلال
لب پہ خدا نامِ مسیح
دل میں مکر دل میں فریب
ان ساروں کو دیس بدر کر دیا
ان کی جڑیں اکھاڑ دیں
اور روس کی پاک سرزمیں
محکوم غریب کی پناہ گاہ
عالمی امن کا پاسباں
دھقان ومزدور جانفشاں
لینن کی بتائی راہ پر
پُرہنر آگے بڑھیں
برائے حصولِ علم وکار
چمکتا چاند پھینکا
انہوں نے فلک کی وسعتوں میں
وہ گردش میں لے آئے
پوری دنیا کو

''لکاں بوٹی'' یا کلیٹر ڈ'' کا کھیل نہیں ہے۔ یہ کوئی نورا کشتی، کوئی وقت گزاری نہیں ہے۔ طبقاتی جدوجہد بالآخر سوشلزم پر منتج ہوجاتی ہے۔ کسی قبائلی بھائی بندی، کسی نسلی لسانی اتحاد، کسی اصلاحی ٹوپی ڈرامہ اور کسی چور دروازے کی بادشاہی تگ ودو اور ہر طرح کی گنجائش یہاں ختم ہوجاتی ہے۔

''انقلاب کوئی ذہنی اختراع، کوئی شغل میلہ تو ہوتا نہیں، یہ تو ٹھوس حالات کی پیداوار ہوتا ہے جس میں کسی لین دین، کسی شارٹ کٹ، کسی میٹرھ مرکہ اور کسی مفاہمت کی کوئی گنجائش نہیں ہوتی، ''زنجیروں میں بندھے ہوئے ہاتھوں کو کالے ناگ ڈستے ہیں۔ زنجیریں ہمارے عزم وحوصلے کو پست نہیں کرسکتیں۔ آگ میں بھی نصیر کو خنداں وشاداں دیکھو گے''۔

وہ اس جنگ وجدل کے سلسلے کا حتمی نتیجہ بھی بتاتا ہے۔ وہ اس نتیجہ کو حتمی بنانے تک طبقاتی جنگ جاری رکھنے کا بتاتا ہے۔ میر گل خان انقلاب کو کلیشے نہیں بننے دیتا۔ اِس طبقاتی جدوجہد کا نتیجہ وہ یوں مانگتا ہے۔

اور ہمارا شاعر یہ بھی جانتا ہے کہ طبقاتی جدوجہد کوئی ناکوئی ٹھاکر، ناکوئی راجا، ناہی رہے سردار

ناکوئی بھوکا، ناکوئی ننگا، نا ہی رہے زردار

اور جہاں...........

بزگ و محتاج و خوار

بنت نہ کسّی شکار

بیت نہ میر و نواب

زندہ بہ بیت انقلاب

آیئے ہم آخری مثال بھی پیش کر ڈالیں۔

اور خواب میں میر گل خان نصیر کی حکیم جام درک سے ملاقات والی نظم یاد کریں۔ جام اس سے حالات حاضرہ کا پوچھتا ہے تو گل خان اسے کھیت مزدور کی بد حالی، چرواہے کی نیم عریانی، برہنہ پائی اور نان شبینہ سے محتاجی کا دردناک منظر بتاتے ہوئے اہلِ زر اور صاحبانِ ثروت کی لوٹ اور درندگی کا تذکرہ کرتا ہے۔ جام درک جب ملول ہوتا ہے تو گل خان اسے ایک نیا معاشی نظام متعارف کرانے والے شخص، کارل مارکس کے بارے میں بتاتا ہے۔ وہ حکیم کو مارکس کا مقبولِ عام نعرہ ''دنیا کے مزدورو، ایک ہوجاؤ'' سناتا ہے۔

دنیا ئے مزدوراں یلیں

یکجا و یک مشتا بہ بت

پھر وہ جام کو لینن کی جدوجہد کے بارے میں بتاتا ہے جس نے مارکس کی بتائی ہوئی تعلیمات پہ عمل کر کے اپنے دیس کو جنت نظیر کر دیا۔ میر گل خان نصیر اسی مارکسی لینِنی انقلاب کا نقیب، اس کا سالار ہے۔ گل خان کو مارکسسٹ کے علاوہ کوئی اور نام دینے والے کی زبان پہ قیامت کے دن کالے کالے بچھو لٹکیں گے۔

زرتہ نصیر بیرغ سہریں چو آتشا

زانیں پہ کوہ و دشت و جبل انقلاب کنت

ترجمہ:

نصیؔر نے آگ کی طرح سرخ پرچم اٹھا لیا

وہ کوہ و دشت میں انقلاب لاتا ہے

چنگاری ہے، البتہ نہاں اُس میں ہے ایسا

اِک شعلہِ جو الہ جو دُنیا کو جلا دے

میں اپنے مگر دل میں اُسے پال رہا ہوں

اور اس کو ہوا دیتا ہوں اشعار سے اپنے

گل خاں نصیر

ہر قوم کا گل خان لائقِ ستائش ہے!

ڈاکٹر شاہ محمد مری

یہ اُوپر کا فقرہ میرا نہیں، یہ تو مجھ سے بہت بڑے تخلیقی ذہن کا فقرہ ہے: میر غوث بخش بزنجو کا، گل خان کے لیے۔ یہ فقرہ برحق ہے۔

میر گل خان اس فقرے کے بالکل شایانِ شان ہے۔ اگر ہم اُس کی سیاست، تاریخ دانی، تحقیق اور ایک زبردست مقرر والی صفات کو الگ بھی رکھ دیں اور صرف اس کی شاعری پہ بات کریں، تب بھی یہ فقرہ مکمل طور پر اُس پہ صادق آتا ہے۔ میر صاحب نے 'گلبانگ' کے بعد اپنی نازک خیالی اور عوامی زبان سے بھرپور 'شپ گروک' ۱۹۶۴ء میں چھپوائی۔ 'گرند' ۱۹۷۱ء میں آئی، 'ہون ءِ گوانک' ۱۹۸۸ء میں، 'پرنگ' ۱۹۸۸ء میں اور 'گل گال' ۱۹۹۳ء میں آئی۔ اس کی دو طویل جنگی نظمیں 'داستان دوستین و شیرین' ۱۹۶۴ء اور 'حمل و جیند'' ۱۹۶۹ء میں 'ہپت ہیکل و جنگانی زراب' ۱۹۹۰ء میں چھپی، اس میں بھی دو طویل جنگی نظمیں ہیں۔ ابھی تک اس کی بہت بڑی شاعری چھپنا باقی ہے۔ خداوندا، تو سارے جہاں کی یاد داشت والا ایک کمپیوٹر بلوچ کے مغز میں فٹ کر دے تاکہ ہم اپنے اس دیدہ ور کے خیالات و تخلیقات کو یاد رکھ سکیں۔ (..........اب اُس کا سارا کلام اُس کی لائق و ذمہ دار بیٹی نے شائع کر دیا ہے۔ گل خان کی کلیات چھپ چکی ہے۔ اس کی اردو فارسی شاعری الگ کتاب، میں نے چھپوادی ہے)۔

بلوچ شاعری کو، لہٰذا خود اپنی شاعری کو وہ بالکل ہی مختلف انداز سے دیکھتا ہے۔ وہ کہتا ہے: ''شاعری ایک فن نہیں ہے کیونکہ فن سیکھنے کی ایک چیز ہوتا ہے جسے کسی اُستاد کے سامنے زانوئے ادب تہہ کر کے سیکھا جاسکتا ہے، ایک ہُنر ہوتا یا ایک حرفہ ہوتا ہے۔ مگر شاعری سیکھنے کی چیز نہیں ہوتی کیونکہ یہ کوئی ہنر یا حرفہ نہیں شاعر کو کسی اُستاد کی ضرورت نہیں ہوتی۔ جیسا کہ علامہ اقبال نے ایک جگہ فرمایا ہے کہ یہ ایک بے پیر علم ہے۔ میں علامہ کے اِس گُفتہ کو صحیح مانتا ہوں۔ شاعری ایک خداداد ملکہ، ایک لاہوتی استعداد اور ایک ایسی اِلہامی کیفیت

ہوتی ہے جسے ہم وَحی نہیں تو وَحی کے مترادف کہہ سکتے ہیں جو شاعر کے دِل پر نزول کرتی ہے اور اس کی زبان سے بے ساختہ الفاظ ایک مترنم روانی وزن اور ترتیب کے ساتھ پھوٹ پڑتے ہیں۔

''داغستان کے مشہور شاعر رسول حمزہ کہتے ہیں کہ جہاں تک اشعار کا سوال ہے تو اشعار ذہن میں بغیر کسی اطلاع اور ارادے کے آتے ہیں جیسے اچانک کوئی تحفہ آجائے۔''

میں یہاں ردیف و قافیے والی شاعری کی بحث نہیں چھیڑنا چاہتا کیونکہ یہ بعد کی عالمانہ ایجادات ہیں۔ شاعری اِن کا پابند نہیں ہوتی اور نہ ہی شاعر کو علم العروض سیکھنا پڑتا ہے۔

آیئے دعویٰ کے ثبوت میں، میں جواں سال بگٹی کی مثال پیش کرتا ہوں۔ جواں سال ایک چرواہا تھا، وہ علم العروض کیا، خواندہ بھی نہیں تھا مگر اُس نے اپنی زبان بلوچی میں جو اشعار کہے ہیں اُن کو سننے کے بعد کون کہہ سکتا ہے کہ وہ ایک بے بدل اور دُر گفتار شاعر نہیں تھا۔ اُس کا کوئی اُستاد نہیں اس کے باوجود جواں سال خدا کی وحدانیت کا اقرار کرتے ہوئے جب یہ شعر کہتا ہے کہ:

تئی قدرتاں روش وشف گِند غایاں
ترا من نہ گِنداں چہ چماں بغایاں

ترجمہ:

تیری قدرتوں کو تو میں رات دِن دیکھتا ہوں
لیکن تجھے میں نہیں دیکھ سکتا کیونکہ تیرے دیکھنے
سے میری آنکھیں معذور ہیں

کیا جواں سال کا یہ خیال اُس آیتِ ربی کا ترجمان نہیں جب کوہِ طور پر اللہ تعالیٰ نے حضرت موسیٰ کو مخاطب کر کے فرمایا تھا۔ 'لَن ترانی' تم مجھے ہرگز نہ دیکھ سکو گے۔ ایک بے علم چرواہے کو یہ خیال کیسے سُوجھا۔

اِسی طرح کوہستان بگٹی کا رہنے والا ایک اور اَن پڑھ شاعر جس کا نام بھول رہا ہوں خدا کو مخاطب کر کے جب یہ کہتا ہے کہ:

تو کہ خالقِ خلقِ خدائے
غریباں زہم بھغیں گِند غائے
نہ گوئشاں تو گوئزورئے یا بے گزائے
نہ گوئشاں تو مزیں فوجئے بھرائے
نیں اَلبہ مئے خدائیا بغائے

ترجمہ:

تم جو مخلوقات کو پیدا کرنے والے خدا ہو
تم دیکھ رہے ہو کہ غریبوں پر تلوار چل رہی ہے
لیکن نہیں کہتا کہ تم کمزور یا لاتعلق ہو
میں نہیں کہتا کہ تم بڑی بڑی فوجی طاقت والوں کے ساتھ ہو

البتہ میں یہ ضرور کہوں گا کہ تم اَب ہماری خدائی کرنے سے پشیمان ہو۔

(یہ ہمارے مشہور بگٹی شاعر ہیں محترم دلوش بگٹی۔ نہ اُسے پتہ ہے نہ مجھے اندازہ تھا کہ میر گل خان اُسے اور اس کی شاعری کو جانتا تھا، اُس زمانے میں۔ میں ابھی ابھی ماسٹر جی کو بتاتا ہوں۔ وہ ۸۵ سالہ بوڑھا تو خوشی سے پھٹ پڑے گا۔ البتہ یہ شاعر اَن پڑھ نہیں ہے بلکہ ریٹائرڈ سکول ٹیچر ہے)۔

ان اشعار میں جو دریائے معانی پوشیدہ ہے۔ وہ طبقاتی جدوجہد سے متعلق ایک پوری کتاب پر بھاری ہے۔ تب اس سے بےعلم محض شخص کے شاعر اور حقیقی شاعر ہونے سے کون انکار کرسکتا ہے۔

رحم علی، توکلی مست، سہیت زنگی شاہی، رِگید و اور ریکی وغیرہ بیسیوں ایسے شاعروں کا الہامی کلام ملتا ہے جو اگر چہ اَن پڑھ تھے لیکن انہوں نے گفتار کے ایسے موتی پروئے ہیں جن کی نظیر اب تک پیدا نہیں ہوئی ہے۔ لہٰذا اگر ہم اِن اَن پڑھ حضرات کو شاعر مانتے ہیں تو ہم کو یہ بھی ماننا پڑے گا کہ یہ شاعر اُن معنوں میں جن کا میں پہلے بیان کر چکا ہوں فنکار نہیں۔ یہ لوگ محض شاعر ہیں اور شعر کہتے وقت اُن پر ایک فیضانی کیفیت طاری ہو جاتی تھی۔ اِس کیفیت کو آپ کوئی بھی نام دے سکتے ہیں۔ لیکن اِس کے ساتھ ساتھ آپ یہ قول بھی سن لیجیے کہ دُنیا کی تخلیق سے پہلے شاعر جنم لے چُکا تھا۔ اگر یہ قول صحیح ہے تب شاعری کو فن کہنا صحیح معلوم نہیں ہوتا۔

ہاں، البتہ میں اس سے بھی انکار نہیں کرسکتا کہ بعض تعلیم یافتہ حضرات جو علم العروض پر مہارت تامہ حاصل کر چکے ہوتے ہیں، شعر کہتے اور شاعر کہلاتے ہیں۔ لیکن اُن کی مثال اُس با کمال اور صاحبِ فن سنگتراش کی ہوتی ہے جو مَرمر کی سلوں سے ایک حسین پیکر تراش تو لیتا ہے لیکن اُس میں جان نہیں ڈال سکتا۔ اُن کے اشعار، قواعدِ شعر کے مطابق بےعیب تو ضرور ہوتے ہیں لیکن اُن میں وہ شے ناپید ہوتی ہے جسے اَثر کہا جاتا ہے۔ اِس لیے کہ وہ عقل سے شعر کہتے ہیں دِل سے نہیں اور یہ کہ عقل ہے محوِ تماشا سرِ بام ابھی۔ علامہ اقبال نے فرمایا ہے: دل سے جو بات نکلتی ہے اَثر رکھتی ہے۔ غرضیکہ اِس بحث کو اور بھی طول دیا جاسکتا ہے لیکن موقع ومحل کی مناسبت سے میں اِس کو یہاں پر یہ کہہ کر ختم کر دینا ہی مناسب سمجھتا ہوں کہ ایسے شاعر حضرات کو، جو علم العروض سے شعر کہتے ہیں، اگر فنکار کہا جائے تو خلافِ وضع بات نہیں ہوگی''(۱)۔

وقتی طور پر ہونے والے واقعات خود اُن پر فوری اثر شعری صورت میں نہیں ڈالتے تھے۔ اُس واقعہ کا

شعری صورت میں پک کر آنا بہت وقت لیتا تھا۔خود اپنی شاعری کی تخلیق کے بارے میں میر گل خان یوں کہتا ہے: ''..........میں خوشی یا غمی کے جذبات سے مغلوب ہو کر شعر نہیں کہہ سکتا۔اُس وقت مَیں اس قدر پریشان اور حواس باختہ ہو جاتا ہوں کہ مجھے کچھ نہیں سوجھتا۔اِس پر کئی کئی دِن بلکہ مہینے گزر جاتے ہیں اور پھر اچانک شعر وارِد ہونا شروع ہوتے ہیں اور یہ سلسلہ کئی کئی دِن چلتا رہتا ہے اس ضمن میں ایک مثال عرض کیے دیتا ہوں۔

''۱۹۴۲ء میں ایک دفعہ دہلی جانے کا اتفاق ہوا۔وہاں پر لال قلعہ کے عجائب خانے میں ایک مصور کی بنائی ہوئی ایک ایسی شبیہہ نظر آئی جس میں جنرل ہڈسن گھوڑے پر سوار بندوق تانے کھڑے تھے اور سامنے زمین پر دو مغل شہزادے خاک وخون میں غلطاں پڑے تھے۔یہ ۱۸۵۷ء کی جنگ آزادی کا ایک دلخراش منظر تھا۔اس منظر کو دیکھ کر مجھ پر جذبات کا ایک طوفان اٹھ آیا۔جب میں نے ہوٹل میں واپس آکر اپنے جذبات کو شعر کا جامہ پہنانے کی ہر چند کوشش کی، کچھ نہ بن سکا۔ ایک دو ماہ بعد جب میں نوشکی میں اپنے گاؤں سے سائیکل پر بازار کو جا رہا تھا کہ اچانک شاعری کا دورہ پڑ گیا۔سائیکل سے اتر کر میں راستے کے ایک پتھر پر بیٹھ گیا اور ان شہزادوں سے متعلق ایک طویل نظم مکمل کر کے اٹھا

جو میرے مجموعہ کلام 'گلبانگ' میں چھپ چکی ہے اور جس کا پہلا شعر ہے:

الٰہی مناں دے تو صبر وقرار
عجیبیں گوں نقشے آ بوتوں دُچار

****

آیئے دیکھیں انہوں نے کیا لائقِ ستائش تحقیقی وتخلیقی کتابیں لکھیں:

گلبانگ

(صدائے گل)

گلبانگ،گل خان کی شاعری کی اولین خشت ہے۔اس کی سب سے پہلے یہ کتاب چھپی۔۱۹۵۱ء میں اسے انہی کے ادبی حلقے 'بلوچی زبان وادبِ دیوان' نے اسلامیہ پریس کوئٹہ سے شائع کیا تھا۔ڈیڑھ سو صفحات پر مشتمل یہ کتاب نہ صرف میر گل خان نصیر کا اولین مجموعہ ہے بلکہ بلوچی زبان کی تاریخ میں شاعری کی اولین مطبوعہ کتاب ہے۔کتاب کی کئی کاپیاں ایران اور افغانستان کے بلوچ علاقہ میں بھیج دی گئیں۔اس طرح ان ممالک کے تعلیم یافتہ بلوچوں کو بلوچی ادب کی طرف متوجہ کیا گیا۔(جمالدینی، لٹ خانہ۔ص۹۴)
آیئے اس کتاب کی دعا سے ہم بھی ابتدا کرتے ہیں:

اے خداوندا بلوچان ءَ چشیں مردم بہ دئے

پُر دماغ و جاں نثار و زندہ دل روشن خیال

فکر آوانی بہ بیت جو تازگ و وشیں چراغ

عقل جو سبزیں زرءِ پر شوکتیں جاہ و جلال

سر بہ بیت خالی پہ کہنیں قصگ و رسم و رواج

دف بہ بی کندوخ آوانی پہ ہر رنج و ملال

دل بہ بی مضبوط چو شکّیں تلارے مس زرءَ

بھیم و تُرسے ہچ میاریت پر دل ءَ گواث ءِ شمال

اے خداوندا بلوچاں مس جہان ءَ زندہ کن

دشمنانش گم و گار و پر شتگ و شرمندہ کن

ترجمہ:

یا خداوندا بلوچوں کو ایسے انسان عطا کر

پُر دماغ و جاں نثار و زندہ دل روشن خیال

فکر ہو جن کی تر و تازہ اور ہو مثلِ چراغ

عقل ہو جیسے سمندر کا پُر شکوہ جاہ و جلال

رسوم کہنہ سے ہوں خالی اُن کے سر

ہر رنج و ملال میں بھی مسکراتے رہیں

دل سمندر کے اندر چٹان کی مانند مضبوط ہوں

ان کے دل خوف سے مبرا ہوں

اے خداوندا بلوچوں کو جہاں میں زندہ رکھ

دشمنوں کو گم، شکست خوردہ اور شرمندہ کر

اگر آپ نے یہی دعا موسیقی کے ساتھ کابل ریڈیو سے سُن رکھی ہو تو اس میں موجود موسیقیت آپ کو دیوانہ بنا دے گی۔ میر گل خان کی یہ ساری کتاب مزاحمتی بلکہ جنگی شاعری ہے۔

یہ کتاب میر گل خان کی شاعری کی ساری کتابوں سے اس لیے بھی مختلف ہے کہ یہاں نظموں کے نیچے اپنی عادت کے برعکس میر صاحب نے مقام اور تاریخ نہیں لکھی۔ دوسرا فرق یہ ہے کہ اس کتاب کا دیباچہ کسی نے نہیں لکھا۔ پیش لفظ انہوں نے خود لکھا مگر وہ بھی شاعری میں۔ لہٰذا کتاب شروع ہی شاعری سے ہوتی ہے۔ تیسری امتیازی بات یہ ہے کہ یہاں وہ ابھی تک خود کو ہندوستان کا باشندہ بھی سمجھتے ہیں اور انگریز سے پورے ہندوستان کی آزادی کی بات کرتے ہیں۔ وہ اقبال و ظفر علی خان والے اُس دور کے لہجے میں بات کرتے ہیں۔ ہند سے یہ عارضی تعلق دلچسپ ہے جو اُن کے بعد کے کلام میں نہیں ملتا۔ مثلاً 'فریاد' نامی اپنی نظم میں یوں کہتے ہیں:

توئے قادر و کارساز و ستار

من ہندی غلامے اُن عاجز نکار

مراداں دلیغاں غلام ءِ برار

غلامانی پشکن تہ روچے توار

مسلماناں زیادہ مکن شرمسار
بدے زوروتوفیق وبازوودوار
وتی رحمتاں مے سراتو بہ گوار
وثی ملک وڈیھاچ بہ کشن کفار

ترجمہ:

تو قادرو کارساز وستار
میں ہندی غلام عاجز نکار
(اس) غلام کی دلی مرادیں پوری کردے
ایک دن غلاموں کی آواز بھی سن
مسلمانوں کو زیادہ نہ کر شرمسار
دے ان کو زوروتوفیق وبازواوروار
اپنی رحمتیں ہمارے سروں پہ تُو برسا
کہ اپنے وطن سے کفار کو نکال باہر کردیں

آپ کا خیال ہے، حکومت نے انہیں 'کمالِ فن ایوارڈ' دیا ہوگا؟ ارے سادہ! سرکار نے 'گلبانگ' پر پابندی لگادی۔

لیکن یہ ضرور ہوا کہ گل بانگ نے اثرات بہت وسیع چھوڑے۔ جدید تعلیم یافتہ نوجوانوں نے اس شاعری کو ذوق شوق سے پڑھا۔ جدید بلوچی شعرا نے اس سے اچھا خاصا اثر لیا۔

☆☆☆

تاریخ بلوچستان

یہ اُن کی تحقیقی ضخیم کتاب ہے۔ یہ کتاب جیسا کہ نام سے ظاہر ہے بلوچ اور بلوچستان کی تاریخ سے متعلق ہے۔ مگر میر صاحب کی شاعری بھی تاریخ اور بالخصوص بلوچ تاریخ کے موضوعات سے بھری پڑی ہے بھرپور بیانیہ اور رواں بلوچی انداز کی تاریخی واقعات پر مبنی شاعری۔

بلوچستان کی تاریخ نویسی میں میر گل خان نصیر کا مقام بہت بلند ہے۔ حالانکہ اُن کے زمانے میں مواد بہت کم دستیاب تھا۔ ٹیکنالوجی بہت پسماندہ تھی اور اُن کی مالی حالت اس قدر اچھی نہ تھی۔ مگر پھر بھی یہ کتاب ایک ریفرنس کا درجہ رکھتی ہے۔

یہ کتاب دو جلدوں میں ہے:

حصہ اول: ۱۹۵۲ء میں اقبال سٹیشنری کوئٹہ سے شائع ہوا۔ تقریباً دو سو صفحات کی اس کتاب میں میر گل خان نے بلوچ تاریخ کے ہر پہلو پہ زبردست تحقیق کی۔ اس کتاب میں ظاہر ہے بہت سی جگہیں خالی رہ گئیں اور کئی اہم واقعات درج ہونے سے رہ گئے۔ وہ خود اپنے پیش لفظ میں اعتراف کرتے ہیں:

''...... میں یہ دعویٰ نہیں کرتا کہ یہ بلوچوں کی من حیث القوم عمومی اور مفصل تاریخ ہے۔ البتہ مجھے اس قدر کہنے

میں تامل نہیں کہ پندرھویں صدی کے اوائل سے انگریزوں کے دورِحکومت تک قلات کی بلوچی حکومت جو ایشیا میں بلوچوں کی واحد حکومت رہی ہے اور اس میں بلوچ قوم کو جو مرکزیت حاصل تھی، یہ تصنیف بلوچوں کی اس مرکزی حکومت کی تاریخ ہے"۔

حد کردی انہوں نے کہ ایرانی وافغانی بلوچستان سے لے کر ڈیرہ جات تک پر مشتمل حکومت کے اتنے بڑے رقبے کی تاریخ جمع کر دی۔ وہ کمال کے شخص تھے۔ مفلسی کی انتہا میں، مواد کی بے انتہا کمی اور عدم یکجائی 'اور دوردراز مقامات تک بغیر تشفی بخش ٹرانسپورٹ نظام کے ہر چیز کو ممکن بنانے والا گل خان ہی ہوسکتا تھا۔ پھر شاید اولین شخص تھے گل خان جنہوں نے بلوچ تاریخ کو ایک محبّ وطن انداز سے لکھا۔ یہ کتاب بلوچ ابتدا سے لے کر میر نصیر خان دوم تک ہماری قوم اور سرزمین کی تاریخ پر مشتمل ہے۔

گل خان نصیر وسطی بلوچستان کے رہنے والے تھے اور قلات اور نوشکی و نیمروز کا یہ علاقہ بلوچ تاریخ میں اہمیت بھی بڑی رکھتا ہے۔ انہی وجوہات کی بنا پر اِس کتاب میں میر گل خان نے اس علاقے پر خصوصی توجہ دی۔

اِس جلد کا دیباچہ میر غوث بخش بزنجو نے لکھا اور اس پر پانچ اپریل ۱۹۵۲ء کی تاریخ ثبت ہے اور مقدس مقام 'نال' لکھا ہے۔ ہمارے ایک اور محسن و بزرگ غلام محمد شاہوانی نے بھی اس جلد کا دیباچہ لکھا۔ کیا تکون تھی.......... بزنجو، گل خان اور غلام جان!!

حصہ دوم: پچھلی جلد کی اشاعت سے پانچ برس بعد ۱۹۵۷ء میں اِس کتاب کا دوسرا حصہ شائع ہوتا ہے۔ اس میں میر خداداد خان سے لیکر میر احمد یار خان تک کا زمانہ شامل ہے۔ یہ تقریباً ساڑھے چھ سو صفحات پر مشتمل ضخیم کتاب ہے۔ ساری شہری سیاست کا تفصیلی ذکر یہاں موجود ہے۔ ریاست قلات کے اندر سیاسی تنظیموں، راہنماؤں، اجلاسوں کا تفصیلی تذکرہ کیا گیا ہے۔ بلوچوں کی بزرگ ترین ہستی یوسف عزیز مگسی اور ان کے رفیقوں کی انقلابی تحریک کا تفصیلی قصہ یہاں ملے گا، ریاست قلات کی آزادی، اُس کی اولین پارلیمنٹ کے قیام، پارلیمنٹ کے فیصلے اور حکومت پاکستان کی طرف سے ہر طرح کی اخلاقیات کو پائمال کرتے ہوئے قلات کی اِس آزادی کو سلب کرنے کی ہر تفصیل اس کتاب میں موجود ہے۔ محض ایک مؤرخ کی حیثیت سے نہیں بلکہ متحرک طور پر اس پورے عمل میں شریکِ کار کی حیثیت سے۔ گل خان اگر یہ کام نہ کرتے تو بلوچ تاریخ سے بہت کچھ اوجھل اور پھر

معدوم ہو چکا ہوتا۔ ہمارے محسن ہیں میر صاحب۔

شنبلاک

(شعلہ)

تقریباً دو سو صفحات اور بیس طویل نظموں پر مشتمل اردو ترجمہ کے ساتھ یہ کتاب چھپی تو بہت بعد میں، لیکن یہ لکھی گئی تھی ۱۹۶۰ء کی دھائی میں۔ میں صرف بالترتیب نظموں کی 'جائے تخلیق' دے رہا ہوں: قلی کیمپ کوئٹہ ،سنٹرل جیل ساہیوال، سنٹرل جیل ساہیوال،سنٹرل جیل ساہیوال، سنٹرل جیل ساہیوال،سنٹرل جیل ساہیوال، سنٹرل جیل ساہیوال،سنٹرل جیل ساہیوال، سنٹرل جیل ساہیوال،سنٹرل جیل مچ،سنٹرل جیل مچ،سنٹرل جیل مچ، سنٹرل جیل ساہیوال، سنٹرل جیل ساہیوال،سنٹرل جیل ساہیوال،سنٹرل جیل کراچی،سنٹرل جیل کراچی،سنٹرل جیل کراچی،کلفٹن تھانہ حوالات۔

'شنبلاک' کی نظمیں گوریلا جنگ کی حمایت کی عمومی تھیم پہ مبنی ہیں۔ یہ وطن کی محبت، اس کی آزادی کی جدوجہد، سامراج اور سرمایہ داری سے نفرت، مزدوروں، کسانوں اور چرواہوں کی تعریف اور سوشلزم اور مارکس و لینن کی توصیف والی نظمیں ہیں۔ یہ بہت ہی میوزیکل شاعری ہے۔

۱۹۷۸ء میں جب افغان انقلاب برپا ہوا تو گل خان کی جن نظموں کو افغانستان میں بہت خوبصورت موسیقی کے ساتھ ترانہ بنایا گیا تھا ان میں 'شنبلاک' کی نظمیں شامل تھیں۔ مثلاً پداماؤں پدا جیل انت وزمزیر، من یا غی آں من یاغی آں، منی وطن یک پاچیں دیارے۔ یہ نظمیں صبح وشام ریڈیو کابل سے بجائی جاتیں اور دنیا بھر کے بلوچ سنتے، یاد رکھتے، اور خود گنگناتے۔

'شنبلاک' میں شامل نظموں کے عنوانات ہیں: خواب میں دیکھا، پیاری سمند گھوڑی، سامراج وبا ہے، شہد و گلاب، کیا دیکھتے ہو، زندگی خوفزدہ ہوتی ہے، شب خون، غموں کا مسکن، پہنچنا ہے ضرور، خدا نے؟، پھر ہم ہیں، نہ کر پرواہ، ٹھہر دم بھر کو ساتھی، دنیا کی ریت، ہوس، منزل دور نہیں، زندان کی شب، دانشور و سرمایہ، میں باغی ہوں، میرا وطن میرا ہے۔ اس کا اردو ترجمہ بہت محنت سے تیار کیا گیا ہے۔ رواں اور مرصع ترجمہ۔ •

ہپت ہیکل وجنگانی زراب

یہ نواب نوروز خان اور ان کے ساتھیوں کے کارناموں کا منظوم بیانیہ ہے۔ یہ کتاب ۱۹۶۸ء میں مکمل ہوئی۔ جیل میں۔ یہ ایوبی جنگوں کا منظوم اظہاریہ ہیں۔ یہ چھوٹی سی کتاب ہے مگر اپنے اندر جذبات، واقعات اور تاریخ کی ایک زبردست دنیا رکھتی ہے۔

یہ کتاب ۱۹۶۴ء میں چھپی۔ یہاں میر صاحب نے دوستین و شیرین کی عشقیہ داستان کو طویل نظم کی صورت منظوم رقم کیا۔ ناظم حکمت نے شیرین و فرہاد لکھا، بلوچوں کے ناظم حکمت نے اسی تاریخی مادیت کی بنیاد پر یہ داستان لکھی۔ یہ عشقیہ شاعری کی ایک مثال ہے۔ کتاب کی مقامِ پیدائش ہے: مچ جیل۔ اس کتاب کا دوسرا تبرک یہ ہے کہ اسے آزاد جمالدینی نے ڈیزائن کیا تھا اور اس کا پیش لفظ بھی آزاد نے لکھا۔ آزاد نے نصیر کو بلوچی کا 'سرشاعر' یعنی شاعرِ اعظم کا لقب دیا۔ یہ کتاب بلاشبہ بلوچی کی بہترین تخلیقات میں شمار ہوتی ہے۔

بعد میں یہ کتاب غوث بخش صابر کے منظوم اردو ترجمے کے ساتھ ۱۹۸۸ء میں شائع ہوئی۔ اب کے اسے ادارۂ ثقافت بلوچستان نے شائع کیا۔ اس کا خوبصورت ٹائٹل ممتاز آرٹسٹ اکرم دوست نے بنایا۔ شایانِ شان ٹائٹل۔ اس اِشاعت کے لیے پیغام محترمہ گوہر ملک نے لکھا تھا جو خود ایک علمی ادبی خزانہ ہے اور میں اس پورے خزانے سے اُن کا ایک فقرہ اپنے قارئین کے لیے یہاں نقل کرتا ہوں جو والد نے اپنی بیٹیوں سے نصیحت کے طور پر کہا تھا: ''.........جب کسی کے گھر جاتی ہو تو اُن کی دولت کی باتیں میرے سامنے مت کیا کرو۔ تم لوگوں کے منہ سے ایسی باتیں سن کر مجھے بہت افسوس ہوتا ہے.........''۔

محترم عبدالرحمٰن پہلوال نے پشتو تعارف اور مشکل بلوچی الفاظ کے پشتو ترجمہ کے ساتھ اس کتاب کو افغانستان سے بھی چھاپا۔ وہاں سنِ اشاعت اُن کے کیلنڈر کے مطابق ۱۳۶۷ء لکھا ہے۔ انہوں نے یہ کتاب اپنے دستخطوں اور اِن الفاظ کے ساتھ جولائی ۲۰۰۲ء میں مجھے عنایت کی تھی:

''برگ سبز وتحفہِ درویش''

حملِ جیئند

یہ پندرہوں صدی میں پرتگالی بحری قزاقوں کا مقابلہ کرنے والے بہادر حمل کی شجاعت کی داستان ہے۔ گل خان کے ہاتھوں امر ہوکر یہ طویل جنگی نظم ۱۹۶۹ء میں چھپی۔ اس کتاب کی ولادت سینٹرل جیل کراچی ہے۔ کیا شاعری ہے!۔ کلاسیکل بنیادوں پر ایک ترقی یافتہ شاعری۔ سادہ، رواں، مترنم اور شیریں۔ زبان نہ سلیمانی نہ مکرانی نہ رخشانی۔ میر گل خان تو بلوچی کے تمام لہجوں کو نمائندگی دیتے تھے۔ اس پانچ سو سال پرانی داستان کو جس کی تفصیلات بہت کم تھیں، میر صاحب نے سو صفحے کی شاعری میں بیان کر ڈالا۔ بلوچ تاریخ میں حمل صرف ایک نہیں گزرا ہے۔ مگر میر صاحب نے اِس کتاب

میں تمام دوسرے تاریخی حملوں کو حملِ جیند کی شخصیت میں یکجا کیا ہے جو کہ تاریخی اعتبار سے صحیح نہیں ہے۔اس کتاب میں نصیر کے ہجے ''نسیر'' لکھے گئے ہیں (ہماری قوم پرستی بھی کتنے مرحلوں سے گزر رہی ہے!!)۔
اس کتاب کی اشاعت لالا لال بخش رند کی کوششوں کا نتیجہ ہے۔ جنہوں نے 'بلوچی پبلی کیشنز' کے زیر اہتمام اسے شائع کیا تھا۔

کوچ و بلوچ

یہ ایک لحاظ سے بلوچ تاریخ ہی ہے۔ اس ۱۹۲ صفحے کی کتاب میں میر گل خان نے انگریز محقق لانگ ورتھ ڈیمز کی کتاب 'دی بلوچ ریس' کے گرد رہ کر اس میں بہت خوبصورت اضافے کیے۔ یہ کتاب نہ صرف اس کا ترجمہ ہے بلکہ اس کی روشنی میں میر صاحب نے اپنی معلومات اور تحقیقی حاصلات حواشی میں لکھ دیں۔ دلچسپ ہے کہ اس کے اندرونی سرورق پر انہوں نے یہ مشہور شعر دیا ہے:

گریز داز صفِ ما ہر کہ غوغا نیست
کسے کہ کشتہ نہ شد از قبیلہِ ما نیست

اور پھر اس کے نیچے بریکٹ میں یوسف علی عزیز کا نام لکھا۔ گویا کہ یہ شعر یوسف عزیز مگسی کا ہو۔ دراصل یہ شعر ایک لحاظ سے انتساب ہے یوسف مگسی کو۔ لیکن اِسی صفحے میں موٹے الفاظ میں ایک انتساب یوں بھی ہے:

''بلوچستان کے نوجوان قائد سردار عطاءاللہ مینگل کے نام''

ڈیمز کی بہت سی باتوں سے اتفاق کرتے ہوئے میر گل خان نے بہت جگہ اُن سے اختلاف بھی کیا۔ بلوچ نسل کی تاریخ، قبائل کی ساخت، تاریخی واقعات، فردوسی کے اشعار کی درست تشریح کی الغرض بے شمار جگہ پر انہوں نے ڈیمز کے علم کو چیلنج کیا ہے۔ کتاب پڑھ کر میر گل خان کی علمیت کا اندازہ تو ہوتا ہی ہے مگر لانگ ورتھ ڈیمز کے علم بھرے ذرخیز دماغ کا بھی معترف ہونا پڑتا ہے۔

میر گل خان نے اس کے پیش لفظ میں ایک فکر انگیز بات کہہ دی: '' ہمیں اس امر کا احساس ہے کہ سیکڑوں سال کا ہمارا قبائلی نظام جواب پرانے ادوار کی صرف ایک نشانی رہ گئی ہے، موجودہ روشن دور کا ساتھ نہیں دے سکتا۔ اس لیے نہایت تیزی سے یہ نظام ٹوٹ رہا ہے، جس کے نتیجے میں بلوچ من حیث القوم انتشار و افراتفری کا شکار ہو رہا ہے...... قبائلی تار پود کے بکھر جانے سے لازمی طور پر جو خلا پیدا ہوگا، اسے ایک صحیح اور مقتدر عوامی طاقت سے ہی بہرصورت پُر کرنا پڑے گا''۔

اس کتاب کو ۱۹۶۹ء میں لعل بخش رند نے بلوچی پبلی کیشنز کی جانب سے شائع کیا تھا۔

شپ گروک

(اندھیری رات میں بجلی کی چمک)

یہ میر گل خان کا دوسرا شعری مجموعہ ہے۔ عوامی زبان اور نازک خیالی سے بھرپور یہ کتاب ۱۹۶۴ء میں شائع ہوئی۔ اس کا پیش لفظ بلوچی زبان کے ایک اور اچھے شاعر اور ادیب جناب اکبر بارک زئی نے لکھا۔ اسے کراچی کے بلوچی اکیڈمی نے شائع کیا تھا۔ میر گل خان نے اس کتاب میں سامراج اور اس کے طفیلیوں کو عوام کے سامنے بہت آسان اور عام فہم زبان میں بے نقاب کیا۔ اس کی طرف سے تیسری دنیا کے عوام کی معاشی، سیاسی اور ثقافتی لوٹ کی وضاحت کی اور قومی آزادی کا درس دیا۔ ایسی کتاب ظاہر ہے سامراجی آلہ کار سرکار کو کہاں برداشت ہوسکتی تھی۔ چنانچہ ایوب حکومت نے اسے ضبط کرلیا اور اس کا پڑھنا اور ساتھ رکھنا جرم قرار دیا۔

'گلبانگ' اُس کا پہلا شعری مجموعہ تھا اور 'شپ گروک' دوسرا۔ پہلے میں وہ مدہم وملائم سا سماجی معاشرتی سوچ رکھتا ہے مگر 'شپ گروک' میں اُس کی محسوسات کے جوش اور عزائم کی للکار نے اسے ملک الشعرا کے درجے پر فائز کردیا۔

یہ کتاب میر صاحب نے ۱۹۶۸ء میں ساہیوال کے جیل میں لکھی تھی۔ اسے بلوچی اکیڈمی نے ۱۹۷۶ء میں چھاپا۔ اس کتاب کا دیباچہ ملک محمد پناہ نے لکھا۔ ۳۸۳ صفحات پر مشتمل اس تحقیقی کتاب میں میر گل خان نے عشقیہ ورزمیہ شاعری اور داستانیں اکٹھی کیں۔ اس میں رند ولاشار عہد کا پورا ادب موجود ہے، بالاچ اور دونوں حملوں سے متعلق شاعری ہے، سسی پنوں اور توکلی مست کا تذکرہ ہے۔

گرند

(گرج)

یہ کتاب ۱۹۷۱ء میں آئی۔ بہت ہی خوبصورت شاعری سے منتخب یہ کتاب لال بخش رند نے قلات پبلشرز سے چھپوائی تھی۔ ظاہر ہے اس میں موجود ساری شاعری جیلوں میں لکھی گئی۔ تقریباً ساری کی ساری سیاسی شاعری ہے۔ سامراج دشمن، فیوڈل مخالف اور سوشلزم کے لیے۔

میر صاحب کے اس مجموعے میں 'چاربیتی' کافی زیادہ ہیں۔

بلوچی رزمیہ شاعری

۱۹۷۹ء میں شایع ہونے والی یہ کتاب سنٹرل جیل مچ میں لکھی گئی۔جیل کے وارڈ کا نام تھا 'چیچک وارڈ'۔ یہ کتاب بلوچی اکیڈمی نے شائع کی تھی۔ملک محمد پناہ کے مبارک ہاتھوں سے اس کا تعارف لکھا گیا تھا۔ پہلا باب ''بلوچستان' بلوچ اور بلوچی'' ہے جو ایک طرح کا عمومی تعارف ہے۔میر صاحب بہت دلچسپ شروعات کرتا ہے:''بَل دیوتا کی پرستش کرنے والوں کی سرزمین ....بلوچستان''۔

ساڑھے تین سو صفحات کی اس تحقیقی کتاب میں میر گل خان نے گویا بلوچ تاریخ بیان کر دی۔اس نے قابلِ ذکر وہ ساری شاعری جمع کر دی جو بلوچ نے دشمن اور حملہ آور قوموں کے خلاف جنگ کرتے ہوئے تخلیق کی تھی۔نصیر نے بلوچی ادب کی تاریخ کو بلوچ سماجی تاریخ سے جوڑ کر دکھایا۔

بلوچی عشقیہ شاعری

یہ دراصل ''بلوچی رزمیہ شاعری'' کا تسلسل ہی ہے۔۱۹۷۹ء ہی میں چھپنے والی ساڑھے تین سو صفحات پر مشتمل اس تحقیقی کتاب میں بلوچوں کی رومان بھری شاعری کی تاریخ کو مجتمع انداز میں ہمارے لیے پیش کیا گیا ہے۔میر صاحب نے نہ صرف بلوچی مہری شاعری کی تاریخ بیان کی ہے بلکہ اس عشقیہ شاعری کو مختلف عنوانات میں بھی تقسیم کیا ہے اور پھر ہر عنوان کے تحت شاعری کی مثالیں کلاسیکل عہد سے لے کر عہدِ جدید تک سے دیتا چلا آتا ہے۔ اس نے پوری کتاب کو دس عنوانات میں تقسیم کیا ہے۔عنوانات ہیں:''محبوبہ کے سراپا کے بیان میں، ہجر وفراق کی کیفیت کے بیان میں، خواہش وصل کے بیان میں، قاصد سے خطاب میں، صفاتِ یار کے بیان میں، دیدارِ یار کے بیان میں، یار سے تشبیہات کے بارے میں، عاشقانہ بانکپن کے بیان میں، داستان یا داستانغ کے بیان میں اور ڈیہی کے بیان میں۔

اس نے عشقیہ شاعری کا اردو ترجمہ بھی بہت فنکاری اور روانی سے کیا ہے۔کتاب کی جائے ولادت ہے: سنٹرل جیل حیدر آباد۔

گل خان خود ایک جاں گسل کیفیت کا خوبصورت انداز میں اظہار کرتا ہے:

''ہمیں چونکہ زندہ رہنا اور کام کرنا ہے اور اسی زندہ رہنے کی تڑپ نے ہی ہمیں زندان کی اس کالی کوٹھڑی کو آباد کرنے کی جرأت دی ہے..........ضروری ہے کہ ہم مصروف رہیں تاکہ سستی اور کاہلی ہم پر غلبہ نہ پائے اور ہمارا مسلک نظروں سے اوجھل نہ رہ سکے۔اس کے لیے ضروری ہے کہ ہم اپنی آئندہ نسلوں کے لیے کچھ

اپنے آثار چھوڑ جائیں جو قوم اور وطن کے لیے مفید ہوں اور جن سے استفادہ کیا جاسکے۔(۲)

اسی کتاب کے بارے میں ملک محمد پناہ نے یہ جملہ ادا کیا تھا:

''اس تصنیف میں مصنف کا سیاسی روپ بالکل دھندلا ہوا اور ہجر و وصال کے درد و لذت آشنا فن کار کا زندہ پیکر معلوم ہوتے ہیں''۔(۳)

ھون ءِ گوانگ

(خون کی پکار)

شاعری کا مجموعہ ہے۔ یہ ۱۹۸۸ء میں منظر عام پر آئی۔'شنبلاک' کی طرح یہ بھی اردو ترجمہ کے ساتھ ہے۔ مچ جیل اور حیدر آباد جیل اس کتاب کی پیدائش کی جگہیں ہیں۔عنوانات ہی دیکھیے: چوش نہ بیت، چون بکن ،نوکیں سال، بولان، اعلان، بیا قاتل ،مناں، کئیا یادکناں، احمق ءِ گمان، وطن کجائیں۔

گلگال

(گل کی شاعری)

یہ وہ شعری مجموعہ ہے جس کا پیش لفظ بابا بزنجو نے لکھا تھا۔ یہ زبردست کتاب ۱۹۹۳ء میں شایع ہوئی۔(مقام پیدائش ، جیل)اسے سید ہاشمی اکیڈمی کراچی نے شائع کیا۔

مشھد ناجنگ نامہ

نوری نصیر خان ہم سب بلوچوں کے آئیڈیل بادشاہ کا درجہ پاچکے ہیں۔میر گل خان نے اپنی اس کتاب کا انتساب 'نوری نصیر خان' کے نام کیا۔تقریباً سو صفحات پر مشتمل اس کتاب میں اس نے نوری نصیر خان کے دور، اس کی بہادری دانائی اور انصاف کی خصوصیات کو نظم کیا ہے۔ یہ مشہد کی جنگ کا بیانیہ ہے۔میر نے اپنے پیش لفظ میں یہ دلکش انکشاف کیا ہے کہ اس نے اس رزمیہ کلام کو اس وقت مکمل کیا تھا جب وہ گورنمنٹ سنڈیمن ہائی سکول میں آٹھویں جماعت میں پڑھتا تھا۔اس نے یہ داستان قلاتِ میری میں خدمات انجام دے کر بوڑھا ہو جانے والے بٹے خان مینگل سے سنی تھی۔اس نے بٹے خان کی کہی ہوئی داستان نوٹ کی اور کچھ دن بعد اُسے شعری صورت دے دی۔ وہ دراصل فردوسی کے 'شاہنامہ' کے طرز پر بلوچوں کی منظوم تاریخ لکھنا چاہتا تھا۔ یہ اس سلسلے میں اولین کوشش تھی۔ ۱۹۸۱ء میں میر گل خان کی یہ کتاب چھپ گئی۔اسے براہوئی اکیڈمی نے شائع کیا۔

بلوچستان کے سرحدی چھاپہ مار

یہ اُن جنگی کہانیوں پر مشتمل کتاب ہے جو انگریز نے بلوچوں سے لڑائی کے رپورتاژ کی حیثیت سے لکھی ہیں۔ یہ کتاب بدنام زمانہ انگریز چالباز افسر جنرل ڈائر کی لکھی ہوئی ہے جس کا انگریزی نام ہے؛ 'ریڈرز آف دی

سرحد۔ یہ اُس بلوچ خطے کے سیاسی، معاشی اور جنگی حالات بیان کرتی ہے جو ایران اور پاکستان کا سرحدی علاقہ بناتا ہے۔ حالانکہ یہ ۱۹۱۶ء میں انگریز حملہ آوروں کی روباہی چالوں اور بلوچ آزادی پسندوں کے درمیان جنگ کی کہانی بیان کرنے والی تصنیف ہے۔

۱۹۲۱ء میں یہ کتاب لندن میں چھپی تھی۔ اس میں ایک طرف بلوچ کی سادگی، قول کی پکائی، حب الوطنی اور بے مثال بہادری کے قصے ہیں تو دوسری طرف انگریز خود اپنی عیاری، مکاری اور بے توقیر چالبازیوں کے قصے بیان کر کے قبضہ گروں اور مدافعینِ وطن کی دائمی خصوصیات کو بیان کرر ہا ہوتا ہے۔

عجیب بات ہے کہ گل خان نصیر اپنی کتاب ''تاریخ بلوچستان'' کے لیے مواد جمع کرنے کی محنت میں لگا ہوا تھا۔ پاراچنار کی فوجی لائبریری میں اسے یہ کتاب نظر آئی۔ اس نے یہ پڑھی اور کئی سال بعد اسے ترجمہ کر دیا۔ نسا ٹریڈرز کوئٹہ نے ۲۷۰ صفحات کا یہ دلچسپ اور رواں ترجمہ ۱۹۷۹ء میں شایع کیا۔

انگریزوں کی بلوچستان پر لکھی ہوئی جنگی کتابوں میں سے یہ کتاب اس لیے ممتاز ہے کہ اس میں بلوچ عورت کمان کر رہی ہے۔ بہادری اور مذاکراتی عمل میں مثالی کردار ادا کرتی ہے اور بیرونی حملہ آوروں سے نفرت اور وطن کی محبت میں سرشار میدان جنگ میں فتح و شکست دونوں صورتوں میں نہایت وقار کا مظاہرہ کرتی ہے۔ اس کمانڈر کا نام محترمہ گل بی بی تھا۔

''ایک جائزہ'' کے عنوان سے میر صاحب نے اس کتاب کا کئی صفحات پر مشتمل دیباچہ لکھا۔ جس میں وہ پورا ملکی اور بین الاقوامی پس منظر بیان کر دیا جو نوشکی کے پار انگریز بلوچ جنگ کا محرک بنا۔ میر صاحب نے اس جنگ کے مالی اسباب واضح کیے، سامراجی مقاصد کی نشاندہی کی اور علاقے کی مجموعی جغرافیائی تفصیل بہم پہنچائی۔

سینائی گچکا

اس نے فیض احمد فیض کی کتاب "سر وادیِ سینا" کا بلوچی منظوم ترجمہ کیا (مچ وحیدر آباد جیل میں)۔ یہ کتاب ۱۹۸۰ء میں قلات پبلشرز کوئٹہ سے شائع ہوئی۔ فیض و نصیر کی جوڑی بھی دلچسپ جوڑی تھی۔ دونوں ایک ہی فکر کے مالک تھے۔ اس فکر کی ترویج میں وہ ایک ہی جیسے مصائب کا شکار رہے۔ جیلیں دونوں کا عمر بھر گھر رہیں۔ (گو کہ گل خان کے دکھ زیادہ تھے)۔

فیض، گل خان کی شاعری کا دلدادہ تھا اور گل خان فیض کی شاعری کو پسند کرتا تھا۔ لال بخش رند نے بتایا کہ بھٹو دور میں فیض نیشنل کونسل آف دی آرٹس کا سربراہ تھا۔ وہ کونسل کی ایک میٹنگ میں شرکت کے لیے کوئٹہ آیا ہوا تھا۔ میٹنگ کی کارروائی کے بعد فیض نے گل خان سے کہا ''میں

نے آپ کی نظم 'ڈیوا' کا اردو ترجمہ کیا ہے۔ مجھے اپنی کچھ اور نظمیں دے دیں تا کہ میں ان کو اردو میں منتقل کر سکوں''۔

جواب میں گل خان نے اس کی پوری کتاب بلوچی میں منظوم کر ڈالی۔ مگر یہ محض ادلے کا بدلہ دینے والی بات نہ تھی۔ اتنے بڑے بہادر اور خود دار لوگ کسی کی خوشنودی کے لیے ایسا نہیں کرتے۔ وہ واقعتاً فیض کی شاعری سے بہت متاثر تھا۔ اسی اثر نے اسے فیض کو بلوچی میں ڈھالنے پر اکسایا۔ خود اُس کے بقول:

''میرے لیے فیض احمد فیض کی شاعری سے متعلق کچھ کہنا، سورج کو چراغ دکھانے والی بات ہو گی۔ فیض کی شاعری ایک ٹھاٹھیں مارتا ہوا سمندر ہے، جس سے اس کے اشعار موسم بہار کی گھٹاؤں کی طرح اٹھتے اور ذہنوں کو سیراب کرتے ہیں''۔

گل خان تو فیض کو 'پھولوں جیسا آدمی' کہتا تھا۔ 'بہت سلجھا ہوا اور شیریں دہن آدمی' کہتا تھا۔

فیض احمد فیضؔ کی نظموں کے مجموعہ ''سرِ وادیِ سینا'' کے کیے ہوئے اپنے بلوچی ترجمہ کے بارے میں خود اُس کا کہنا ہے:

''اس سے قبل کہ میں ترجمے سے متعلق اپنی نا چیز رائے کا اظہار کروں یہ مناسب ہو گا کہ اس ضمن میں روسی شاعر الیگزنڈر سُرکوف کی رائے سے مدد لوں۔ جس نے جناب فیض احمد فیض کے مجموعہ کلام کا روسی زبان میں ترجمہ کر کے شائع کیا ہے۔ جناب الیگزنڈر سرکوف اپنے ترجمے کے دیباچے میں لکھتے ہیں کہ:

''فیض کی شاعری کا ترجمہ کرنے کی غرض سے میں نے اُن کا ایک ایک مصرعہ بڑے غور سے پڑھا۔ میری کوشش یہ تھی کہ جہاں تک ممکن ہو (ترجمہ شدہ) مصرعوں میں ترنم اور اُن کے حساس اور حوصلہ مند دل کا جذبہ برقرار رہے۔ اس کوشش میں نہ صرف ان کے اشعار کا جذباتی زیر و بم، جسے دوسری زبان میں منتقل کرنا تقریباً ناممکن ہے بلکہ ایک جانباز اور شاعر انسان کا پر سکون اور واضح ضبط و تحمل میری روح میں گونجنے لگا۔ شاعر، جس نے ایک انقلابی کی حیثیت سے خود اپنی زندگی کو ایک نغمے میں ڈھال لیا اور اپنے نغمے کو جدو جہد کا ایک موثر ہتھیار بنا لیا ہے۔ جدو جہد کے مراحل سے گزرتے ہوئے مشرق کے ایک ممتاز ترین ترقی پسند شاعر فیض احمد فیض کے ان نغمات کو سوویت قارئین سے روشناس کراتے ہوئے مجھے بے پایاں مسرت ہوئی ہے''۔

''میں یہ تو نہیں کہہ سکتا کہ میں نے بھی جناب الیگزنڈر سرکوف کی طرح بلوچی ترجمے پر محنت کی ہے لیکن جو کچھ مجھ سے ممکن ہو سکا اور جہاں تک بلوچی میرا ساتھ دے سکی، میں نے اپنے تئیں کوئی کسر اٹھا نہیں رکھی ہے۔ لیکن کسی شعر کا ترجمہ جتنا ممکن ہو سکتا ہے، اس سے آپ حضرات بے خبر نہیں ہوں گے۔ داغستان کے مشہور شاعر

رسول حمزہ اشعار کے ترجموں کو 'قالین کی الٹی طرف' قرار دیتے ہیں اور مشہور روسی ادیب میخائل شولوخوف انہیں ایک ایسا پھول کہتے ہیں جس میں خوشبو نہیں ہوتی ۔ بہر حال یہ تو ایک ترقی یافتہ ملک کے ان مشہور عالم شاعروں اور ادیبوں کی رائے ہے جو ایک فصیح و بلیغ زبان کے مالک بھی ہیں، ان کے مقابلے میں بلوچی جیسی ایک بے مایہ زبان میں جس کا رسم الخط بھی اب تک متعین نہیں کیا جا سکا ہے۔ فیض جیسے ایک قادرالکلام شاعر کے کلام کا ترجمہ کرنا کس قدر کٹھن اور حوصلہ شکن ہوا ہوگا۔ اُس کا آپ خود اندازہ لگا سکتے ہیں''۔

''جس بلوچ شاعر یا ادیب نے فیض کے ان اشعار کو جس کا میں نے ترجمہ کیا ہے، اس کی اپنی زبان اردو میں پڑھا ہے۔ آپ اگر میرے ان منظوم ترجموں میں اُن کی صورت دیکھے اور اپنی دانش کی ترازو میں ان کو تولے تو یقیناً وہ ان کو فیض کی زبان و بیان کے ہم سنگ نہیں پائے گا۔ میں خود بھی اس کا دعویٰ نہیں کرتا کہ فیض کی بے چین روح کی تڑپ اور دل کی گہرائیوں سے جو انمول اشعار پھوٹ پڑے، میں ان کا اسی انداز میں ترجمہ کر سکا ہوں۔ میں نہیں بلکہ کوئی اور بڑے سے بڑا شاعر اور ادیب بھی کسی دوسری زبان میں اشعار کہتے ہوئے اشعار کا اُن رنگینیوں، جذبوں اور دل آرائیوں کے ساتھ جو شاعر کی اپنی زبان میں ادا ہوئے ہیں، اس انداز سے ترجمہ کر ہی نہیں سکتا۔

''ترجمہ تو بس ایک ایسا ذریعہ ہوتا ہے، جس سے مترجم شاعر کی روح کی آواز اور اُس کی دل کی دھڑکنوں اور احساسات کی کولو ایک عام انداز بیان میں اپنے ہم وطنوں اور ہم زبانوں کے گوش گزار کرنے کی سعی کرتا ہے''

''میں پانچ سال کی ایک طویل مدت تک مچ اور حیدر آباد کے جیل خانوں میں بیرونی دنیا سے اوجھل پڑا رہا۔ جیل کے تلخ و تاریک دنوں سے متعلق وہی شخص بہتر جانتا اور بول سکتا ہے جس نے وہاں پر ایک مدت گزار کر اس کی صعوبتیں جھیلی ہوں۔ جناب فیض احمد فیض بھی جیل کی یاس انگیز زندگی اور ان جذبات سے احساسات کی چُبھن کا تجربہ رکھتے ہیں جو وہاں پر ایک شاعر کے حساس دل کو ٹھیس لگاتی اور بے قرار کرتی ہیں اور اس کے جذبات کو ابھار ابھار کر اس سے وہ تابناک و تابدار اشعار کہلواتی ہیں جو ہر روح کو گرمانے اور ہر دل کو تڑپانے کی تاب رکھتے ہیں''

''جیل کے ان ہی دنوں میں مجھے فیض احمد فیض کے کلام کا بغور مطالعہ کرنے اور سمجھنے کا موقع ملا۔ رفتہ رفتہ اُن کے کلام نے مجھے ایسا مسحور کیا اور میرے دل میں ایک ایسی امنگ پیدا کر دی جو کسی بھی شاعر کے دل کو جلا بخشتی اور گفتار کی لڑی پرونے پر مجبور کرتی ہے ۔۔ فیض کے اشعار نے مجھے یہ ترغیب دی کہ فیض کے ساتھ روحانی

طور پر ایک بلوچی کچہری میں ہم آہنگ ہوا جائے''

''اس وقت اُن کے اشعار کا مجموعہ 'سرِ وادیِ سینا' میرے زیرِ مطالعہ تھا میں نے مناسب سمجھا کہ اسی سے ہی ابتدا کروں۔ جب میں نے کام شروع کیا، تب معلوم ہوا کہ جس کام کو میں آسان سمجھتا تھا وہ صرف مشکل ہی نہیں بلکہ تقریباً ناممکن ہے''

''لیکن اس کے باوجود میں نے ہمت نہیں ہاری، جیل کی تنہائیوں میں مجھے اور کرنا ہی کیا تھا۔ بالآخر ایک طویل اور انتھک عرق ریزی اور دماغ سوزی کے بعد جس طرح بن سکا، میں نے 'سرِ وادیِ سینا' کا بلوچی منظوم ترجمہ مکمل کر ہی لیا''

''فیض کے اشعار کے ترجمے میں، دو باتوں کا میں نے خاص طور پر خیال رکھا ہے۔ اول یہ کہ ترجمے کے اشعار بھی اُن ہی اوزان اور بحروں میں ہوں جو شاعر نے اپنے کلام میں خود اختیار کیے ہیں اور دوم یہ کہ فیض کے اشعار و الفاظ کے بین السطور میں جو معنی پوشیدہ ہیں وہ نظر انداز نہ ہونے پائیں''۔ (۴)

حبیب جالب تو ازل کا، ابد کا، جیل کا، ریل کا، جلسہ کا، جلوس کا، لاہور کا، حیدر آباد کا ساتھی تھا۔ ''سنگت'' نامی نظم اسی جالب کے لیے تو لکھی تھی گل خان نے اور کس محبت سے لکھی تھی!!

بلوچستان؛ قدیم اور جدید تاریخ کی روشنی میں

یہ اہم تاریخی کتاب ۱۹۸۲ء میں شائع ہوئی۔ اس نے ۱۹۷۷ء میں سنٹرل جیل حیدر آباد کی اسیری کے دوران اس پر کام شروع کیا اور پھر ۱۹۸۲ء میں جا کر اسے مکمل کر پایا۔ اُسے نساٹریڈرز نے شائع کیا۔

شاہ لطیف گشیت

یہ کتابچہ، 'شاہ کے رسالو' میں بلوچوں سے متعلق کلام کا بلوچی میں منظوم ترجمہ ہے۔ اسے ۱۹۸۳ء میں بلوچی اکیڈمی نے شائع کیا۔ اپنے پیش لفظ میں میر صاحب شاہ لطیف کو کبیری بلوچ قرار دیتا ہے اور یہ تو ہم سب جانتے ہیں کہ شاہ کو بلوچوں سے بے انتہا پیار تھا۔

تاریخ خوانین قلات

یہ اخوند محمد صدیق کے فارسی زبان کے تاریخی مسودے ''الاخبار الابرار'' کا اردو ترجمہ ہے، جو انہوں نے ۱۹۸۴ء میں شائع کرایا۔

پُر نگ

یہ بہت ہی اہم کتاب ہے اور محققین اور تنقید نگاروں کی نظروں سے ہمیشہ پوشیدہ رہی ہے۔ یہ کتاب اُن ساری تحریری اور تقریری باتوں کی نفی کرتی ہے جن میں کہا گیا ہے کہ گل خان نے گویا عشقیہ شاعری نہیں کی۔ بھئی، 'پُر نگ' ان کی عشقیہ شاعری کا مجموعہ ہے۔ اسے ۱۹۸۸ء میں بلوچی اکیڈمی نے شائع کیا تھا۔ اس

کتاب کی ایک امتیازی خصوصیت یہ ہے کہ یہ ٹائپ شدہ نہیں ہے بلکہ میر صاحب کے ہاتھ کے لکھے ہوئے صفحات کو سیدھا پریس میں لے جا کر چھاپ دیا گیا ہے۔ ایسا شاید بلوچی اشاعت کی تاریخ میں پہلی بار کیا گیا۔

دوسری خصوصیت اس کتاب کی یہ ہے کہ اس میں نہ تو انہوں نے خود اپنا پیش لفظ لکھا اور نہ کسی نے اس کے لیے دیباچہ لکھا۔ اس کتاب میں کل ۵۹ غزلیں ہیں۔ مکمل طور پر عشقیہ شاعری کی اس کتاب میں ۱۹۵۲ء سے لے کر ۱۹۸۰ء تک کی شاعری موجود ہے۔ لہٰذا شعری خام عمری سے لے کر انتہائی کمال پختگی تک کا سارا عشقیہ کلام اس مجموعے میں موجود ہے۔ یہ بھی یاد رکھیے کہ گل خان کی عشقیہ شاعری کا بڑا حصہ بھی جیلوں میں لکھا گیا ہے۔ تیرہ غزلیں قلی کیمپ کی، تین سینٹرل جیل کراچی کی، دو سینٹرل جیل ساہیوال کی، دو کوئٹہ چھاؤنی حوالات کی، اور نو سینٹرل جیل مچ کی پیدائش کا میڈل رکھتی ہیں۔

دلچسپ بات یہ ہے کہ میر گل خان نصیر نے ایک غزل کوئٹہ ائیر پورٹ پر لکھی۔ ہمارا پیار سے چھلکتا شاعر!!

کارواں کے ساتھ

میر صاحب کی اردو اور فارسی شاعری کی کتاب ہے جو گذشتہ کئی دہائیوں سے میرے پاس اشاعت کے لیے رکھی رہی۔ بالآخر ۲۰۱۱ء میں شائع ہوگئی۔

میر صاحب کی اردو شاعری اُن کے اوائل زمانے کی شاعری ہے۔ لہجہ اور طرز سارا اقبال اور یوسف عزیز مگسی والے زمانے کا ہے۔ سوچ کے اعتبار سے بہت واضح شاعری جو سامراج دشمنی اور آزادیٔ وطن کے جذبات سے بھری ہوئی ہے۔ یہاں میر گل خان سرداری نظام اور جرگہ کے سخت ترین مخالفوں میں سے ہیں۔ سوشلزم اُس کی حتمی منزل ہے۔ اس کی اردو شاعری کل چالیس کے قریب عنوانات پر مشتمل ہے۔

میر صاحب کی فارسی شاعری بھی بہت زبردست ہے۔ اس کی فارسی شاعری فنی اور فکری دونوں لحاظ سے منجھی ہوئی شاعری ہے۔ انسان دوستی اور انقلابی سوچ پر مشتمل عنوانات ہیں۔ سٹائل وہی فردوسی والا، یا پھر بلوچی طویل بیانیہ والا۔

ذرا لال شہید (خان قلات خان محراب خان) کی شہادت کے واقعہ کی شاعری تو ملاحظہ ہو:

شہادت میر محراب خان غازی

صبح کا وقت ہے میری کے گردا گرد فوجیں ہیں
بلوچی خان کو گھیرے ہوئے بیتاب موجیں ہیں
شہیدِ قوم محراب خان ہیں محصور قلعے میں
رسد کی فکر ہے بیٹھے ہیں اب مجبور قلعے میں

کھڑے ہیں دست بستہ دم بخود میر و وزیر سارے
جھکائے سر کو بیٹھے ہیں افیسر خوف کے مارے
سنبھالے تیغِ جوہر دار کو محراب بیٹھے ہیں
وطن پر سر کٹانے کے لیے بے تاب بیٹھے ہیں
مخاطب کر کے کہتے ہیں امیروں کو وزیروں کو
تمام اہلِ مجلس کو سبھی برنا و پیروں کو
مرے لڑکے کو میرا آخری پیغام پہنچا دو
جہاں تم کو ملے اس کو مرا پیغام پہنچا دو
اول کہہ دو کہ اے بیٹا چلم پینا نہیں ہر گز
کہ رفتہ رفتہ یہ تم کو بری عادت میں ڈالے گی
شراب و بھنگ کے کیڑے تیرے سینے میں پالے گی
دوم سردار جتنے ہیں یہ سارے کینہ پرور ہیں
میرے فرزند! مارِ آستیں سے بھی یہ بدتر ہیں
نہ کرنا کچھ بھروسہ ان پہ یہ ہیں وقت کے ٹٹو
یہ دولت کے لیے کھاتے ہیں چکر جس طرح لٹو
سوئم انگریز ہے دشمن ہمارے دین و ایماں کا
یہ کافر دوست بن سکتے نہیں ہر گز مسلماں کا
نہ ان کے عہد و پیماں پر تمہیں کچھ اعتبار آئے
یہ پیماں توڑنے کو اک سیاسی چال کہتے ہیں
زر و دولت لٹانے کو یہ اپنا جال کہتے ہیں
نہ کرنا کچھ بھروسہ ان پہ یہ کافر دو رنگی ہیں
کہاں یہ دوست بن سکتے ہیں تیرے یہ فرنگی ہیں
ادھر محراب خاں مجلس میں یوں مغموم بیٹھا تھا
ادھر ولشیر (ولشائر) ہر ایک بات سے معلوم بیٹھا تھا
وہ شاغاسی کہ جس پر تھا بھروسہ خانِ والا کو
پیارا تھا جو اپنوں سے بھی محراب خانِ والا کو
اب لبدین (لَوَ ڈے) کی مجلس میں یوں سرشار بیٹھا ہے
دغا کرنے وہ اپنے خان سے تیار بیٹھا ہے
وہ خفیہ راستہ میری کا دشمن کو بتاتا ہے
فتح پانے کا ہر ایک ڈھنگ دشمن کو سکھاتا ہے
لبدین، وہ فرنگی، وہ شہید قوم کا دشمن
دغا باز، کینہ پرور اور صلوٰۃ و صوم کا دشمن
لٹاتا ہے زر و دولت وہ ان جاہل بلوچوں پر
اور اپنا سحر فسوں پھونک دیتا ہے بلوچوں پر
نہیں ہے پاس کچھ اس کو اپنے عہد و پیماں کا
دغا دے کر فتح کرنا یہی ہے شیوہ شیطاں کا
وہ شاغاسی کو اپنے دام و پھندے میں پھنساتا ہے
اسے دولت کا لالچ دے کے دھندے میں پھنساتا ہے
چڑھاتا ہے اسے شاغاسیِ بدافعال میری پر
دکھا تا ہے اسے محراب بھی اک کھیل میری پر
شہید قوم محراب خان سرگرم سخن بیٹھے
اور اس کے گرد صف باندھے بلوچی تیغ زن بیٹھے

اتنے میں فرنگی فوج میری میں نکلتی ہے
بلوچی سورماؤں پر ابھی شمشیر چلتی ہے
اہلِ مجلس سونت کر شمشیر بڑھتے ہیں
وطن کے دشمنوں سے شیر کے مانند لڑتے ہیں
کسی کو کاٹتے ہیں اور کسی سے خود بھی کٹتے ہیں
بمثلِ شیر دراں ہر فرنگی پر جھپٹتے ہیں
کسی پر بھی نہیں رکتی ہے محراب خان کی شمشیر
مقابل ہو رہی ہے کفر سے ایمان کی شمشیر
فرنگی فیر کرتے ہیں بلوچی گر کے بڑھتے ہیں
وطن کے نام پر یہ تیغ زن قربان ہوتے ہیں
خدا کے پاک بندے صاحبِ ایمان ہوتے ہیں
وفاداری کے صلے میں ملا انعام جو دیکھو
شہید قوم محراب خان کے انجام کو دیکھو
(۱۹۳۶ء)

حوالہ جات

۱۔ ''میں اور میرا فن''۔ ماہنامہ سنگت۔ دسمبر ۲۰۱۰ء۔ صفحہ ۶۰

۲۔ نصیر، گل خان۔ بلوچی عشقیہ شاعری۔ صفحہ نمبر ۵

۳۔ ملک، پناہ محمد۔ تعارف بلوچی عشقیہ شاعری ۱۹۷۹ء۔ بلوچی اکیڈمی کوئٹہ

۴۔ ماہنامہ سنگت کوئٹہ، دسمبر ۲۰۱۰ء۔ صفحہ ۶۲

تمہیں نابُود و نیست کرنے کو
کس کے باندھی کمر ہے تاروں نے
بے نواہارِیوں، مزدوروں نے
تم کو نابود کر کے چھوڑیں گے
گل خاں نصیر

مانیث حبر مئے

غلام نبی ساجد بزدار

"ما، مانوں، مہمانوں، مس جہاں مانیث حبر مئے"۔

ترجمہ: ہم رہیں یا نہ رہیں دنیا میں ہماری باتیں زندہ رہیں گی۔

کوہ سلیمان کے نامور شاعر ڈکشن کے بادشاہ سید خان بزدار کا کہنا ہے۔

موتا نہ مرنت گالوار

روحا اجل کئے پھلواں

مفہوم! شاعروں کی شاعری زندہ رہتی ہے۔ ہاں ہر ذی روح کو موت اپنے وقت مقررہ پر ضرور آتی ہے۔

وہ لوگ جنہیں موت مار نہ سکے، وہ زمانہ کے حادثات سے بلند و بالا انسان ہوتے ہیں۔ ایسے لوگوں کے قول ہر وقت اور ہر مجلس میں زندہ و جاوداں رہ کر شامل ہوتے ہیں۔ حصہ لیتے ہیں اور زندگی کا کارواں اُن کے ذکر سے مزین رہتا ہے۔ "میں کون ہوں؟ میں کیا ہوں۔ یہ بہت معمولی بات ہے۔ ایسے سمجھنا اور جاننا بھی کوئی مشکل کام نہیں۔ میں کہہ سکتا ہوں کہ میں انسان ہوں۔ والدین نے میرا نام گل خان رکھا شاعری میں نصیر تخلص کے طور پر اپنایا۔ ضلع چاغی کے شہر نوشکی میں ذگر مینگل قبیلے سے میرا تعلق ہے۔ میری تعلیمی قابلیت بس برائے نام ہی ہے۔ ایک مختصر عرصے تک ریاست قلات میں خدمات سرانجام دیئے۔ پھر مجھے سیاست کا روگ لگ گیا۔ سیاست کا شوق مجھے بچپن سے تھا۔ سال ۱۹۴۱ء سے میں نے دو ہی کاموں کے لیے خود کو وقف کیا۔ شاعری اور سیاست .... آپ میں سے اکثر نے انگریز سرکار کی حکومت نہیں دیکھی۔ یوں آپ کے لیے یہ سمجھنا اور باور کرنا بھی مشکل ہے کہ اُس دور میں سیاست کرنا کس قدر جان جوکھوں کا کام تھا؟۔ یہ وہ زمانہ تھا کہ بلوچستان پر انگریز لارڈ کا حکم چلتا تھا اور ہمارے اشرفیہ کے لیے لارڈ صاحب کی بگھی کھینچنا باعثِ شرف تھا۔ (ہاں چند ایک کو چھوڑ کر)

دوسری جانب دولت برطانیہ کی وفاداری کے صلے میں جو طاقت اور اختیار ہمارے سرداروں کو حاصل تھا اس کے طفیل عام بلوچوں کی زندگی اجیرن ہو کر رہ گئی تھی۔

''سکول کالج اور درسگاہوں کا تصور تک نہ تھا۔ یہاں تک کہ اخبار پڑھنا بھی جرم تھا''۔

''شاعری کو میری خوشی اور غم سے سروکار کہاں؟ بس وحی یا کشف کی مانند دل پر نازل ہوتا ہے۔ میرے خیال میں شاعری فن نہیں ہے۔ فن تو سیکھنے کی چیزیں ہیں۔ اُستاد کی ضرورت پڑتی ہے۔ فن دراصل ہنر ہے۔ جبکہ شاعری ایسا علم ہے جسے سیکھنے کو کسی استاد یا پیر کی ضرورت نہیں''۔ (گل خان نصیر)

میر گل خان نصیر نے میٹرک کے بعد ایف ایس سی میں داخلہ لیا اور لاہور تشریف لے گئے۔ لیکن آنکھ کی تکلیف کے سبب ایف اے کیے بغیر واپس لوٹ آئے۔ پھر ایک وقت آیا کہ ''انقلاب'' جیسی رومانویت میر گل خان نصیر کی پہچان اور عشق بن گئی۔

نظریہ ایک طرح سے سائنس سے میل نہیں رکھتا۔ سائنس مشاہدے اور تجربے کے بعد تصدیق کرنے پر یقین رکھتی ہے۔ جبکہ نظریہ معروض کو اپنے مفروضے اور خواہش کا تابع کرنے کی کوشش کرتی ہے۔

ہمارے اپنے عہد کے دوسرے انقلابی حضرات کی طرح، میر گل خان نصیر نے بھی بلوچوں کی ناگفتہ بہ حالات کے اسباب جاننے کی کوشش کی۔ اندرونی اور بیرونی حقائق کا تجزیہ کیا اور محض اس نتیجے پر پہنچا کہ بلوچ انگریز سرکار اور سرداروں کے ظلم کی چکی میں پس رہا ہے۔

ایک عاشق اور شاعر جس کے تصور کا اپنا ہی الگ جہاں ہے۔ اس حقیقت کو اہمیت نہ دے سکے کہ مہر گڑھ اور سنگلغیں ڈور کے تہذیبوں کا وارث، بلوچ اپنی فطری بڑھوتری / ارتقا Growth کے دوران کہیں وقت سے پیچھے رہ گیا.......... ذات کی اندرونی کمزوریوں Inner Weakness نے اُسے سردار کا نوکر اور سرکار کا چاکر بنا دیا۔

میر گل خان نصیر کا تعلق تہی دست اور غربت کے مارے ہوئے لوگوں سے نہ تھا خود سردار خیل تھے۔ اپنی ماضی سے ایک غیر محسوس تعلق تو انہیں بہرحال تھا۔ بات کو تسلیم کرنے میں قباحت ہی کیا ہے کہ ہمارے سرکردہ دانشور آج تک چند بنیادی سوالوں کا جواب تلاش نہ کر سکے۔

مثلاً بلوچ کون ہیں؟ تہذیبی اور ثقافتی اعتبار سے کس سے تعلق رکھتے ہیں۔ بلوچ کا اصل وطن کہاں ہے۔ بلوچ بطور قوم تشکیل و تکمیل کے کس مرحلے میں ہے؟ اور بلوچ قومی جدوجہد کے اصول کیا ہونے

چاہییں؟۔

بلوچوں کی اصلیت جاننے کو میر گل خان نصیر نے تاریخ بلوچستان لکھی۔ کوچ و بلوچ، ''بلوچ جدید و قدیم تاریخ کی روشنی میں'' لکھتے وقت اپنے خون کے دیئے جلائے۔

شاعری میں بلوچی Norm کو امر بنانے کو ''بلوچستان کی کہانی شاعروں کی زبانی'' جیسے تحقیقی کام کیے۔

بلوچی عشقیہ شاعری اور بلوچی رزمیہ شاعری لکھ کر ہمیں اپنے ماضی، ثقافت اور مزاج سے آشنا کیا۔ ہاں ایک بات قابلِ توجہ ہے کہ جیسے ہر بلوچ کا (بشمول راقم) دعویٰ ہے کہ وہ ایک شاندار ماضی کا مالک ہے۔ جبکہ نامور ناول نگار منیر بادینی کے بقول:

"This Golden period of Baloch can be also a myth"

گل خان نے بھی تحقیق و جستجو کے مشکلات اٹھائے بغیر فردوسی کے اشعار کو حقیقت مان کر تمام دوسرے راستے بند کر دیے..........

بلوچوں کے بارے میں یہ کہنا کچھ زیادہ تکلیف دہ نہیں کہ ہم پر نامعلوم بلندیوں سے آسمانوں سے ہدایات کا کوئی سرچشمہ نہیں اُترا۔ البتہ کسی زمانے میں زرتشت کے یزداں واہرمن نے ہمیں آس آف سے تعلق دار بنایا۔ جو آج تک جز وایمان ہے۔

چاکری / رندی عہد کے نامور شاعر اور عاشق بیورغ بہت بڑی بات کہہ گئے کہ بے ہمت مرد نہ شاعری کر سکتا ہے اور نہ ہی عاشقی............ یہی پیمانہ ہے کہ ہم میر گل خان نصیر کو عاشق اور شاعر دونوں جگر سوز امور میں سرخیل مانتے ہیں۔

عشق ایسا کہ اپنے کلام ''ماہِ لقا'' میں فرماتے ہیں۔

من پر تئی کھیالا اے دوستیں ماہِ لکا
حیران و سر تہراں مجنوں و بود لا
بیا بیا کہ دردِ ہجراں نی بیتہ لا دوا

بابائے بلوچستان میر غوث بخش بزنجو فرماتے ہیں کہ میر گل خان نصیر نے بلوچی شاعری کو نیا طرز اور آہنگ عطا کیا۔ بلوچی ادب اور شاعری پر گل خان نصیر کے اثرات ایک عہد تک باقی رہیں گے۔ میں یقین سے کہہ سکتا ہوں کہ اس صدی میں گل خان نصیر سے بڑا شاعر پیدا نہیں ہوسکتا۔

مولوی محمد عمر کا کہنا ہے۔ ''میں تمام عمر میر گل خان کے ساتھ رہا اور میں یہ بات سچائی سے کہہ سکتا ہوں کہ میر گل خان آخری سانسوں تک اپنی مقصدِ حیات

سے وفادار تھا۔ وہ یہ کہ نوابوں، سرداروں کا شاعر نہیں تھا بلکہ اپنے مٹی سے رشتہ جوڑے ہوئے اس گل زمین کے بچوں کا شاعر تھا۔

ایک آخری بات۔ وہ یہ کہ میر صاحب کی شاعری پر تنقید کرنے والے ایک بڑی تنقید یہ کرتے ہیں کہ اُن کی شاعری میں ''ادب کم اور طوفان، گرج رگرند اور نعرہ زیادہ ہے''۔ ہاں یہ تو ہے۔ فیض صاحب اپنی شاعری کی بات فرماتے ہیں۔ ''میری پرورش زیادہ تر عورتوں کے ساتھ ہوئی ہے اس لیے میری شاعری میں نرمی اور دل گرفتگی زیادہ ہے اور میری شاعری پر اس صنفِ نازک کے اثرات ہی تو ہیں۔

جبکہ میر گل خان نصیر نے جس ماحول میں شاعری کی وہاں نرم دلی اور رحم دلی ایک طعنہ ہے۔ عورتوں کے ساتھ بات چیت کرنا عیب ہے۔ ہمارے اکثر بلوچوں کا ہیرو چاکر اور لاکھوں کا آئیڈیل تو بالاچ ہے۔ بہت کم لوگ امن کے شاعر توکلی مست کے جنگ کے میدان میں تلوار نیام کرنے کو سمجھ پائے ہیں۔ ایسے ماحول میں ہمارے نقاد ادب میں نرمی تلاش کرتے ہیں عجب ہے۔

میر گل خان نصیر کی نذر

منظور بلوچ

شاعرِ شیریں زباں گل خاں نصیر
اور میرِ کارواں گل خاں نصیر
جبرواستبداد کے ہر دور میں
تو بنا کوہِ گراں گل خاں نصیر
کیف سے لبریز تیری شاعری
صورتِ آب رواں گل خاں نصیر
مصلحت کوشی سے کوسوں دور ہیں
تیرے افکار و بیاں گل خاں نصیر
تو بلوچوں کا تھا اک بطل جلیل
اب کوئی تجھ سا کہاں گل خاں نصیر
تیرے دم سے تھیں بہاریں چارسو
نکتہ سنج ونقطہ داں گل خاں نصیر
ثبت ہے تاریخ کے اوراق پر
نام تیرا جاوداں گل خاں نصیر

نابغۂ روزگار شخصیت کے حامل:
میر گل خان نصیرؔ

طاہر حکیم بلوچ

میر گل خان نصیر کو زمانہ طالب علمی سے ہی شعر وادب سے دلچسپی تھی لکھنے پڑھنے کا شوق تھا۔ اپنی قوم اور سرزمین کی غلامی، محکومی اور پسماندگی کے بنیادی اسباب و عوامل کو جاننے اور پرکھنے کا جستجو تھا۔ اس لیے جب انہیں بلوچ تاریخ کے چند اہم واقعات جیسے ریاست قلات کا زوال، میر محراب خان کی شہادت، برطانوی سامراج کی بلوچ دھرتی پر قبضہ اور اُسے چار مختلف حصوں میں برٹش بلوچستان ریاستی بلوچستان ، ایرانی بلوچستان اور افغانستان میں تقسیم کرنے اور اس کے سامراجی اور نوآبادیاتی عزائم اور رویوں کے بارے میں علم و معلومات حاصل ہوئیں تو ان تاریخی معلومات نے اُسے بہت متاثر کیا۔ چنانچہ انہوں نے شعر وادب کے ساتھ ساتھ بلوچ قومی تاریخ اور ثقافت کے مطالعے کو اپنی دلچسپی کا موضوع بنایا جس کی وجہ سے اس کا تاریخی ، سیاسی اور سماجی شعور مزید پروان چڑھا ایک طرف بلوچ تاریخ تو دوسری طرف دھرتی کے مخدوش اور دگرگوں حالات تو تیسری طرف عالمی اور علاقائی صورت حال نے اس کی ذہنی وفکری تربیت کرنے میں اہم کردار ادا کیا۔ گل خان نصیر کی شخصیت ،شاعری اور سیاست پر اپنی تاریخی حالات وواقعات اور عوامل کے اثرات دکھائی دیتے ہیں۔ گل خان نصیر کی شاعری اور شخصیت ، سماجی وسیاسی شعور کے مختلف پہلوؤں کا جائزہ لینے سے پہلے اس کی عہد کا مطالعہ کرنا انتہائی ضروری ہے۔ میر گل خان نصیر کا عہد ایک طرف تو عالمی سطح پر اور دوسری طرف علاقائی سطح پر انتہائی ہنگامہ خیز دور تھا۔ سامراجی ممالک کے معاشی تضادات نے پہلی عالمی جنگ کو جنم دیا تھا۔ مارکس اور لینن کے انقلابی افکار اور نظریات نے دنیا کو دو واضح حصوں میں تقسیم کیا تھا۔ جس کے نتیجے میں ۱۹۱۷ء کے روسی انقلاب نے اُسے مزید گہرا کر دیا۔ ایک طرف

سرمایہ دارانہ دنیا اور دوسری طرف سوشلسٹ بلاک تھی۔ جس نے غلامی اور نوآبادیاتی نظام کے خلاف مظلوم اقوام میں آزادی اور حُریت کے جذبات کو مزید مہمیز دی۔ جس کے نتیجے میں نوآبادیاتی نظام اور سامراجی استحصالی قوتوں کے خلاف ایشیاء افریقہ اور لاطینی امریکہ میں مسلح مزاحمت اور قومی آزادی کی تحریکات نے ایک انقلابی اٹھان لی۔ برصغیر کی سیاسی واقتصادی صورت حال نے بھی برطانوی سامراج کے خلاف ایک منظم تحریک کی کیفیت کو جنم دیا تھا۔ ادب میں ترقی پسند تحریک جس نے ادیبوں کو خارجی اور اجتماعی زندگی کے معاملات کے بارے میں غور وفکر کی ایک فکری دعوت دی۔ ان علاقائی اور عالمی، سیاسی اور انقلابی صورت حال اور تحریکات نے پڑھے لکھے بلوچ نوجوانوں کو بھی متاثر کیا جن میں میر گل خان نصیر بھی شامل تھا۔

بلوچ عوام تو شروع دن ہی ۱۸۳۹ء سے اپنی دھرتی پر برطانوی سامراج کی مداخلت اور قبضہ گیری کو تسلیم نہیں کر رہے تھے۔ بلکہ بلوچوں نے برطانوی سامراج کے خلاف اسی سال تک بھرپور مسلح مزاحمت کی ہے۔ اس دوران برطانوی حکمرانوں نے اپنے سیاسی و معاشی مفادات کے لیے بلوچستان کے بالائی طبقات کو مختلف مراعات سے نوازا ہے۔ قبائلی نظام کو اپنے مفادات کے لیے استعمال کیا جبکہ رابرٹ سنڈیمن نے اُسے مزید استحصالی شکل دے دی جس میں سردار جو چاہتا کرتا۔ ان حالات کے زیر اثر بلوچ معاشرے میں غربت، پسماندگی اور استحصالی رویے مزید پروان چڑھنے لگے۔ یہ چند ایسے واقعات تھے کہ جن سے ہر حساس شخص متاثر ہوئے بغیر نہ رہ سکا ایک حساس شخص یا شاعر خواہ وہ کتنا ہی گوشہ نشین کیوں نہ ہو ان تبدیلیوں اور ان کے اثرات سے اپنا دامن نہیں بچا سکتا۔ کچھ یہی کیفیت میر گل خان نصیر کو جن حالات کا سامنا تھا وہ قومی اور عصری دونوں اعتبار سے خاصے مخدوش اور دگرگوں تھے۔ وہ جس قبائلی معاشرے میں پیدا ہوئے وہ پسماندہ وناخواندہ تھا۔ وہ جس سرزمین سے تعلق رکھتے تھے وہ غلامی اور محکومی کی زنجیروں میں جکڑا ہوا تھا۔ داخلی اور خارجی، اندرونی اور بیرونی دونوں اطراف سے بڑی قوتوں کی بالادستی اور تسلط تھی۔ اس لیے میر گل خان نصیر کے کلام کی ایک واضح سطح ایک ایسے حساس انسان کی ردعمل کی سطح ہے جو زندگی کے مظاہر کی ارضی تفصیلات روز وشب بغور دیکھتا ہے۔

میر گل خان نصیر کی شاعری اور جدوجہد کو دو مختلف ادوار میں تقسیم کیا جا سکتا ہے۔ نوآبادیاتی اور جدید نوآبادیاتی دور، نوآبادیاتی دور ۱۸۳۹ء سے برطانوی سامراج کی قبضہ گیری سے لے کر ۱۹۴۷ء تک کا زمانہ

ہے جبکہ اس کے بعد جدید نوآبادیاتی دور کا آغاز ہوتا ہے۔ جس میں بلوچوں کی آزاد ریاست کی آزادی اور خودمختاری پر شب خون مارا جاتا ہے۔ جس کے نتیجے میں غلامی کی ایک سیاہ رات شروع ہوجاتی ہے۔ سیاسی و سماجی منظرنامے پر جونقشہ اُبھرتا ہے۔ وہ اُس نوآبادیاتی دور کا ایک تسلسل نظر آتا ہے۔ ظلم و جبر کی وہی قوتیں، غیر انسانی وغیر جمہوری رویئے، مارشل لا کی اذیتیں، قید وبند کی مصیبتیں، قلی کیمپ اور ٹارچر سل، بھوک، افلاس، قومی جبر واستحصال اور اقدار کی پامالی اس عہد کے واضح اور نمایاں نشانات ہیں جن کے خلاف میر گل خان نے آخری دم تک شاعری اور سیاست دونوں حوالوں سے بھر پور مذاحمت کی۔

نوآبادیاتی دور میں میر یوسف عزیز مگسی اور عبدالعزیز کُرد کی سربراہی میں جو سیاسی اور سماجی تحریک شروع کی گئی تھی۔ اس نے میر گل خان نصیر کے لیے ایک سیاسی ماحول اور تحریکی فضا پیدا کرنے میں اہم کردار ادا کیا تھا جس کے زیر اثر میر گل خان نصیر عملی صورت میں قومی جدوجہد کا حصّہ بن گئے۔ یہ وہ سماجی اور سیاسی حالات تھے جنہوں نے نہ صرف میر گل خان نصیر کو سیاسی وانقلابی افکار سے مسلح کیا بلکہ عملاً اُسے سیاسی جدوجہد اور بلوچ قومی تحریک میں شامل ہونے پر مائل کردیا جو بلوچستان کی قومی آزادی کے لیے تھی۔ دراصل میر گل خان نصیر اپنی فہم وبصیرت کی بنا پر اس تاریخی تبدیلی کو سمجھ چکے تھے جو اس خطے میں برطانوی سامراج کے خلاف ہو رہی تھی اس لیے انہوں نے اس کا بھرپور ساتھ دیا۔

میر گل خان نصیر کی شاعری کا لب ولہجہ ان کے تہذیبی، تاریخی، ادبی اور معاشرتی پس منظر اور قوم پرستی اور ترقی پسندی کی فضا سے ترتیب پاتا ہے۔ انہوں نے اپنی شاعری کی فکری بنیادوں کو اپنی روایات پر استوار کیا۔ اس فکری بنیاد اور فضا کی تخلیق میں ان کا عصری اور سیاسی شعور کارفرما نظر آتا ہے۔ انہوں نے جو ادب تخلیق کی اس میں بلوچ معاشرے کی خوبصورت انداز میں تصویر کشی کی گئی۔ ایک طرف انہوں نے حاکم وقت اور دوسری طرف اپنے معاشرے کے ہی استحصالی رویوں کو کڑی تنقید کا نشانہ بنایا۔ ان کے خلاف بھرپور لکھا۔ انہوں نے اپنی شاعری اور سیاست کے ذریعے اپنے عہد سے مایوسی کا اظہار نہیں کیا بلکہ مروجہ نظام پر سخت تنقید کی۔

زمانے کے حالات پر نوحہ کناں نہیں رہے بلکہ عہد کو سمجھنے اور اُسے تبدیل کرنے کا شعور بھی دیا۔ ایک طرف انہوں نے اپنی جدوجہد اور شاعری کے ذریعے بلوچ معاشرے میں مزاحمتی اور تنقیدی سوچ وفکر کو بیدار کیا تو دوسری طرف ایک ادبی اور دانشورانہ فضا بھی تخلیق

کی۔ جدید بلوچی شاعری کی اولین کتاب میر گل خان نصیر کی ''گلبانگ''، تھی جو ۱۹۵۱ء میں شائع ہوئی۔ بلوچی اِملا اور رسم الخط کے متعلق پہلی تحریری مباحث کا آغاز بھی میر گل خان نصیر نے اپریل ۱۹۵۱ء میں ماہنامہ ''اومان'' کراچی سے کیا تھا۔ بلوچی رسم الخط کے متعلق پہلا کنونشن ان کے دورِ وزارت میں ان کی صدارت میں منقد ہوئی تھی۔

وہ بلوچوں کی قومی شناخت، تشخص کو برقرار رکھنے کے علمبردار تھے۔ اس مقصد کے لیے انہوں نے بلوچ اور بلوچستان کے متعلق گرانقدر تحقیقی خدمات سرانجام دیں اور بلوچ تاریخ کے کئی اہم پہلوؤں کو ''تاریخ بلوچستان، بلوچستان قدیم وجدید تاریخ کی روشنی میں، بلوچستان کی کہانی شاعروں کی زبانی، تاریخ خوانین قلات، کوچ و بلوچ، حمل جیئند، بلوچی رزمیہ، شاعری، بلوچی عشقیہ شاعری ودیگر تصانیف کی صورت میں سامنے لائے تاکہ بلوچ عوام میں تاریخی شعور بیدار ہو سکے۔

میر گل خان نصیر کی ان علمی وادبی سرگرمیوں کے نتیجے میں بلوچی زبان وادب کی جدوجہد کو تقویت ملی۔ نوجوانوں میں ادبی وثقافتی شعور بیدار ہوا، سیاسی ومعاشی حقوق کی جدوجہد کے ساتھ ساتھ ثقافتی حقوق زبان وادب کو بھی اہمیت حاصل ہوئی۔ میر گل خان نصیر کی شاعری میں گھن گرج اس لیے زیادہ ہے کہ انہوں نے قید و بند کی صعوبتیں دیکھی ہیں۔ قلی کیمپ کے مظالم سہے، بلوچستان پر بمباری اور بلوچ عوام پر بے تحاشا ظلم ہوتے ہوئے دیکھا۔ انہوں نے ون یونٹ، ایوب خان و یحیٰی خان کی فوجی مارشل لاء اور بعد کی نام نہاد جمہوری حکومت کے غیری جمہوری اقدامات دیکھے۔ جس نے اس کی شاعری اور سیاست دونوں میں بارود بھر کر انقلابی آہنگ اور شدت پیدا کردی، اس لیے اس کی شاعری میں بلوچوں کی سماجی، معاشی، معاشرتی اور ثقافتی زندگی کے گہرے کرب کا ذکر ہے۔ دوسری طرف ان استحصالی اور جابر قوتوں کا تذکرہ ہے۔ جنہوں نے اپنے معاشی اور سیاسی مقاصد اور مفادات کے لیے لوگوں کو غلامی کی زنجیروں میں جکڑا ہوا ہے اس لیے اس کی شاعری میں انقلابی جوش، سچائی، ظالموں سے نفرت، انسانوں سے محبت، جدوجہد، قربانی اور اُمید کی کرن موجود ہے۔

حکومتی اور سماجی جبر نے اس کی ذہنی وفکری پختگی او رسیاست وادب کے ساتھ وابستگی اور کمٹمنٹ کو مزید گہرا کردیا، یہ کمٹمنٹ بلوچ قوم اور بلوچ دھرتی سے اس قدر والہانہ تھی کہ انہوں نے سرکاری ملازمت اور پُرعیش آرام دہ زندگی کو خیر باد کہہ کر انتہائی پُر خطر راستے کا انتخاب کر کے بلوچ قومی تحریک میں شامل ہو گئے، جہاں وہ جانتا تھا کہ اس راہ میں رن پڑے گا۔ سر پھٹیں گے خون بہے گا مگر پاپ کے پھندے اور ظلم کے بندھن ٹوٹیں گے۔

میر گل خان نصیر کی نظر نہ صرف ملکی وعلاقائی حالات پر تھی بلکہ بین الاقوامی دنیا کے سیاسی وسماجی حالات سے بھی وہ باخبر تھے۔ ان میں سے بعض بین الاقوامی سیاسی حالات و واقعات ان کی نظموں کے براہ راست محرک بنے جیسے کیوبا اور ویت نام میں جاری قومی آزادی کی تحریک اور گوریلاؤں کی بہادری کے کارنامے انہوں نے کیوبا کے عوام کو سلام اور ویت نام جیسی نظمیں لکھیں جس سے انہوں نے بلوچ قومی جدوجہد کو آزادی کی عالمی اور سامراجی دشمن تحریکات کے ساتھ جوڑ دیا۔

میر گل خان نصیر کی فہم وفراست، دیانت داری، خلوص، کمٹمنٹ، عملی جدوجہد، شاعری اور سیاست کے ساتھ وابستگی کے ساتھ اس کے سیاسی وسماجی شعور نے اُسے اپنی دھرتی کا انقلابی رہنما اور شاعروں کا سرخیل بنادیا۔ وہ اپنی گلزمین اور عوام کے شاعر تھے۔ وہ گلزمین جو نوآبادیاتی اور جدید نوآبادیاتی نظام کے سخت شکنجے میں جکڑا ہوا تھا۔ جس کے خلاف میر گل خان نصیر نے اپنی سیاسی وسماجی شعور کی طاقت سے عملی جدوجہد کی راہ اختیار کر کے ایک تاریخ ساز جدوجہد کی، بلوچوں کو ایک پہچان دی، ان میں اعتماد کو پیدا کیا، اور اُن کو مستقبل کا راستہ دکھایا۔ اس لیے ایک طرف اس کا کردار جدید بلوچ سیاست وادب میں ایک مزاحمتی شاعر ودانشور کے ہیں تو دوسری طرف وہ ایک انقلابی رہنما اور سماجی تبدیلی کے اہم رہنما و قائد کی روپ میں بھی نظر آتے ہیں۔ اس کا کیریئر اس کی طبعی موت کے بعد اختتام پذیر نہیں ہوا بلکہ اس کی اصل زندگی اس کی موت کے بعد شروع ہوتی ہے۔ وہ جدید بلوچ قومی تاریخ کا ایک اہم اور درخشان باب اور جدوجہد کی لازوال علامت ہے۔ جسے لوگ صدیوں تک یاد رکھیں گے۔

☆☆☆☆

جو مُفت کی کھاتے ہیں تبھی تو
بڑی ہی مستی میں ناچتے ہیں
فریب سے، مکر سے، دَغل سے
ہزاروں لوگوں کو لُوٹتے ہیں
ہزاروں، لاکھوں کے ہیں وہ مالک
مگر وہ پھر بھی ہیں مضطرب سے
مزید دولت سمیٹنے کو
مگر کھٹکتی ہے بات یہ بھی

گل خان نصیر

میر گل خان نصیرؒ

تحریر: احمد اقبال بلوچ

میر گل خان نصیر ایک قدامت شخصیت کے نام سے تاریخ میں جانے جاتے ہیں۔ وہ سرزمینِ بلوچستان کے اُن فرزندوں میں سے تھے جنہیں آج کی دنیا جبلِ ساکت کوہِ گراں کے طور پر مانتی ہے۔ اِن کی شخصیت کے مختلف پُر اثر پہلو ہیں جو آج تک ہم جیسے چمِ نزورِ عقلِ صغیر مکمل طور پر سمجھنے کی کوشش کر رہے ہیں۔ یہ حقیقت ہے جب قدرت کسی کو شعورِ بالا اور فکرِ بے انتہاء دیتی ہے تو ایسے شخص کو سمجھنے کے لئے اُستادِ شعورِ اعلیٰ کی ضرورت ہوتی ہے۔ ہم جیسے کم عقل اِن کی شخصیت پر تبصرہ کریں تو اُس کی مثال ایسی ہی ہے جیسے سورج کو چراغ دکھانا۔ میر صاحب کی شاعری کو ہم پڑھیں اور پرکھیں تو راست گوئی کے سوا کچھ نہیں ملے گا۔ کوئی اس صنفِ حساس کو محسوس کرنے والا اگر اُن کی شاعری پڑھے تو یقیناً سچ اور آ گہی کی روح کے سبب راحتِ قلب ہی محسوس کرے گا اور میر صاحب کے ذہن کی ہر برقِ رگ اُسے اس بات کا احاطہ کروا رہی ہوگی کہ تیرے علم و فراست میں گل خان نصیر کے کلام کو سمجھنا تو درکنار، اُس فلسفائے مہر و وفا کے نزدیک پہنچنا بھی دشوار ہے، اُن کی شاعری پڑھنے والے کی حس، کھلے ہوئے گل کی خوشبو محسوس کرلے گی مگر اپنی چمِ نزورِ علمِ قلیل کے سبب خوبصورت الفاظ کے غلاف تک کو چھو نہ سکے گی، جس کرب سے گل خان نصیرؒ نے الفاظ نوشتہ کئے ہیں میرے خیال میں انھیں پڑھنے والا شاید میر صاحب کے اُس کرب کو محسوس نہیں کر سکتا جو اُن پر اُس وقت طاری تھا۔ مجھے ایسا محسوس ہوتا ہے کہ میر صاحب کم وقت میں ہمیں بہت کچھ کہنا اور سمجھانا چاہتے تھے، اِن کے قلم کی ہر لکیر اور نقطے میں مجھے وطن کی

محبت اور ہم وطنوں کے لئے درد کی تڑپ انتہا محسوس ہوتی ہے۔ میر صاحب ایسا انقلاب برپا کرنا چاہتے تھے کہ اُن کے وطن کی مٹی پر بسنے والے غلامی کی ذلت سے آزاد ہو جائیں، اس بات کا اندازہ ہم اُن کے اس شعر سے کر سکتے ہیں۔

چہ گلیں جہانا وطن سارِیا
وگڈ چہ وطن، دوست و جانی تو ئے

ترجمہ:

ساری کائنات سے وطن پہلے ہے
وطن کے بعد، مجھے تم پیارے ہو

مظلوم کی فریاد وطن سے محبت اُن کے شعروں میں جھلکتی ہے اور میر صاحب کا ہر لفظ پُر اثر و پُر تاثیر کے زمرے میں آتا ہے، میں نے یہ صنف بہت کم شاعروں میں دیکھی ہے۔ ایک اور پہلو اُن کی شخصیت میں مجھے نمایاں طور پر محسوس ہوتا ہے کہ قدرت نے اُنھیں جن لوگوں کے درمیان اور جس سرزمین پر پیدا کیا، وہ اِن کے عشق میں اپنی ہر سانس گویا قربان کرنے کا عہد کر چکے تھے۔ اس عقیدت کی ایک جھلک آپ ملاحظہ کریں۔

مئے نام ءُ ننگ ءُ بُرزیں شان
مئے ہڈ ءُ گوشت ءُ ھون ءُ ساہ
در آھتگ اچ تئی حاک ءَ
توئے مئے مات و سیریں لاپ
بہ بئے سر سبز ءُ ھم شاداب

جو درد کی صدا مظلوم کے لئے میر صاحب کے شعروں سے آتی ہے شاید ہی کسی اور کے لفظوں میں وہ تاثیر ہو، مہر و وفا کا عکسِ منفرد اپنی سرزمین کے لئے جو اُن کی سوچ میں چمکتا دمکتا دکھائی دیتا ہے وہ رڑن تا قیامت یقیناً جھلکے گا۔ میں کہاں سے لاؤں وہ علم و فراست جو اُن کی سوچ کی صحیح عکاسی کرے کیونکہ میر صاحب کی نظیر نہیں۔ دنیا میں ایسے لوگ بہت کم ہوتے ہیں جو دردِ غربا، فکرِ وطن میں اپنا بچپن جوانی اور بڑھاپا گزار دیتے ہیں ، میر گل خان نصیر کا عہد ہم پر افشا ہے، وہ جسمانی طور پر ہم سے جدا ہیں مگر اُن کی تحریریں، شاعری اور فکر و سوچ ماضی کی طرح، حال اور مستقبل میں میرے اور عوام کے ساتھ رہیں گی۔ میری دعا ہے، خدا ہمیں اُن کی سوچ و فکر کو سمجھنے کی توفیق دے۔

(بشکریہ ماہنامہ بلوچی)

گل خان کی محبت کی شاعری

شوھاز کار: محمد الیاس بلوچ

ایسی مترنم شاعری، اس حتمی وارفتگی اور اتنی عمیق یادیں، میر گل خان میدانی فیوڈل علاقے اور شہری شاعری کی ہر دم شکست خوردگی والی فضاء میں نہیں رہتا۔ بلکہ وہ تو ایک متحرک انسان کا سا پیار کرتا ہے، قبائلی طرز سے اُسے نبھاتا ہے اور شکاری جیسی پھرتی اور دلاوری سے فراق کو گولی مار دیتا ہے۔ بہادری چستی اور لڑکپنے کا مجسم نمونہ دیکھنا ہو تو مندرجہ ذیل کلام دیکھیئے۔

کایاں من پدا کایان
تئی گُلہَ اُو ماہ پیکر
کایاں من، پدا کایان
گوں قدح و گوں ساغر
کایاں من، پدا کایان
چار روچنت گوئزنت دردئے
دِل دوری و اھسر دئے
سیاھتابیں سِدنت جمبرؔ
کایاں من، پدا کایان

تو جانئے تو جانئے
دائم ماں گُمانا نئے
دِلبر تہ بکن باور
تئی گُلہ او ماہ پیکر
کایاں من، پدا کایان
گوں قدح و گوں ساغر
کایاں من پدا کایاں
ہر چوں کہ الاھور شاں
ہچبر نہ فراموشاں
مِسکانیں تئی مہر
تئی گُلہ او ماہ پیکر
کایاں من، پدا کایان
گوں قدح و گوں ساغر
کایاں من، پدا کایان
نودانی چرک و شین
یاتا تئی دِلکشین

کاریت گوں دُن و عنبر	ترجمہ:
تئی کلہ اُو ماہ پیکر	آؤں گا میں پھر ایک بار
کایاں من، پدا کایان	تیرے خیمے میں او ماہ پیکر
گوں قدح و گوں ساغر	آؤں گا میں پھر ایک بار
کایاں من، پدا کایان	قدح کے ساتھ ساغر کے ساتھ
شپ روت سیاہموشین	آؤں گا میں پھر ایک بار
کئیت روچ طِلا پوشین	درد کے چار دن ہیں گزر جائیں گے
مَلاں چوں جڑیں ھومر	دل جلنے اور آہ سرد کے
گلہ اُو ماہ پیکر	سیاہ بادل چھٹ جائیں گے
کایاں من، پدا کایان	تیرے خیمے میں او ماہ پیکر
گوں قدح و گوں ساغر	آؤں گا میں پھر ایک بار
کایاں من، پدا کایاں	
اَمل لالین	تو جان ہے جاناں ہے
تئی دُرگالین	دائم شک میں ہو
شیئرَانی چِتہ دفتر	دلبر تو یہ کر باور
کلہَ اُو ماہ پیکر	قدح کے ساتھ ساغر کے ساتھ
تئی گلہ اُو ماہ پیکر	آؤں گا میں پھر ایک بار
کایاں من، پدا کایان	
گوں قدح و گوں ساغر	میں جتنا بھی مدہوش ہوں
من پدا کایاں	ہرگز یہ نہیں بھولوں گا
	تیرے خیمے میں او ماہ پیکر

آؤں گا میں پھر ایک بار
قدح کے ساتھ ساغر کے ساتھ
آؤں گا میں پھر ایک بار

برسات کی ہوا میٹھی
دلکش تیری یادوں کو
لاتی ہے وہ ساتھ اپنے
تیرے خیمے میں او ماہ پیکر
آؤں گا میں پھر ایک بار
قدح کے ساتھ ساغر کے ساتھ
آؤں گا میں پھر ایک بار

جائے گی یہ کالی رات
نکلے گا نیا سورج
اور طرح اِٹھلا کر
تیرے خیمے میں او ماہ پیکر
آؤنگا میں پھر ایک بار
قدح کے ساتھ ساغر کے ساتھ
آؤں گا میں پھر ایک بار
نازوں سے بھری دلبر
تیرا شاعرِ گفتار
شعروں کا لئے انبار
تیرے خیمے میں او ماہ پیکر
آؤنگا میں پھر ایک بار
قدح کے ساتھ ساغر کے ساتھ
آؤں گا میں پھر ایک بار

(اور میر گل خان کا یہ لڑکپنا ۱۹۷۳ء کا ہے اور ایسی خوبصورتی شاعری کی ولادت کوئٹہ میں ہوئی تھی پولیس حوالات میں!)

اور پھر محبت میں تو اُتار چڑھاؤ آتے ہیں۔ ذرا گل خان کی نامرادی، ناکامی، مایوسی، مغمومی دیکھیے!۔ جیل میں محبوبہ یاد آئے تو؟؟

تو چو مِسکا یا عبیر
تئی غماں گاریں نصیر
تو دیرِ و من کئیز ئے تہا
تو کجا او من کجا

ترجمہ:
تم مِثل مشک یا عنبر
تیرے غموں میں غرق نصیر
تو دور ہے اور میں قید میں
تو کُجا اور میں کُجا

میں گل خان کی شاعری میں موجود غمگیت کی

بہت تعریف کرتا ہوں۔ اس طرف توجہ دینے کی ضرورت ہے۔ میرا خیال ہے کہ ایسی رواں مہری شاعری اُس کے ہم عصروں میں بھی نہ تھی اور بعد میں آنے والوں میں بھی نہیں ہے۔ درج ذیل مثال میں اِس نغمگیت کی معراج پیش کرتا ہوں۔ ساتھ ساتھ اس طرف بھی اِشارہ کرتا ہوں کہ اُس کے ہاں بہت بڑی بحر اور بہت مشکل طرح میں بھی کتنی موسیقیت ہے:

حیراں حیراں نشتگ و چاراں، توچے ادائے پیش کنئے
لڈّاں ، لڈّاں کایئے دیما، درد و غما گیش کنئے
ملّاں ملّاں در کفئے سیلا باغ و بہار و پُلّانی
وشاں وشاں پمّی زِرداولیغاں تاب دئے ، دل ریش کنئے

لرزاں لرزاں گپتغاں کنجے من چو مُرید ءَ مستینا
پیچاں پیچاں بیکاں سیاہیں قہر کنے درویش کنئے

نالاں نالاں قہریں شفاں مس، گوں تئی درداں روش کنا
کنداں کنداں صحبا پُر سے ، چونیں حالے ، ایش کنئے

نِنداں نِنداں شیئر نیا نیت، جز بگ و درد بیار نصیر
کایاں کایاں کئیت خیالے ، پکر و سَتَر اندیش کنئے۔

ترجمہ:

حیراں حیراں بیٹھا دیکھوں تو کیا ادائیں پیش کرے
اٹھلا اٹھلا آتی ہو، درد کو بڑھاتے غم کو بڑھاتے

ہنستے ہنستے کٹار و خنجر میرے بدن کے پار کرے
پے در پے تم وار کرے ہو دل کو ہمارے ریش کرے

اٹھلا اٹھلا سیر پہ نکلو باغ و بہار گلشن میں
شیریں روح کے میرے درد و غم کو نیش کرے

لرزاں لرزاں کُنج گرا ہوں مست مُرید کی مانند میں
پیچاں کالی زلفیں تیری قہر تو مجھ درویش کرے

قہر شبوں میں نالوں نالوں درد سے اسے صبح کروں
ہنستی ہنستی صبح کو پوچھو، کیسے ہو تم، عیش کرو

بیٹھو بیٹھو شعر نہ آئیں، لاکوئی جذبہ درد نصیر
خیال تو آتے آتے آئے، خواہ جتنا خیر اندیش کرو

اللہ اکبر۔ کم علمی بلکہ نیم علمی تو کفر سے ہمکنار کرتا ہے۔ اب میں سمجھا کہ میں ، بطور قوم، اس قدر

پسماندہ کیوں ہوں، ہٹ دھرم اور انا پرست کیوں ہوں، مجھ میں اعتدال کیوں نہیں ہے۔ میں اس قدر فتوے باز کیوں ہوں؟۔ بھئی اس لئے کہ میں گل خان نہیں پڑھتا۔

آیئے گل خان کو پڑھیئے، (آدھا نہیں مکمل):

بیلاں ! من و دل اتکوں چہ راہ ہے
لرزتاں من، دل کشتہ آ ہے

من گشت اللہ! دل گشت چیئے
من گشت پلے ، دل گوئشت ماہ ہے

من گشت آسے، دل گشت زرابے
من گشت سوچیت، دل گشت ساہے

من گشت نیرے، دل گشت گروگے
من گشت برئمشے، دل گشت برا ہے

من گشت تیرے، دل گشت خنجر
من گشت بلے، دل گشت گاہے

من گشت دردے، دل گشت سکّین
من گشت درمان، دل گشت نگاہے

من گشت جی دل، دل گشت جی جان!
من گشت نصیر آں، دل گشت تباہے

ترجمہ:

دوستو! میں اور دل آرہے تھے
کانپ گیا میں، آہ نکلی دل سے

میں نے کہا اللہ، دل نے کہا کیا ہے؟
میں بولا گل ہے دل بولا ماہ ہے

میں بولا آتش ہے، دل بولا یہ سمندر
میں بولا جھلسائے، بولا جاں ہے

میں بولا نور ہے یہ بولا دل بجلی ہے
میں بولا چمکی دل دل بولا حُسن ہے

میں بولا تیر ہے یہ دل، دل بولا سخت
میں بولا درمان دل نے کہا نگاہ ایک

میں بولو جی دل، دل بولا جی جان
میں بولا نصیر ہوں، دل کہا تباہ ہو

کچھ ایسا ہوتا ہے حُسن، کچھ ایسا کرتا ہے حُسن،

نعرے بازی کے عمومی ماحول سے گزرنے کے بعد میں حیران تھا کہ گل خان محبت کیے بنا اتنا بڑا دانشور اور شاعر کیسے بن سکا!! ۔ ملک الشعرا بننے کے لئے تو دل چاہیے ہوتا ہے ۔...... ہمارا آپ کا نہیں، عاشق کا:

سنگے نہ دل، نہ شیشگے ،اچ بے وفا پُرشیت چون۔

ترجمہ:

دل نہ سنگ ہے نہ شیشہ بے وفا سے کیسے ٹوٹے

دل کے ساتھ ساتھ محبوبہ چاہیے ہوتی ہے اور محبوبہ بنانے والی نگاہ چاہیے ہوتی ہے۔ اور ان سب نعمتوں کے اظہار کی نعمت بھی چاہیے ہوتی ہے۔ ہم آپ ہر روز کتنے حسین چہرے دیکھتے ہیں، اُن کی تعریف بھی کرتے ہیں۔ مگر ایسی تعرف جو گل خان نے اپنے دل کے ساتھ مکالمے کی ہے وہ تو وہی کر سکتا تھا۔

میر گل خان کی محبت کی شاعری کے بیانیہ کی طوالت سے بچنے کیلئے اُس کی مہری شاعری کے عنوانات پیش کرتا ہوں:

توے، اومان، نیرئے برُمش، گُل ستا، آزار، آس زہیرانی ، ترانوذ بیارنت، میلبانی بو، نازانی ، سُمومری، نگار، حیرانیں دل، من و دل، تئی ناما، گوہر ترپیں، اِستار، دوشی، تو کجا و من کُجا، مہ گُل، شکاری ،نظر سکّیت ، پرتہ زہیراں، پُرشیت چون، تئی داستاں بہ بیت، بیکانی رندغا، گریوانیں دل ، ماہ لقا، شکرناز ، بیا بیا منی دلدار، پُرنگیں مہپری، دیستاں پریا، بادشاہ آنہی، چمانی ٹپ، توتل، گُمانانی مئیل ،الہام، کجایئے ،لڑیں گپتار، گُلپوش، گُج انت ، لہڈی، ٹیٹل تراہس، کئیے؟ کایاں مس پداکیاں، نہ زانئے بزاں، مناں زہیر بیشہ، بے مہریں لقا، کجیں کوتر، یار جانی، بیاہ او مہپری، گیر اراں، مائخانہ بہ گند، دیدار تئی بیشہ، شالئے گواث، کئے زانت، مہرئے کشار، ہنکینئے پُھ، دل زہیرانی، گمانے گوہر۔

حوالہ جات۔

۱۔ منیر عیسیٰ، گل خان نصیر عِیات۔ ماہتاک بلوچی، دسمبر ۱۹۸۶ء ۔صفحہ ۶۳
۲۔ کچکی ۔ یوسف ، گل خان نصیر کی شاعری ، ایک جھلک۔ غیر مطبوعہ مواد سے
۳۔ (بشکریہ ماہنامہ وژنری)

☆☆☆☆

میر گل خان نصیرؔ

کی منتخب اُردو اشعار

خواب میں دیکھا

مَیں نے کل رات خواب میں دیکھا
مَن چلے اَپنے جام دُرّک کو
گُرَ مُو کے عظیم بیٹے کو
نغز گو، خوش مقال شاعر کو
ایستادہ درخت کے نیچے
سائبانِ عظیم کے نیچے
جس کی گھمبیر اور گھنی شاخیں
چارسُو پھیلتی ہوئی شاخیں
ایک آزاد زندگی کی امین
مست و سرشار، جُھومتی ہوائیں
سربلند اِس قدر کہ سر اُس کا
عرش کے کنگروں کو چُھوتا تھا
اور نیچے تھی ایک جوئے آب رواں
شکّر و شہد کی طرح شیرین
مُتّصل ایک تختِ پُرتمکین
مخملیں نرم فرش پر جس کے
مُتمکّن تھی حُور پیکر ایک
یا کہ اُترا تھا چودھویں کا چاند
ایک رعنائی مجسّم نے
پھونک رکھا تھا چار سُو اَفسُوں
کالی کالی گھٹائیں گیسُو کی
زُلفیں بَل کھاتی ناگنوں جیسی

اور بلوچی کٹار تھے اَبرُو
ناک ستواں اِلف کی رعنائی
ہَرنی جیسی کاجلی آنکھیں
دہنِ تنگ، نَو شگفتہ کلی
جو نسیمِ سَحر کے جھونکوں سے
لہلہاتی ہو، مُسکراتی ہو
ہونٹ تھے برگِ گُل سے نازک تر
اور دندان رشکِ مروارید
بطِ مینا صراحئ گردن
انگلیاں شِنز(۱) کی کونپلوں کی طرح
تھا لباسِ حریر حُلّہِ خُلد
جس کی ہر آن تھی بہشتِ نظر
حُلّہِ خُلد میں رُخِ اَنور
گوہر تابدار تھا گویا
بے نیازانہ ناز کا جادُو
غمزہ و عشوہ کا مُدھر سنگیت
متناسب گُداز جسم لئے
شانِ محبوبیت سے جلوہ گر
مرکزِ عشقِ جام دُرّک نے
دِل نشیں نظم چھیڑ رکھی تھی

....

ا۔ایک خاردار جنگلی جھاڑی۔

نغز گو، خوش مقال دُرّک کی
شعر، سحرِ حلال تھے گویا
راگ جادُو جگائے دیتا تھا
مَیں نے آہستہ سے سلام کیا
اور، جادُو بیان دُرّک نے
کی پذیرائی میری، پھر مجھ سے
پُوچھے حالات ساری دُنیا کے
جیسے اَحوال پُوچھتے ہیں بلوچ
دل بھر آیا تو مَیں نے عرض کیا
اَے مِرے شاعرِ گراں مایہ
حال دُنیا کا گُفتنی تو نہیں
جتنی قدریں تھیں سب ہُوئیں تلپَٹ
ہَوسِ زر نے کردیا اندھا
زر ھے میزان اور پیمانہ
اب تو اِنساں کو تولنے کے لئے
آدمیت کو ناپنے کے لئے
اب نہ توقیرِ عِلم و دانش ہے
اَب ہنر کی نہ کوئی پُرسش ہے
جنسِ بازار بن کے رہتے ہیں
اہلِ زر کے مطیع ہوتے ہیں
کوئی عالم ہو یا کہ دانش وَر
عِلم کو بیچنے پہ ہے مجبور
عِلم جو بیچتا نہیں اَپنا
بن کے رہتا ہے وہ سدامقہوُر

کھیت مزدور کی طرح بدحال
جیسے بدحال کوئی چرواھا
نیم عریاں، برہنہ پا، بیکس
اور نانِ شبینہ کو محتاج
اَپنا خونِ جگر ہی پیتا ہے
اور دِل ہی میں طیش کھاتا ہے
اہلِ زر، صاحبانِ ثروَت پر
جو ہیں جونکیں، سماج کی جونکیں
خُون محنت کشوں کا پیتے ہیں
بھیڑیے ہیں، نہنگ و اژدر ہیں
خوار و بے آسرا غریبوں کو
سرِ بازار کھائے جاتے ہیں
ہڈّوں اور خُون سے اُن کے
مال و دولت سمیٹ لیتے ہیں
شاعرِ نغزگو نے جب یہ سنا
ہوکے حیران، دم بخود سا ہوا
بعد وَقفے کے مجھ سے پھر پُوچھا
حکمرانانِ وقت کی بابت
مَیں گلوُ گیر ہوکے کہنے لگا
حاکمان جہاں کی کیا کہیئے
وہ ہیں سرمایہ دار خون آشام
ان کے دَلاّل، ظلم کے پُتلے
رات دِن جن کے کارخانوں میں
ڈھلتے رہتے ہیں آتشیں ہتھیار

برق آسا مُہیب طیّارے
آبدوزیں نہنگ کی مانند
ہر سمندر میں گشت کرنے کو
حشر ساماں عظیم میزائیل
دُور تک جن کی مار ہوتی ہے
حشر بردوش اَیٹمی ہتھیار
جن سے وہ جب بھی چاہیں عالم کو
دیکھتے، دیکھتے مِٹا ڈالیں
اور پَس ماندہ جو بھی قومیں ہیں
اُن کو آزادیِ وطن کے عَوض
حشر سامان اَسلحہ سارے
مہنگے داموں مُہیّا کرتے ہیں
اور احسان بھی جتاتے ہیں
سامراجی گماشتے ہر سُو
فتنہ پردازیوں پہ ہیں مامُور
ان کی ہر چال ہے لڑانے کی
توڑ جس کا نظر نہیں آتا
اَمن کے مُدّعی ہیں ظاہر میں
اور باطن میں شر کے محور ہیں
اپنی آسائشوں کی دُھن میں سدا
تیل اور خام حاصلوں کے لئے
ایشیا بھر کے مرغزاروں میں
آگ بھڑکا رہے ہیں چار طرف
جس میں جلتی ہے ایک خلقِ خُدا

اور خود بیٹھے عیش کرتے ہیں
فتنہ جو شاہِ رُوم کی مانند
شاعرِ نغز گو ہوا حیران
بعد لمحے کے یُوں ہوا گویا
''میں نے آنکھوں سے خود بھی دیکھا ہے
کارنامہ عظیم انسان کا
ارضِ خاکی سے ایک سیّارہ
برق آسا بلند ہوتا ہُوا
اِس خلائے بسیط میں جولان
عرشِ اعظم کے کنگروں کی طرف
پھر وہ اِنسانِ عاقل ودانا
جس کو ایسا کمال حاصل ہے
کیسے بن سکتا ہے، ذرا سوچو
اتنا وحشی کہ بھائیوں کا لہو
مئے گلگوں کی طرح پی جائے
اور آباد بستیاں اپنی
یوں جلاکر تباہ کر ڈالے
ہے سمجھ سے یہ بات دُور بہت''
بااَدب میں نے عرض کی اُن سے
معاف کیجئے میرا طویل بیان
جاگزین جب سے دِل میں انسان کے
ذاتی میراث کا خیال ہُوا
ہَوسِ زر نے کردیا اَندھا
فطرتِ آدمی نے سیکھ لیا

اپنے ہی بھائیوں کا اِستحصال
سو طرح کی خبیث چالوں سے
اور آخر وہ وقت بھی آیا
ماہر اقتصادیات نیا
پردۂ غیب سے ہوا پیدا
ایک صحیفہ نیا دیا جس نے
نوعِ آدم کی زندگی کے لئے
اِک بشارت نئی معیشت کی
جس میں ممکن نہ کوئی استحصال
مارکس نے آ کے دورِ نو کے لئے
کام پیغمبرانہ کر ڈالے
توڑ دیں بیڑیاں غلامی کی
جبر کی، بے بسی کی، کُلفت کی
اور اِنسان کو راہ بتلا دی
بھائی چارے کی، اَمن و ہستی کی
اور اعلان کر کے اُس نے کہا
سارے محنت کشوں، غریبوں سے
''ساری دُنیا کے اُٹھو مزدورو!
متحد ہو کے جد و جہد کرو
بیڑیاں اپنی توڑنے کے لئے
بورژوازی کے ساتھ لڑنے میں
کبھی مزدور کچھ نہیں کھوتا
اپنے ہاتھوں کی ہتھکڑی کے سوا''
روس کی مملکت بعزمِ بلند

اپنے لینن کی رہنمائی میں
حوصلہ، اعتماد و جرات سے
اسی رستے پہ چل پڑی جس کی
مارکس نے یوں نشان دہی کی تھی
اور بنادی بہشت دنیا میں
نہیں جس میں عذاب اِستحصال
نہ ہی میر و اَمیروخان کا ڈر
اور اُن کے نہ نوکروں کے سِتم
نہ وہ دَلاّل ہیں نہ وہ ٹھگ ہیں
جو دِلی دوست بن کے آتے تھے
بڑے تاجر، حکیم و کارِیگر
بڑے مُلاّ و پادری موٹے
تھے جو سرمایہ داروں کے دَلاّل
مختلف رنگ کے لبادوں میں
لب پہ نامِ خُدا،مسیح کا نام
دِل میں مکرو فریب وعیاری
ملک سے سب کو کردیا خارج
روس کی پاک سرزمین بے شک
جو ہے محنت کشوں کی جائے پناہ
اَمنِ عالم کا پاسبانِ قوی
اس کے دہقان اور جری مزدُور
راہِ لینن پہ گامزن ہوکر
بڑھ رہے ہیں بہت ہی تیزی سے
علم وحکمت میں فکر ودانش میں

ماہِ رخشان انہوں نے جو پھینکا
نیلگوں آسماں کی وسعت میں
ایک محور پہ جس کی گردش نے
ساری دنیا کو کردیا حیران
اور سرمایہ دار جلنے لگے
آگ میں کینہ وحسد کی تمام
سگِ دیوانہ کی طرح ہرسُو
کاٹ کھانے کو دوڑے پھرتے
چاہتے ہیں کہ سونے چاندی سے
ساری دنیا میں آگ بھڑکا دیں
اور جلا ڈالیں سارے عالم کو
اپنی لُوٹ اور مُنفعت کے لئے
مسکراہٹ اِک آئی پیاری سی
جام دُرّک کے پیارے چہرے پر
پیٹھ پر ہاتھ پھیر کر میری
پیار و شفقت سے مجھ سے پوچھ لیا
قوم اور مادرِ وطن کا حال
''کیا کِیا گردشِ زمانہ نے
بانکے شمشیر زن دلیروں سے؟''
دِل ناکام کرکے قابُو میں
روک کر آنسُوؤں کو آنکھوں میں
گھونٹ دِل کے لہُو کا پی کر ،پھر
عرض کی میں نے'' دوَرِ گردُوں نے
توڑ دی ہے کمربلوچوں کی

ملک برباد کر کے بیٹھے ہیں
آنسوؤں کی لڑی بہاتے ہیں
گھنی داڑھی پہ اور مُونچھوں پر
عقل ودِل کو لڑا کے چاہتے ہیں
مسئلوں کو وہ اپنے حل کردیں
تیرنے کی اُنہیں نہیں ہمت
سرخ دریا کی گرم موجوں میں
پڑتا ہے رہ میں جو دلیروں کے"
''معاف کرنا'' کہا یہ دُرّک نے
شاعرانہ زباں کے مالک نے
''ایک پتھر جو چاہ میں گر جائے
اور اس پر اگر گزر جائیں
سالہا سال چاہ کے اندر
ریزہ ریزہ کبھی نہیں ہوگا
نہ ہی گُھل جائے گا وہ پانی میں
اس طرح سے بلوچِ دانہ دُر
دوَر کی گیرودار میں ہرگز
نہیں ہوگا کپٹ(۱)، نہ زنگ آلُود
سُرخ(۲) و اَلماس کی طرح ہے بلوچ
جیسے سونے کو زنگ نہیں لگتا
اور اَلماس پیٹ میں جاکر
زہر بنتا ہے مار دیتا ہے
اس طرح سے بلوچِ صحرا گرد
نہیں کھوتا کبھی صفات اپنی

حُرِّیت اور سرفروشی کے......

جانتا ہوں مَیں۔ نوجوان بلوچ

ننگ وناموس کے یہ رکھوالے

آخر اِک دن گھروں سے نکلیں گے

ساتھیوں سے وہ سرفروشی کا

ایک رِندانہ عہد کرلیں گے

اور قومی حقوق کی خاطر

شرط پر اپنے سر لگا دیں گے

کامیابی و کامرانی کی

عنبرین، مشک بیزو کیف آگیں

نکہتِ جانفزا بکھیریں گے

اور وطن میں بہار آئے گی

نیک نامی وشاد کامی کی''

جب کُھلی آنکھ تو نہ تھا کچھ بھی

جام دُرّک نہ اس کا محبوبہ

جیل کی کالی کوٹھڑی تھی وہی

اور تھے ساتھیوں کے خرّاٹے

ooo

....

ا۔میلا،داغدار۔ (۲)۔سونا۔

پیاری سمند گھوڑی

میری سمندِ[1] برق پا
جیسے چھلاوا ہو کوئی
پرسوں میں نے دوستو!
باگیں جو اس کی تھام لیں
بازار سے (گھر کی طرف)
پویا، اُچھلتی، کودتی
شوریدہ سر گھوڑی چلی
اِس دم تصوّر نے مرے
مدہوش مَستوں کی طرح
تاریں مِلا دِیں دُور کی
بیکار ہے پیاری سمند
اس طرح چاروں پَیر پر
تیرا اُچھلنا، کودنا
اَب کوئی دیکھے گا نہیں
تیرے خرامِ ناز کو
اَب ریل گاڑی بھی اگر
سیٹی بجاتی پاس سے
گزرے کوئی دیکھے نہیں

....

۱۔زردی مائل۔

لاری بھی، موٹر کار بھی
اب دیکھنے کی شَے نہیں
لوہے کے وہ بحری جہاز
اور وہ ڈبکنی کشتیاں
جو تیرتی ہیں روئے آب
اور زیرِ آب مثلِ نہنگ
ان کی بھی اَب وقعت نہیں
اور وہ مشین پرواز کی
جنگی بھی اور بمبار بھی
اُڑتی ہے جو مثلِ عقاب،
اور وہ بھی جس پر لوگ بھاگ کر
کرتے ہیں دُنیا میں سفر
ان کو بھی کوئی ان دِنوں
خاطر میں لاتا ہی نہیں
سب کے اڑائے ہوش ہیں
تارے نے رُوسی فتح کے
اِنسان کا دیکھو کمال
پھینکی ہے کِس تدبیر سے
اب چاند پر اس نے کمند
کرکے عناصر قبضہ میں
اب اُن سے لیتا کام ہے
رُوسی بہادر قوم نے

عوام کی سرکار نے
محنت کشوں کے یار نے
اِس گردشِ سیّارہ سے
دُنیا پہ ظاہر کردیا
محنت کشوں کی جیت کو
اِس سے چڑھا کالا بخار
سرمایہ داروں کو بہت
اُن رہزنِ اقوام کو
آتے ہیں بھاگم بھاگ جو
اپنے منافع کے لئے
ساتوں سمندر پار سے
بن کر یہ ظاہر غمگسار
لیکن، یہ باطن ٹھان کر
آتا ہے پھر رہزنی
بے ہوش ہے وہ اِن دِنوں
اور ایک ناگن کی طرح
غصّے سے ہے درپیچ وتاب
رُوسی ستارے نے مگر
جوگی، سپیرے کی طرح
ناگن کے مُوذی مُنہ میں اب
کچھ دانت چھوڑے ہیں نہ زہر
غُصّہ نہ کر پیاری سمند

کچھ میری اِس گفتار پر
یُونہی چلے چل دشت میں
اِس وادیٔ بے آب میں
اِن کوہساروں میں جہاں
اِک روز ہم کو بھی، کبھی
مل جائے گا موقع کوئی
ہم ظلم واستبداد سے
غاصب کے استحصال سے
ٹکّر بھی لے لیں گے ضرور
یہ قول ہے، اس کو نصیرؔ
ہرگز نہ توڑے گا کبھی

ooo

شہد و گلاب

چنگاری پڑی دِل میں کہاں سے نہیں معلوم
سونے کے ہیں شعلے سے کہ چاندی کے دھوئیں سے
محنت کے پسینے کی یا اُس دھار سے چھوٹی
محنت کش و مزدور کی بہتی ہے بدن سے
دہقان کی بیٹی کے یا اشکوں کی لڑی سے
جو بھوک سے بہہ بہہ کے گھلا دیتی ہیں اس کو،
زخموں سے ابلتے ہوئے اس جھاگ سے خُوں کے
بہتا ہے جو آفت زدہ لوگوں کے بدن سے،
ساربانوں کے چرواہوں کے یا پیٹھ و کمر کے
چھالوں سے پڑے داغوں کی دِل دوزتھپک سے

چنگاری ہے، البتہ نہاں اُس میں ہے ایسا
اِک شعلہِ جوّالہ جو دُنیا کو جلادے
میں اپنے مگر دِل میں اُسے پال رہا ہوں
اور اس کو ہوا دیتاہوں اشعار سے اپنے

تا آنکہ بھڑکنے لگے اور تاؤ میں آئے
اور پھر اُسے ماڑی و محلّات پہ پھینکوں
یوں برق و شہاب اُن پہ گرے اور جلادے
بچ جائیں نہ سامراج کے دلّال، وطن فروش
نئے خان و نواب اور نہ جاگیروں کے مالک
حاصل ہو نجات ان کے عذاب اور جفا سے
مزدور و فلاکت زدہ اَبنائے وطن کو
اِس طرزِ خطابت پہ نصیرِ سخن آرا
ہے شہد و گُلاب اَب ترا ہر مصرعہِ رنگین

ooo

جرگہ

ہماری شومیٔ قسمت کی ایک تصویر ہے جرگہ
بلوچوں کو مٹانے کی یہ اِک تدبیر ہے جرگہ

اگر ٹھہریں تو سر پہ تیشہِ سردار آتا ہے
اگر بھاگیں تو کیسے؟ پاؤں میں زنجیر ہے جرگہ

یہ جرگہ دشمنِ آئین قانون و شریعت ہے
ہمارے واسطے اِک دوزخی تعزیر ہے جرگہ

زندگی پھڑکتی ہے

مغرب کو لُڑھک رہا ہے سورج
اور سرخ ہے بادلوں کی رنگت
اِس وقت ستم رسیدہ دل پر
کرتی ہیں ہجوم چند یادیں

گُل پیرَھنانِ سرو قد کی
اُن مول ہے جن کی دِل رُبائی
اُن ماہ جبیں دلبروں کی
خوشبوئیں زبادِا کے بسے ہیں
جن کے سیاہ عنبریں گیسُو

ان سلسلہ بند بستیوں کی
بازار کی سی ہے جن میں رونق
اُن بانکے، چھبیلے سرکشوں کی
ہے قوم و وطن کو ناز جن پر

ان کوہ و کمر کی، دور سے جو
آتے ہیں نظر غبار آلُود
سر سبز و حسیں وادیوں کی
شاداب و وسیع ہیں جن کے دامن

....

اِ۔ایک خوشبُو

چشموں کی جوئیں شفاف و بھر پور
آئینہ مثال و جلوہ افروز
اُن چاھچوں[1] کی، جن کا پانی
نمکین بھی ہے اور کم بھی

اَے میرے وطن مُقدس و درخشاں
اَندھیاریوں اور آندھیوں میں
تو مجھ کو بہت ہے یاد آتا

جب چاندنی رات جُھولتی ہے
مَیں تیرے حسین تصوّروں میں
کھوجاتا ہوں دِلفگار پہروں

جب ہوتا ہے ضوفشاں سُورج
تپتا ہے تیرا خیال دِل میں
اور ساتھ بلورِیں آنسوؤں کا
اُٹھتا ہے اُمَڈ کے ایک طوفاں

وہ زندگی، زندگی نہیں ہے
عزّت سے نہ جو بَسر ہو
رنگیلی دَھنک کو بادلوں میں
اَندھا نہیں کوئی دیکھ سکتا

....

ا۔ پہاڑی ندیوں میں چھوٹے چھوٹے کنوئیں۔

آزادی کا راستہ کٹھن ہے
دیتا ہے مَسل دل و جگر کو
کمزور دِلوں کے واسطے، تو
دشوار ہے بہت اور خطرناک
یہ کام ہے عاشقوں کا، جن کے
رگ رگ میں تڑپتا، جوش کھاتا
ہے، سُرخ لہُو دل و جگر کا
بے ساختہ کُود پڑتے ہیں وہ
کانٹوں میں ببول، تھوہڑوں کے
آزادی تو گرم و سُرخ خون سے
آبیاریِ کاشت کا ثمر ہے
جو ایک اُجاڑ سرزمیں پر
خونابۂ دِل سے پھوٹتا ہے
جب دِل میں مِرے خیال تیرا
آتا ہے تو زیستِ رنج و ربر
لگتی ہے بِدکنے مجھ سے اس دَم

یاد اُن رفیقوں، دوستوں کی
جن کا ہے مقام میرے دل میں
ڈس لیتی ہے جسمِ نیم جاں کو
یہ زندگی، اَے نصیؔر درچین
مردوں کے لئے جَری و بیباک
اِک کھیل ہے بس بہادری کا

ooo

خُدا نے ؟

میرے خیالوں کے آسماں پر
کبھی جو بجلی سی کوندتی ہے
عجیب لگتا ہے مجھ کو اُس دم
یہ کار گاہِ جہان اَپنا
نہ راستہ سامنے ہے اپنے
نہ کوئی رہبر نہ رہنما ہے

یہ قوم اپنی بھی قوم کیا ہے
غریب اور بادیہ نشیں ہے
پہاڑوں، صحراؤں، وادیوں میں
بدوؤں کی طرح گھومتی ہے
یہاں پہ اِک دن، وہاں پہ دم بھر
ٹھہرتی ہے، اور پھر وہاں سے
روانہ ہوتی ہے گرتی، پڑتی
گھسیٹتی اپنی زندگی کو !!

جہاں کی قوموں نے ہاتھ ڈالے ہیں
اب ستاروں پہ ، اور شب و روز
وہ اڑتے پھرتے ہیں آسماں پر
مگر یہاں، اِس زمیں پہ دیکھو

کیا ہے یُوں خوار کِس نے ہم کو
کہ رات دِن، درد بن کے ہم پر
اُمنڈ کے آتے ہیں تلملاتے
خُدا نے ؟ لیکن بُرائی اُس کی
وہ کونسی ہے جو ہم نے کی ہے
غریب و مظلوم لوگ ہیں ہم
بدی بھی کیا کرسکے ہیں آخر
طعام کیا کھا سکے ہیں اس کے
خزانے کیا لے سکے ہیں اس کے
ہماری نانِ جویں کی خاطر
بھلا وہ آشفتہ ہم سے کیوں ہو

وہ سُوکھی روٹی ملے بھی کیسے
اگر اُسے ڈھونڈھنے کو دو دِن
بھٹکتے پھرتے رہیں جو بھوکے
تو ہاتھ آئے گی ایک دِن کی
جو ساتھ سالن کے کھائیں اس کو
تو دشتِ ویراں کی وسعتوں میں
بجا ہم لاتے ہیں شکر اس کا

اگر وہ پھر بھی ہے ہم سے ناخوش
تو یُوں سمجھ لو کہ آپ وہ بھی

ہے اِن اُمیروں کے ساتھ شامل
اُچکّے، سیٹھوں کا راہ بر ہے
غریب لوگوں کی زندگی کو
خراب و تلخاب کررہا ہے

وہ چونکہ صدقے ہیں اس کو دیتے
سجاتے رہتے ہیں اس کے گھر کو
حریر وسنجاب و مال و زر سے
علاوہ اِس کے
کھلاتے رہتے ہیں بیشتر وہ
شیوخ و فقرا کی فربہی کو
غلیظ و گندے ہیں پھر بھی ان کو
خدا کے وہ دوست مانتے ہیں

جو مُفت کی کھاتے ہیں تبھی تو
بڑی ہی مستی میں ناچتے ہیں
فریب سے، مکر سے ، دَغل سے
ہزاروں لوگوں کو لُوٹتے ہیں
ہزاروں، لاکھوں کے ہیں وہ مالک
مگر وہ پھر بھی ہیں مضطرب سے
مزید دولت سمیٹنے کو
مگر کھٹکتی ہے بات یہ بھی

خدا جو خالق ہے اس جہاں کا
نہیں کوئی بات اس کی کھوٹی
اسی جہان کُہن کو دیکھو
مُدام تازہ ہے نَو بہ نَو ہے

یہ نرم و نازک ہوا کے جھونکے
یہ ندی نالوں کا میٹھا پانی
یہ کرنیں خورشید کی سنہری
یہ چاند کی ضوفشاں سی چاندی
نہیں ہے کوئی بھی ان کی قیمت
ہر ایک کے واسطے ہیں یکساں
یہ نُور کے دلفریب کنگن

خدا کی سب نعمتیں جہاں میں
زمیں کے نیچے ہیں یا کہ اُوپر
وہ مُفت اِنسان کے لئے ہیں
تو اَیسے جود و سخا کا مالک
بخیل و کنجوس ہوگا کیسے

نہیں، نہیں میرے پیارے ساتھی
ان پُونجی والوں کے ساتھ ہرگز
رضائے مولا نہیں ہے شامل

فریب و غارتگری میں ان کے
نہ شاہ و میرو اَمیر کے ساتھ
خدا ہے شامل برائیوں میں
یہ خود ہی خونخوار، لالچی ہیں
بناتے رہتے ہیں یوں بہانے
یہ کیسے ممکن ہے حق تعالیٰ
بُروں کا دے ساتھ اس طرح سے

یہ خود غرض، بے حیا، لُٹیرے
خدا کو لاتے ہیں درمیاں میں
جفاؤں پر پردہ ڈالتے ہیں
اسی کا پھر نام لے کے یہ سب
جہاں میں غارتگری ہیں کرتے

ہمارے دُکھ درد و خستہ حالی
نہیں خدا کی طرف سے آئے
نہ ہم پہ رنج و اَلم کے ریلوں کا
لانے والا، خدا ہے، ساتھی!
یہ سب کرشمہ رہا ہے ان کا
اِنہوں نے ہی کردیا ہے ہم کو
خدا کی سب نعمتوں سے محرُوم

خود اُن پہ قابض ہیں اور ہم سے
وصول کرتے ہیں قیمت اُن کی

انہوں نے ہی ہم کو کردیا ہے
تباہ و برباد و خوار ایسا
کہ کوہ و صحرا میں، وادیوں میں
ہُوئے پریشان و منتشر ہم
انہوں نے صدیوں سے ہم کو لُوٹا
نہ جانے کتنی ہی پیڑھیوں سے
یہ لُوٹتے ہی رہے ہیں ہم کو

یہ سامراجی گماشتے ہیں
یہی ہیں دَلّال سامراجی
یہی ہیں قوم و وطن کے غدار
یہی ہیں حاکم ہمارے اب تک

رہیں گے جب تک یہ اِس وطن میں
وطن رہے گا تباہ ہمارا
رہیں گے جب تک یہ ہم پہ حاکم
ہم ہونگے برباد و خوار اَیسے
رہیں گے جب تک یہ ہم پہ قابض
رہے گی تاریک اَپنی دنیا

بس ایک نانِ جویں کی خاطر
رہیں گے پھیلاتے ہاتھ اپنے

ہمارے دُکھ درد و خستگی کا
یہی مداوا ہے ایک، ساتھی!
کہ ان کی بنیادیں اس زمیں سے اُکھاڑ پھینکیں
یہ بورژ وازی ہے ایک طبقہ
سیاہ کاروں کا اس جہاں میں
بس اُن کے تابُوت میں رفیقو!
اب آخری کِیل بڑھ کے ٹھونکو

تم آسماں کی طرف نہ دیکھو
زمین ٹھکانا ہے اپنا، ساتھی!
زمیں پہ ہی قبر ہوگی اپنی
خدا کے کاموں سے تم کو کیا کام
خدا ہمیشہ ہے ساتھ اس کے
جو زیادہ زور آور و قوی ہے

ooo

نہ کر پرواہ

زمین ہے سرخ یا ہے سیاہ
نہ کر پرواہ نہ کر پرواہ
انہی اُونچی چٹانوں سے ہے تیری راہ
نہ کر پرواہ، نہ کر پرواہ

ہزاروں پہلے گزرے ہیں
اِنہی پگڈنڈیوں سے، اور
انہی دشوار گھاٹیوں سے
یہاں سے جانتا ہوں مَیں
گزرنا کٹھن ہے
اور ساتھ ہی سرکا زیاں بھی ہے
ہمیں جانا ہی ہے ساتھی!
نہ کر پرواہ، نہ کر پرواہ

ہزاروں لوگ اِن رَستوں سے آخر کو
پھِسل کر گِر پڑے بھی ہیں
ہزاروں لوگ ان رستوں سے آگے بھی
گزر کر جا چکے کب کے
سروں اور ہڈّیوں کا ڈھیر دیتا ہے گواہی
پر، ہمیں جانا ہی ہے ساتھی!
نہ کر پرواہ، نہ کر پرواہ

اگر تو چاہتا ہے یہ وطن ہو
ڈاکوؤں اور رہزنوں سے پاک اور
محفوظ اور مامون
تو آگے بڑھ
کنواں گر سامنے آئے
نہ کر پرواہ، نہ کر پرواہ

نہ اس کو دیکھ تو
اِن سامراجی مُردہ خوروں سے لڑائی میں
کہ کالی رات ہے۔
یا چاندنی ہے۔
ہم کو لڑنا ہی تو ٹھہرا ہے
نہ کر پرواہ، نہ کر پرواہ

یہ بے بنیاد ماڑی
سونے اور چاندی کی اینٹوں سے
ہوئی تعمیر ہے جس کی
گرادی جائے گی اک دِن
اگر ہو چور شہ بھی تو
نہیں ٹھہرے گا، پھر بھی
سامنے مالک کے دم بھر کر
یہ گیدڑ بھبکیاں ہی ہیں
نہ کر پرواہ، نہ کر پرواہ

یہ بُت ٹوٹے گا
جو توپوں سے اور جنگی جہازوں سے
بشر سے سجدہ کرواتا ہے اپنا
بَل پہ طاقت کے
اگر وہ آج ہے بد مست و گمراہ
رہے گا کل نہیں ایسا
نکل جائیں گے بَل اس کے
نہ کر پرواہ، نہ کر پرواہ

نہیں ہوں گے ہمارے واسطے
زندان اور دارو رسن دائم
یہ پکّی بات ہے
اب ظالموں کا آخری دم ہے
نہ لا خاطر میں اب ان کو
نہ کر پرواہ، نہ کر پرواہ

نصیرؔ، حق کے بڑے زندان میں ہے
یکّہ و تنہا
یہ دُنیا جانتی ہے
ایسے وہ اشعار کہتا ہے
ان زنجیروں کی اب ساتھی!
نہ کر پرواہ، نہ کر پرواہ

ooo

دنیا کی ریت

ستارے بادلوں کی اوٹ سے دھندلے سے لگتے ہیں
پھواریں حسرت و اَرمان کی دِل پر بکھرتی ہیں
سمندر گوں، تموّج خیز، طبعِ اضطراب انگیز
دُر و گوھر کی مینہ برساتی ہیں آنسو بھری آنکھیں

قفس میں بند طوطی کی طرح مغموم دِل میرا
بکھیرے ہے سدا، اشعار میں الفاظ کے موتی
مری فکر بلند پرواز، اپنی موج میں آ کر
غمِ فُرقت کے تیروں کو اٹھا کر چوم لیتی ہے

دھند لکے اور تنہائی میں اس سِنگین زِنداں کی
میرے فکر و تخیل پر شعاعِ نُور پڑتی ہے
عجب حالت ہے میرے اس دِلِ بیباک کی یارو!
سیہ راتوں سے اپنی آشنائی بھی نِباہ رہے ہیں

یہ شعلے اور یہ کالی گھٹا ظلم و تعدّی کی
لپکتے اور منڈلاتے ہیں سرتا سر وطن پر جو

نظر اِس ظلم و سفاّ کی پہ جب بھی میری پڑتی ہے
تو میرے تن بدن میں آگ سی لگ جاتی ہے ایسی
کہ جل کر سرخ اَنگارا سا بن جاتا ہے دل میرا

ستم ہوں گے یہ کب تک اور یہ غارتگری کب تک
سروں کی فصل آخر تابہ کئے کٹتی رہے گی یوں
دُعا کو دوستو! اب ہاتھ پھیلاؤ نہیں اپنے
کہ عرضِ مُدّعا سے کام کب سنبھلے گی دُنیا میں

کرو اَب دِل کے ہمراہ ہاتھ بھی اپنے جوانمردو!
کہ اب تو سرخ میداں سے الگ رستہ نہیں کوئی
چٹانوں پر گریں گے سرخ قطرے جب تو دیکھو گے
یہ گُمرہ لٹیرے ہوش میں خود آہی جائیں گے

طریقہ ہے یہی دنیا کا اور دستور بھی یہ ہے
مِلا کرتی ہیں تلواروں سے جنّت اور حوریں بھی
ہمیشہ سے غلامی کی اَلم زار زندگانی پر
حیا کے پاسباں مردوں نے دی ہے موت کو ترجیح

ooo

زِندان کی رات

شب سیاہ رُو، لپکے یادوں کے
دردھائے گِراں کی ٹیس چُبھن
ٹوٹ پڑتی ہے آ کے زندان میں
دِل،تصوّر کا ہمنوا ہوکر
دیکھ لیتا ہے ہر دَم و لحظہ
برقِ فکر و نظر کی کوند، لپک

یاد اُن کی جو دل کو پیارے ہیں
کُھردراہٹ سے دل کو ملتی ہے
زندگی بے بھروسہ لمحہ ہے
اور تنہائی میں نہیں اچھی

رات آتی ہے، پھول جیسا دِل
بُجھ کے پژ مردہ ہوہی جاتا ہے
گہری فکروں کے مَلگجے بادل
اس پہ چھا جاتے اور برستے ہیں
اور کھو جاتا ہے خیالوں میں
اُن گِراں مایہ دوستداروں کے
جو بہت دُور ہیں نگاہوں سے
دل جلا دینے والے اندیشے
اور، فکر و خیال کے وسوسے

آرزوؤں کے موجزن لمحے
ساتھ لے کر، اُمڈ کے آتے ہیں
بن کے دِل دوزنشتر وسُوزن
آرزوے دِل پہ وار کرتی ہے
دردِ فُرقت کے دھندلے گردوغُبار
بن کے ارمان، دل سے اٹھتے ہیں

بند طوطے کی طرح پنجرے میں
دل مچلتا ہے، پھڑ پھڑاتا ہے
جسم درماندہ و پریشاں کو
اور بھی زیادہ یُوں دُکھاتا ہے
جیسے کف بار مَوجیں دریا کی
ایک پیراک کو تھکاتی ہیں

کبھی پوشیدہ اور کبھی ظاہر
ماہ رُو دوست، شیردل ساتھی
جلوے دِکھلاتے ہیں مجھے اپنے
نِگہَ برق دم تصوّر میں
پھر بھی تسکین دل نہیں ہوتی
اور نہ دل کو قرار ملتا ہے
شب سیہ، قبر کی سی تنہائی
شِکَم اژدھائے زِنداں میں
آرزُوؤں کے واسطے بے شک

اِک جہنّم ہے، بلکہ اُس سے بَتر
قاتِل رُوح و دشمنِ جاں ہے

زندگی بھر قبول ہے پھر بھی
ہم کو آزادیِ وطن کے لئے
قید و زندان کی، یہ تنہائی
ہم نے جو مادرِ وطن کے لئے
شرط پر رکھ دیے ہیں سراپنے
اِس کو پایاہے سرفروشی سے
لاج پہ اَپنی کٹ کے مرجانا
شرمگیں زندگی سے بہتر ہے
اس لئے زندگی کو ہم اپنی
کرتے ہیں اپنی آبُرو پہ نثار

آج دل کھوگیا خیالوں میں
اور نصؔیر اس کو، لاڈ کے باوَصف
صبروتسکِین دے نہیں سکتا
گیسوئے شوق کو تصوّر نے
پیار کے دوش پر سنوارا ہے
اور پُر کیف جام، یادوں کا
خواہشوں نے اُسے پلایا ہے

ooo

دانشور و سرمایہ دار

مال و دولت سے کھیلتے ہو تُم
اور روٹی مجھے نہیں ملتی
اِس لئے اپنے آپ کو دانا
اور ناداں مجھے سمجھتے ہو

باوجود اس کے علم کے ہوتے
تم نہیں جانتے مگر، پھر بھی
خود کو عالم شمار کرتے ہو
مَیں کہ ہوں بحرِ عِلم کا تیراک
مجھ کو جاہل خیال کرتے ہو،

عقل تیری گری ہے ایڑی میں
اور سمجھ بوجھ، پیٹ میں تیرے
پھر بھی کہتے ہو خودکو دانِشور
اور مجھے، جو کہ عقل و دانش کا
ایک دریا ہوں، موج زن، پُر جوش
احمقوں میں شمار کرتے ہو،

جا کے دفتر میں بیٹھ جاتے ہو
یا پڑے گھر میں سوئے رہتے ہو
گھومتے موٹروں میں پھرتے ہو
شان سے ماڑیوں میں رہتے ہو
ہر شَے حاصل ہے تم کو بے پایان

کام میں رات دِن جُتا ہوں میں
آنکھیں اَب نیند کو ترستی ہیں
آندھی آئے کہ یا اٹھے طوفاں
پا پیادہ ہی راہ چلتا ہوں

رنگ محلوں میں عیش وعشرت کے
آتی ہے تیرے قہقہوں کی صدا
علم کی بزم ہو کہ سیاست کی
تُم ہی ہوتے ہواُس کے صدر نشیں

مجھ کو علم و کمال کے باوصف
راہ ملتی نہیں وہاں اکثر
دُور سے میں کبھی، بلا خواہش
لغو باتیں تمہاری سنتا ہوں

دل میں تم خود کو جو سمجھ بیٹھو
بات سچ اور صحیح مگر یہ ہے
ٹھگ بھی ہو اور شعبدہ باز بھی ہو
اور مکر و فریب سے پُر ہے
تیری زنبیلِ خود نمائی کی

دھوکہ دیتے ہو تم غریبوں کو
اور بچھاتے ہو دام دولت کے
پھر بتدریج چوس لیتے ہو
تن بدن سے تم اس کا خون تمام
کرکے بے جان پھینکتے ہو اسے

کارخانے بڑے، مِلیں لمبی
تم بناتے تو ہو کروڑوں سے
زیادہ محنت سے مزدکاروں کی
گنج و دولت سمیٹ لیتے ہو،

قومی دولت پہ کرتے ہو قبضہ
اور، سب مال روک رکھتے ہو
نرخ پھر باندھتے ہو منڈی میں

خرچ کرتے ہو چند لاکھوں میں
اور کمالیتے ہو کروڑوں میں
حاکم اور اَفسرانِ عالی جاہ
اور قومی اسمبلی کے وَکیل ا
ہاتھ میں ہوتے ہیں تمہارے سب
اور پھر چاردانگِ عالم میں
بس تمہارا ہی حُکم چلتا ہے

لوگ دیکھیں تمہارے ہاتھوں کو
حاکموں کی نظر ہے جیبوں پر
شاعر و مُلّا، عالم و مُفتی
سب تمہارے ہی حکم کے تابع

تم ہو ایسے فریب کے ماہر
بات جاتی نہیں کوئی خالی
آدمی، ہاں نہیں ہو تُم اچھے
روپ میں آدمی کے شیطان ہو
خون انساں کا چُوستے ہو تُم
تم کو مکاریوں سے کام ہے بس
بھیڑیئے ہو کہ جونک ہو، کیا ہو

لیکن اِنسان نہیں ہو تم ہرگز
چار دن اور عیش کرلو تم
آ گئے اب تمہارے آخری دن
آ رہے ہیں تمہیں مٹانے کو
سرخ پرچم کے پُرغضب ساتھی

تمہیں نابُود و نیست کرنے کو
کس کے باندھی کمر ہے یاروں نے
بے نواہارِیوں، مزدوروں نے
تم کو نابود کرکے چھوڑیں گے
اور گھر بار بھی مٹادیں گے
چاک و چوبند یہ دلیر جوان
سونت کر آبدار شمشِیریں
جب تمہارے خلاف اُٹھیں گے
پاس آکر نصؔیر کے اس دِن
تم یہ کرلو گے خود بخود تسلیم
کہ وہ دانا ہے اور تم نادان

ooo

....

۱۔ مزدور کی بلوچی۔

سیاہیں کلو! سیائیں کلو! ہردیں کہ برتَرّ اِت کت ئے
دوست ءَ منی دُردانگیں دروت و سلاماں سرکن ئے
وشّ انت موجانی نصیؔر بیلاں گوں سرباز و یلیں
گندئے نوا دوست مہولیں، توماں دل ءَ نگراں مہ بئے
وش کوش بیت گرمیں لوار، سیاہیں زمستان بیت بہار
بیت روژنا دنز و تہار ، سیاہی نبیت دائم شپ ءِ
ہرچون بچنڈ یت گلزمین ، ہرچون بچرّ یت آزمان
توچو وتن، دلبر من ءَ ہچبر پراموش نہ بئے

نیادے گوں شئے مُریدءَ

چاکرتئی دوست ءَ پُل اِت، چمّا دِگہ دِنگاں وَتن
تو سر پہ شیدائی شُت ئے، ما پیہناں زِندانگین
اِشت ئے وَتن پہ مکّہ ءَ، لُوچیں مَلنگاں گوں شُت ئے
مئے مکہّ و مات اِنت وَتن، نئیلوں وَتن دُردانگین
پَرک ہِچ نہ اِنت مئیگ وتئی، درد ءَ و زِرد ءِ آچش ءَ
تو حانل ءِ اِشک ءِ گنوک، ما پہ وَتن دیوانگین
پُلّیں مُرید! پُلّیں مُرید!، بیا گوں پکیری باتن ءَ
گوش دار شیرَاں شکلّیں، گُشتگ نصیر دِرِ زانگین

Directorate of Electronic Media & Publications

ڈائریکٹوریٹ آف الیکٹرانک میڈیا اینڈ پبلیکیشنز
وزارت اطلاعات، نشریات وقومی ورثہ
حکومت پاکستان اسلام آباد

Printed by: Creative Printers, Blue Area, Islamabad